بلغ العلیٰ بکمالہ کشف الدجیٰ بجمالہ

کشف روحانی جنتری

2019

آپ کے مسائل اور پریشانیوں کا روحانی حل

قیمت 100 روپے

مفت تحائف

- سورہ انعام کے وظائف
- 2019 (3) مشتری کا سال
- انگوٹھی کی 18 اقسام
- مشتری کا نوٹ FREE!
- کھجور سے علاج
- لوح خوش قسمتی FREE!
- لوح انعامی بانڈ
- نگینہ عقیق FREE!
- زندگی کی لکیر (پامسٹری)
- ہم وزن صدقات
- اسم اعظم (نام کے مطابق)

2019ء آپ کے لیے کیسا رہے گا

www.syedkashifkhalil.blogspot.com

Kashfrohane Jantry

Syed Kashif Khalil

www.youtube.com/channel/UCKhpqEN_5dPn1g-ckrCdTGg

سیّد کاشف خلیل M.B.A L.L.B

ماہر مخفی و روحانی علوم مدیر کشف روحانی جنتری

کالم نگار انٹرنیشنل میگزینز (اکلٹ سائنسز ایکسپرٹ) ٹی وی چینل پروگرامز

ادارہ کشف روحانی 323 کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور Cell: 03008083509, 03334502187

100فیصد اصل نگینے

ادارہ کشف روحانی سے 100% اصل گارنٹی شدہ
نگینے مناسب ہدیے پر حاصل کریں

لوح عطارد (تعلیمی)

امتحان، تعلیم میں کامیابی، کند ذہنی، دماغی کمزوری کے خاتمے، ذہانت میں اضافے کے لیے

لوح زحل

نحوست، گردش، سازمرستی، ڈھیا، بندش، رکاوٹ، پریشانی کے خاتمے کے لیے ایک نایاب لوح

لوح سفر

بیرون ملک سفر، حصول ویزا، امیگریشن، سفر میں رکاوٹ دور کرنے کے لیے ایک باکمال لوح

سات سیاروں کی لوح

ساتوں سیاروں کی نحوست کے تدارک کے لیے ایک منفرد جامع لوح

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کشف روحانی جنتری 2019

سرپرست اعلیٰ

پیر سیّد خلیل احمد شاہ

(ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

بیاد

حضرت پیر سید عجائب علی شاہ وجوہی قادری رحمتہ اللہ علیہ
حضرت پیر سید محمد عبداللہ شاہ وجوہی قادری رحمتہ اللہ علیہ
حضرت پیر سید نور محمد شاہ وجوہی قادری رحمتہ اللہ علیہ
حضرت پیر سید محمد بخش المعروف سید محمد شاہ وجوہی قادری رحمتہ اللہ علیہ

چیف ایڈیٹر:

سید کاشف خلیل شاہ

MBA, LLB

ڈپٹی ایڈیٹر:

سیدہ فرزانہ کوثر

ادارتی کونسل: ڈاکٹر عین الحق، شاہد محمود صادق، باسط علی بخاری

مارکیٹنگ منیجر: احسن نثار بٹ

سرکولیشن انچارج: فہد علی

قانونی مشیران

کبیر احمد چوہدری ایڈووکیٹ ہائی کورٹ
چوہدری محمد علی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ
سید علی اویس ترمذی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ
چوہدری افضال احمد ایڈووکیٹ ہائی کورٹ

مشاورتی کونسل

پروفیسر صفدر حسین رضا بخاری (ماہر روحانی و مخفی علوم)
خالد نجیب خان (فیملی میگزین)
نوشین نقوی (ARY ٹی وی)

قیمت 100/ روپے

ادارہ کشف روحانی
323 کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور
(نزد اللہ والی مسجد بالمقابل یونین کونسل آفس سٹریٹ نمبر 9)
Facebook: Kashfrohane Jantry
Web: syedkashifkhalil.blogspot.com

اوقات ملاقات (وقفہ نماز)

صبح 11 تا شام 7 بجے

فون پر وقت لے کر تشریف لائیں

03008083509
03334502187

یا اللہ (اے معبود 66)

ہر کام میں آسانی کے لیے بعد نماز 100 بار پڑھیں۔

حمد باری تعالیٰ

نظر کا یہ پردہ جہاں تک اٹھایا
تمہارا ہی جلوہ ہر اک سمت پایا

یہ ندیا کنارے چمکتے ستارے
یہ کس انہیں اتنا دلکش بنایا

تو ہی حرف اوّل تو ہی حرف آخر
جہاں میں ہر اک شے پہ تیرا ہی سایہ

تری رحمتوں کا سہارا ہے ورنہ
زمانہ ہمیں مار دیتا خدایا

مری مشکلوں کو تو آسان کرنا
مرے سر پہ رکھنا سدا اپنا سایہ

ترا شکر کاشف ادا کیوں نہ کرتا
ترے فیض سے اس نے کیا کچھ نہ پایا

کلام: سید کاشف خلیل



نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

دلوں میں مدینہ بسا لیجئے گا
کہ اپنا سفینہ بچا لیجئے گا

درودوں سلاموں کی محفل سجا کر
یہ بکھرا سا جیون سجا لیجئے گا

زمانے کے غم ہوں یا ہو روز محشر
انہی کو سہارا بنا لیجئے گا

ہمیں بھی طلب محبت کی آقا
ہمیں بھی مدینے بلا لیجئے گا

رسولؐ اور خدا کا کرم ہو میسر
تو کردار اپنا بنا لیجئے گا

تقاضائے عشق نبیؐ ہے یہ کاشف
کہ حکموں پہ سر کو جھکا لیجئے گا

کلام: سید کاشف خلیل

دعا

مرے اللہ رحم کر دے رحمتوں کے واسطے
دور ہو جائیں سبھی کی مشکلوں کے مرحلے

تیرا کاشف کر رہا ہے اپنے دل سے یہ دعا
کر عطا اپنے کرم سے جو ہیں تجھ سے مانگتے

دعاگو: سید کاشف خلیل

یا اللہ (اے معبود 66) یہ اسم اعظم ہر مرض میں شفاء کے لیے 100 بار ورد کریں۔

سورہ انعام ہر مقصد میں کامیابی کے لیے

تحریر و تالیف:
سید کاشف خلیل

حدیث مبارکہ ہے جب سورہ انعام اتری تو آپؐ نے بے ساختہ سبحان اللہ کہا پھر فرمایا "اللہ کی قسم یہ سورہ پہنچانے کے لیے اتنے فرشتے آئے کہ ان کے ہجوم سے آسمان کے کنارے ڈھک گئے ہیں" ہر مقصد مراد میں کامیابی کے لیے سورہ انعام بمعہ ترجمہ کم از کم ایک رکوع روزانہ پڑھنا معمول بنائیں۔

سورہ انعام کے فضائل وظائف و روحانی اعمال

سورہ انعام کا شان نزول وتعارف:

عربی میں الف پر زبر کے ساتھ لفظ "انعام" سے مراد چوپائے ہیں۔ یہ لفظ انعام نہیں ہے۔ اردو میں لفظ انعام کے الف کے نیچے زیر ہوتا ہے۔ جبکہ عربی میں انعام کے معنی جانوروں چوپاؤں کے ہیں۔

سورہ انعام کے آخری حصے میں جانوروں مویشیوں چوپاؤں کا ذکر و احکام بیان کئے گئے ہیں۔ اس لیے اس سورہ مبارکہ کا نام "سورہ انعام" رکھا گیا ہے۔

سورہ انعام قرآن پاک میں ترتیب کے لحاظ سے چھٹی سورہ ہے۔ سورہ انعام قرآن کے سیپارہ نمبر 7 میں ہے۔

یہ سورہ مبارکہ مکہ میں نازل ہوئی اور بیک وقت نازل ہوئی۔ سورہ انعام آپؐ کے مکی دور کے آخری حصے میں نازل ہوئی

سورہ انعام کا بیک وقت نزول:

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت کے مطابق یہ سورہ مکہ میں بیک وقت نازل ہوئی۔ ایک اور روایت میں حضرت معاذ بن جبل کی چچا زاد بہن اسماء کہتی ہیں کہ جب یہ سورہ مبارکہ نازل ہو رہی تھی اس وقت آپ اونٹنی پر سوار تھے۔ میں اس کی نکیل پکڑے ہوئے تھی اور بوجھ کے مارے اونٹنی کا حال یہ ہو رہا تھا کہ معلوم ہوتا تھا کہ اس کی ہڈیاں ٹوٹ جائیں گی۔ دیگر روایات کے مطابق جس رات یہ سورہ مبارکہ نازل ہوئی اس رات آپؐ نے اسے قلمبند کرا دیا۔

آسمان فرشتوں سے ڈھک گیا:

سورہ انعام بہت برکات و شان والی سورہ مبارکہ ہے۔ حدیثؐ مبارکہ ہے کہ جب سورہ انعام اتری تو آپ نے بے ساختہ سبحان

اللہ کہا اور پھر فرمایا اللہ کی قسم یہ سورہ پہنچانے کے لیے اتنے فرشتے آئے ہیں کہ ان کے ہجوم سے آسمان کے کنارے ڈھک گئے ہیں۔

70 ہزار فرشتوں کی تسبیح:

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا سورہ انعام ایک ہی بار (یکجا) نازل ہوئی۔ اور اسکے ساتھ 70 ہزار فرشتے بھی تھے اور اسکی تسبیح 70 ہزار فرشتوں نے کی۔ بس اسکی تعظیم و تکریم کرو۔

70 بار اللہ کا نام:

حضرت امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں کہ سورہ انعام میں 70 بار اللہ کا نام موجود ہے اگر لوگ اس کی تلاوت کے ثواب و برکات جانتے ہوتے تو اسے کبھی نہ چھوڑتے۔

تلاوت سے شہیدوں کا ثواب:

حضور پاکؐ نے فرمایا جو کوئی سورہ انعام کی تلاوت کرے گا ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ اس کے نامہ اعمال میں شہیدوں کے برابر جمع ہوگا۔

70 ہزار فرشتوں کا قیامت تک استغفار:

حضرت امام جعفر صادقؓ اور حضرت امام رضا نے فرمایا کہ سورہ انعام بہت سے فضائل بیان کیے ہیں۔ آپ کے بقول جو اس سورہ مبارکہ کی تلاوت کرے گا 70 ہزار فرشتے قیامت تک اسکے لیے استغفار کرتے رہیں گے۔

مہلک مرض میں شفا:

حضرت امام باقرؒ نے فرمایا اگر کوئی شخص مہلک مرض میں مبتلا ہو تو وہ سورہ انعام کی تلاوت کرے تو اس مرض سے نجات پائے گا۔

دشمن سے بچاؤ:

اگر کوئی سورہ انعام گلاب و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو اسے دشمن نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

سانپ بچھو موذی کیڑوں سے بچاؤ:

اگر کوئی شخص سورہ انعام کی آیات (1 تا 4) سفید برتن میں پر لکھ کر اسے پانی میں گھول کر یہ پانی گھر کے چاروں کونوں میں چھڑک دے اس گھر سے سانپ بچھو موذی کیڑے بھاگ جائیں گے۔

حضور پاکؐ نے فرمایا 'جو شخص یہ آیات صبح کے وقت پڑھے تو 70 ہزار ملائکہ اس پر موکل ہو جائیں گے جو ہر قسم کی تکلیف سے اسکی حفاظت کریں گے اور اسکے نامہ اعمال میں نیکیاں درج ہوں گی۔'

غصہ سے نجات:

اگر کسی شخص کو بہت غصہ آتا ہو تو سورہ انعام کی آیت نمبر 13 بکثرت صبح تو شام ہر آیت پڑھے گا تو اللہ اسے شفا دے گا۔

آفتوں مصیبتوں سے بچاؤ:

اگر کوئی شخص کسی مہینے کے شروع میں سورہ انعام کی تلاوت کرے گا تو اس پورے مہینے میں تمام آفتوں اور مصیبتوں سے محفوظ رہے گا۔ جو عام طور پر آتی رہتی ہیں۔

تمام بیماریوں سے حفاظت:

اگر کوئی سورہ انعام مشک و زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر وہ پانی سات دن تک متواتر پیتا رہے گا تو اللہ اسے تمام بیماریوں سے محفوظ رکھے گا۔

خیر کثیر پائے:

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا اگر کوئی سورہ انعام مشک و زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر 6 دن تک متواتر پیے گا وہ خیر کثیر پائے گا۔

جانوروں و مویشیوں کو شفا:

انعام کے معنی مویشی چوپائے وغیرہ ہیں اس کی وجہ سے سورہ مبارکہ جانوروں کے امراض میں بھی بہت مفید اور شفائی اثرات رکھتی ہے۔ دودھ دینے والے جانور کم دودھ دے رہے ہوں یا دودھ بند ہو گیا ہو یا بلاوجہ مختلف بیماریوں کا شکار ہو رہے ہوں۔ مویشیوں کے تمام جملہ امراض کے لیے سورہ انعام بہت بہترین ہے۔

گائے بکری بھیڑ یا گھوڑوں کے فارم میں سورہ انعام کی تلاوت بمعہ ترجمہ لگائیں۔ اور سورہ انعام آٹے کے پیڑے ہر دم کر کے جانور کو کھلائیں انشاء اللہ تمام مسائل حل ہوں گے۔

مویشی جانور رکھنے والے افراد کو اکثر مشکل کا سامنا رہتا ہے کہ کسی بیماری کی وجہ سے یا بغیر کسی وجہ کے پراسرار طور پر جانور مرنے لگتے ہیں۔ دودھ میں خون آنے لگتا ہے یا دودھ کم ہو جاتا ہے۔ ان حالات میں سورہ انعام لکھ کر گھوڑے یا مویشی کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

جہنم سے بچاؤ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو شخص ہر رات سورہ انعام کی تلاوت کرے گا تو وہ قیامت کے دن آمنین میں سے ہوگا اور کبھی جہنم میں نہیں جائے گا۔

فتح و کامیابی کے لیے:

جو کوئی سورہ انعام اس نیت سے 42 دفعہ پڑھے گا کہ اسے جو بھی مہم ہے اسے کے لیے کافی ہو تو مہم حل ہو گی۔ اگر مخالفین کا لشکر آئے گا تو اسے فتح پائے گا یہ عمل 7 دن متواتر کرے۔

بیماریوں میں شفا:

جو کوئی سورہ انعام کی تلاوت کرے گا وہ بیماریوں اور آنکھوں کے جملہ درد سے محفوظ رہے گا

حاجت پوری ہو:

اگر کوئی 40 بار سورہ انعام تلاوت کرے گا اور پھر دعا مانگے تو جو بھی حاجت ہوگی پوری ہوگی۔

بیمار کو شفا ملے:

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو شخص کسی بیمار آدمی پر سورہ انعام پڑھے گا تو اللہ اسے شفا دے گا۔

مردانہ قوت کے لیے:

اگر کوئی شخص سورہ انعام کی آیت 17 صبح نماز کے بعد 100 بار اور عشاء کے نماز کے 141 بار پڑھے گا تو اسے مردانہ قوت ملے گی۔

صلح و امن کے لیے:

اگر کوئی سورہ انعام کی آیات (84 تا 89) کاغذ پر لکھ کر اور جھگڑا کرنے والوں کے نام لکھ کر پاس رکھے تو انشاء اللہ جلد دونوں میں صلح ہو جائے گی۔

نظر کی کمزوری:

اگر کسی کو نظر کی کمزوری کا شکایت ہو تو وہ 2 یا 3 دن کا روزہ رکھے اور دودھ اور شکر سے روزہ افطار کر کے پھر آدھی رات کو یہ آیت (سورہ انعام آیت 36) دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر لکھ کر چاٹ لے فائدہ ہوگا۔

دعا قبول ہو:

نماز عشا یا تہجد کے بعد سورہ انعام کی آیت نمبر 124 (100) بار تلاوت کر کے اور حصول حاجات کے لیے دعا کریں۔ انشاء اللہ دعا قبول ہوگی۔ آمین۔

قید/جیل سے رہائی کے لیے:

قیدی ہر نماز کے بعد سورہ انعام کی آیت نمبر 164 (100) بار پڑھے انشاء اللہ رہائی نصیب ہوگی۔

لوح فرمانبرداری

لوح فرمانبرداری اولاد کو اپنے حق میں کرنے اور فرمانبردار رکھنے کے لیے ایک مخصوص روحانی عمل ہے۔ بہت سے بچے بیرون ملک جا کر والدین کو بھول جاتے ہیں بعض تو ان سے رابطہ رکھنا بھی بند کر دیتے ہیں۔ بچے اپنی زندگی میں اسقدر مگن ہو جاتے ہیں کہ والدین کی خبر تک نہیں لیتے۔

بعض اوقات اولاد غلط راستوں کا انتخاب کر کے بے راہ روی، نشہ، بدعادات کا راستہ اختیار کر لیتے ہیں۔ والدین سے لڑائی جھگڑا کرنا معمول بنا لیتے ہیں۔ ان حالات میں اولاد کو راہ راست پر لانے کے لیے اور فرمانبردار بنانے کے لیے لوح فرمانبرداری بہترین عمل ہے۔

لوح دھات پر 5000 لوح کارڈ پر 3000 روپے

علاج بالغذا

کھجور سے علاج

تحقیق وتالیف:
سید کاشف خلیل

کھجور کا شمار دنیا کے قدیم ترین پھلوں میں ہوتا ہے۔ کھجور کو جنتی میوہ کہا جاتا ہے۔

قرآن پاک میں تقریبا 20 مقامات پر کھجور کا ذکر کیا گیا ہے۔ سورہ بقرہ، سورہ کہف، سورہ طہ، سورہ شعرا، سورہ یونس، سورہ ق، سورہ القمر، سورہ الرحمٰن، سورہ الانعام میں خاص طور پر کھجور کا ذکر کیا گیا ہے۔

قرآن پاک سے پہلے صحائف میں بھی کھجور کے بارے میں بیان کیا گیا ہے۔ توریت اور انجیل میں تقریبا 50 بار کھجور کا ذکر ہے۔ قدیم روایات کے مطابق حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کی چھت پر کھجور کے تنے اور ٹہنیاں استعمال کی گئیں تھیں۔

بہت سی احادیث میں کھجور کی افادیت اور اہمیت واضح کی گئی ہے۔ ایک حدیث مبارکہ میں آپؐ نے فرمایا "کھجور جنت کا پھل ہے یہ زمین پر جنت سے آیا ہے۔ بالخصوص عجوہ قسم کی کھجور جنت کا ایک میوہ ہے۔

حضورؐ پاک نے فرمایا کہ ہر روز 7 کھجور کھانا صحت اور تندرستی کیلئے مفید ہوتا ہے۔

کھجور سے بیماریوں کا علاج:

1- صحت وتندرستی کیلئے:

حضورؐ پاک نے فرمایا صبح 7 کھجوریں صحت و تندرستی کے لیے مفید ہے۔

2- زہر سے بچاؤ:

ایک حدیث پاکؐ کے مطابق آپ نے فرمایا جو شخص روزانہ صبح 7 کھجوریں کھا لیتا ہے وہ صبح سے شام تک ہر طرح کے زہر سے بچا رہتا ہے۔

3- مخصوص بیماریوں کا علاج:

حضور پاکؐ نے عورتوں کو بھی کھجوریں کھانے کی تلقین فرمائی ہے۔ کھجور عورتوں کو کئی مخصوص

بیماریوں سے محفوظ رکھتی ہے۔

4- بھوک کا خاتمہ:

حضور پاکؐ کا فرمان ہے۔ جس گھر میں کھجور ہوگی اس گھر کے لوگ بھوک نہیں رہیں گے

5- خون کی صفائی:

کھجور میں خاصیت ہے یہ خون کی صفائی کرتی ہے اور خون میں فاسد اشیاء کو ختم کرتی ہے۔

6- تازہ خون پیدا:

کھجور کھانے سے جسم میں تازہ خون پیدا ہوتا ہے۔ خون کی کمی دور ہوتی ہے۔

7- جگر معدہ کو طاقت:

کھجور میں خوبی ہے کہ یہ جگر اور معدے کو قوت و طاقت دیتی ہے۔

8- فالج لقوہ میں افاقہ:

فالج لقوہ کے مریض کو کھجور کھانے سے بہت افاقہ ہوتا ہے۔

9- گردوں کی طاقت:

گردوں کی طاقت بڑھانے اور گردوں کی فعالیت کو بہتر کرنے کے لیے کھجور ایک بہترین غذا و دوا ہے۔

10- کھانسی کا شافی علاج:

ہر قسم کی کھانسی کے علاج کے لیے کھجور موثر غذا ہے۔ کھجور بلغم خارج کرتی ہے۔

11- دمہ خشک کھانسی:

کھجور کھانے سے دمہ اور خشک کھانسی کی شدت میں کمی آجاتی ہے۔ بتدریج استعمال رکھنے سے مرض میں شفا نصیب ہوتی ہے۔

12- اندرونی بیرونی ورم (سوجن):

کھجور کھانے سے اندرونی بیرونی ورم درست ہو جاتے ہیں۔

13- ہاضمہ کی درستگی:

نظام ہضم کو درست رکھنے کے لیے کھجور کھانا بہت مفید ہے۔ کھجور خود بھی جلد ہضم ہوتی ہے اور نظام انہضام کو بھی طاقت دیتی ہے۔

14- گیس/ ہوا کا خاتمہ:

کھجور پیٹ کی گیس کو ختم کرتی ہے۔

15- قبض کا خاتمہ:

کھجور کو دودھ کے ساتھ کھانے سے ہر طرح کی قبض ختم ہو جاتی ہے۔

16- وزن میں اضافہ:

وہ لوگ جن کا وزن کم ہو اور اپنا وزن بڑھانا چاہتے ہوں روزانہ ایک پاؤ کھجور کھائیں اور ایک کلو دودھ پئیں (یا چند کھجوریں دودھ کے گلاس میں ڈال کر

پئیں)۔

17- چہرے کی رنگت میں نکھار:

کھجور کھانے سے انسانی رنگت میں نکھار پیدا ہوتا ہے۔ جلد ملائم اور صاف و شفاف ہوتی ہے۔

18- مثانہ کی کمزوری:

اگر کسی کو مثانہ کی کمزوری ہو تو روزانہ چند دانے کھجور کھانا معمول بنالیں۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

19- آنتوں کی بیماریوں میں شفا:

آنتوں کی سوزش یا بیماریوں میں شفا کے لیے دودھ کھجور کا اکٹھے استعمال کریں۔

20- پیٹ کے کیڑے:

نہار منہ کھجور کھانے سے پیٹ کے کیڑے ختم ہو جاتے ہیں۔

21- پیشاب کھولنے کے لیے:

کھجور پیشاب آور ہے۔ اس سے کئی پیشاب کی بیماریاں میں شفا ہوتی ہے۔

22- کمر کی مضبوطی:

کھجور طاقت ور میوہ ہے جو کمر کو مضبوط کرتا ہے۔

23- پیاس کی تسکین:

کھجور میں خوبی ہے کہ یہ بھوک اور پیاس میں تسکین دیتی ہے۔

24- سانس کی بیماریوں میں شفا:

کھجور کھانا سانس کی بیماریوں میں بہت مفید و موثر ہے

25- جنرل ٹانک:

کھجور کو ایک جنرل ٹانک کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ کھجور کا باقاعدہ استعمال آپ کو ہر قسم کے ملٹی وٹامن جنرل ٹانک سے بے نیاز کر دے گا۔

26- پسلیوں کا درد:

اگر کسی کو پسلیوں کا خاص درد قولنج ہو تو باقاعدگی سے چند دانے کھجور کھانے کی عادت بنائیں۔ انشاء اللہ شفا نصیب ہوگی۔

27- آنتوں کی صفائی:

کھجور کھانے سے معدے اور پیٹ کے مختلف قسم کے زہر باآسانی خارج ہو جاتے ہیں۔ کھجور میں خاص طاقت ہے کہ یہ آنتوں کی صفائی کر دیتی ہے

28- سلاد اور کھجور:

کچی سبزیوں (سلاد وغیرہ) کے ساتھ کھجور شامل کر کے کھانے سے جسم کو بھرپور توانائی اور طاقت حاصل ہوتی ہے۔

29- پیٹ کی گیس خارج:

اگر گیس کی وجہ سے کسی کا پیٹ بند ہو گیا ہو تو ایسی کیفیت میں کھجور کے 10 دانے کھانے افاقہ ہو جاتا ہے

30- حاملہ کے لیے توانائی:

حاملہ خواتین اپنی توانائی و طاقت قائم رکھنے کے لیے مناسب مقدار میں کھجوریں دوران حمل کھائیں (نوٹ: زیادہ نہ کھائیں)۔

31- مردانہ طاقت کے لیے:

کھجور مردانہ قوت باہ میں اضافے کے لیے بہت موثر پھل ہے۔ چند دانے کھجور روزانہ ناشتے کے ساتھ کھانے سے مردانہ کمزوریاں ختم ہو جاتی ہیں

32- دانتوں کی مضبوطی:

کھجور کی گٹھلی کو پیس کر اس کا منجن (پاؤڈر) بنالیں۔ یہ منجن دانتوں مسوڑھوں کی مضبوطی صفائی کے لیے بہترین ہے۔

33- آنکھوں کی جلن:

اگر کسی کو آنکھوں میں جلن کا مسئلہ ہو یا آنکھوں سے پانی آتا ہو تو کھجور کی گٹھلیاں پیس کر سرمہ بنالیں اور رات کو یہ سرمہ آنکھوں میں لگائیں۔ بفضل تعالیٰ شفا ہو گی۔

34- موتیا سے بچاؤ:

چند کھجوریں لے کر ان کی گٹھلیاں نکال لیں اور ان کا پیسٹ بنالیں۔ گٹھلیوں کو پیس کر ان کا پاؤڈر پیسٹ میں ڈال کر مکس کر لیں۔ روزانہ یہ پیسٹ کھائیں۔ انشاء اللہ موتیا کے مرض میں مستقل طور پر بچاؤ ہو جائے گا۔

35- دل کے امراض:

ہر طرح کی کھجور کو اسکی گٹھلی سمیت پیس کر کھانا دل کے امراض میں شفا ہے۔

36- بدہضمی کا علاج:

اگر کسی کو شدید بدہضمی ہو تو کھجور کی تین گٹھلیوں کو رگڑ کر سونف کے عرق کے ساتھ کھا لینے سے بفضل تعالیٰ افاقہ ہو گا۔

37- سردی گرمی کی کھانسی:

ہر طرح کی سردی گرمی کی کھانسی کو روکنے کے لیے کھجور کو شہد کے ساتھ یا کھجور کو روغن زیتون کے ساتھ ملا کر کھانے سے 2-3 دن میں انشاء اللہ افاقہ ہو جائے گا۔

38- دست بند کرنے کے لیے:

اگر دست بند نہ ہو رہے ہوں تو کھجور کی گٹھلی کا پاؤڈر بنالیں اور اس پاؤڈر کو گیلا کر کے کھائیں دست آنے بند ہو جائیں گے۔

39- پتھری خارج:

جدید تحقیق کے مطابق خشک کھجور چھوہارے کھانے سے پتھری میں ریزہ ریزہ ہوکر خارج ہوجاتی ہے

40- ماہواری کھل کر آئے:

اگر کسی عورت کو ماہواری/حیض رک رک کر آئے تو وہ خاص دنوں میں چھوہارے گرم دودھ کے ساتھ کھائے۔

41- پیدائش میں آسانی:

بچے کی پیدائش میں آسانی کے لیے پیدائش کے وقت حاملہ کو 8-10 چھوہارے آدھا کلو دودھ میں ابال کر کھلائے جائیں تو بچے کی پیدائش میں آسانی ہوجاتی ہے۔

42- سینے اور پھیپھڑوں کے امراض:

اگر کسی کو سینے اور پھیپھڑوں کا کوئی مرض ہو تو چھوہارے دودھ والی سویوں کو ابال کر کھائیں۔

43- لقوہ فالج کا علاج:

لقوہ فالج کے مریض کو دودھ میں ابال کر چھوہارے کھلائیں۔ انشاءاللہ افاقہ ہوگا۔

44- کھجور کشمش کا شربت:

قدیم روایات کے مطابق بیت اللہ (خانہ کعبہ) میں ہر سال آنے والے زائرین کو کھجور اور کشمش کا شربت پیش کیا جاتا تھا۔ کھجور کی گٹھلیاں نکال کر کھجور کا پیسٹ بنایا جاتا تھا اور اس میں کشمش کا پیسٹ شامل کر کے شہد اور پانی وغیرہ میں گھول کر شربت کھجور و کشمش تیار کیا جاتا تھا۔ یہ شربت بہت طاقت ور ہوتا ہے اور تھکن کمزوری ختم ہو جاتی ہے۔ انسان خود کو بہت توانا محسوس کرتا ہے۔

45- بچوں کی گھٹی:

حضور پاکؐ نے نوزائیدہ بچوں کو کھجور کی گھٹی دینے کی بھی تلقین فرمائی ہے۔ حضرت عبداللہ بن زبیر جب پیدا ہوئے تو حضور پاکؐ نے کھجور کو اپنے منہ میں نرم کر کے انہیں چٹایا تھا۔

46- کھجور سے افطاری:

روایات کے مطابق حضور پاکؐ کھجور ہی سے روزہ افطار کرتے تھے۔

47- کھجور کی طاقت:

کھجور میں وٹامن سی، کیروٹن، فولاد، گلوکوز کی اچھی مقدار کے ساتھ میگنیشم ہوتا ہے کھجور بلحاظ تاثیر گرم اور تمام میوہ جات میں سب

سے زیادہ حرارے فراہم کرتی ہے۔

48- قدرتی مٹھائی:

آج کل مصنوعی کیمیکل سے تیار کردہ میٹھی اشیاء (چاکلیٹ، ٹافیوں، گولیوں، بوتلوں) سے صحت کے بہت سے مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔

کھجور قدرتی مٹھائی ہے۔ عام طور پر رمضان کے مہینے میں بطور ثواب کھجور کا استعمال کیا جاتا ہے۔ لیکن رمضان کے بعد کھجور کھانے پر کوئی توجہ نہیں دی جاتی ہے۔ بہتر ہے کہ کھجور کو روز مرہ زندگی میں بطور غذا استعمال کرنا معمول بنا لیا جائے

49- کھجور کا روزانہ استعمال:

ایک ریٹائرڈ سرکاری افسر نے اپنی صحت کا راز بیان کرتے ہوئے بتایا کہ میں نے گھر کبھی کھجور کو ختم ہونے نہیں دیا۔ جب بھی میٹھے کو دل چاہا مصنوعی میٹھے کے بجائے قدرتی میٹھا (کھجور) کے ایک دو دانے کھا لیے۔ بفضل تعالیٰ کھجور کے باقاعدہ استعمال سے مجھے جسم میں بہت توانائی محسوس ہوتی ہے

50- کھجور کا درخت باعث برکت:

گھر میں برکت کے لیے کھجور کا درخت اگائیں۔ قرآن پاک اور احادیث میں بارہا کھجور کا ذکر کیا گیا ہے۔ عربوں میں رواج تھا کہ وہ خوشی کے موقع پر کھجور کی بڑی بڑی ٹہنیوں اور پتوں کو لہرایا کرتے تھے۔ حضور پاکؐ جب ہجرت کر کے مدینے تشریف لائے تو مدینہ کے لوگوں نے ٹہنیاں جھلا جھلا کر آپ کا استقبال کیا۔

لوح وصولی

اگر آپ کے کسی دوست عزیز یا کسی شراکت دار یا کسی کمپنی ادارے نے رقم دبا رکھی ہے یا رقم بطور قرض لی تھی یا کسی کاروباری انویسٹمنٹ یا کسی کام کے لئے لی تھی اور حسب وعدہ رقم واپس نہیں کی تو ایسی ڈوبی ہوئی رقم کی وصولی کے لئے لوح وصولی ایک مجرب عمل ہے رقم دبانے والا یا انکار کرنے والے کے دل میں ایسی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے کہ وہ بے چین ہو کر رقم ادا کرنا چاہتا ہے۔ خود رابطہ کرتا ہے یا اپنا ارادہ یا واپسی کا وقت بتا دیتا ہے لوح وصولی ایک انتہائی مجرب الجرب عمل ہے یہ لوح فوری اثر دکھاتی ہے بفضل تعالیٰ جلد اسباب پیدا ہو جاتے ہیں۔

لوح وصولی قرض

اگر کسی نے قرض کی رقم آپ سے لی اور اب دینے سے انکاری ہے تو کہ لوح مبارکہ ایسا روحانی عمل ہے جس کے ذریعے اس فرد کے ذہن و دل پر ایسے اثرات مرتب ہوتے ہیں کہ وہ از خود قرض ادا کرنے کے لیے آمادہ ہو جاتا ہے۔

لوح دعوات پر 5000 روپے
مدیہ لوح کارڈ پر 3000 روپے

آپ کا لکی نگینہ، انگوٹھی، لاکٹ

سورہ رحمٰن میں اللہ تعالیٰ نے نگینوں کو اللہ کی نعمت قرار دیا ہے۔ پوری دنیا میں مختلف مسائل مشکلات کے حل کے لیے ان نگینوں کے برکاتی و روحانی مسائل سے مدد لی جارہی ہے۔ مختلف بیماریوں میں شفاء نگینوں کا استعمال صدیوں سے بزرگان حکماء کرتے رہے ہیں۔ زیر نظر مضمون میں ملک کے معروف ماہر جواہرات (جیم سٹون ایکسپرٹ) سید کاشف خلیل نے نگینوں کے مختلف مادی و روحانی طبی اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے انگوٹھیوں اور لاکٹ کی کئی اقسام بیان کی ہیں۔

(۱) برتھ سٹون/ انگوٹھی/ لاکٹ

یہ انگوٹھی آپ کی تاریخ پیدائش (date of birth) کے مطابق تیار کی جاتی ہے۔

پوری دنیا میں ڈیٹ آف برتھ کے مطابق لکی سٹون کی انگوٹھی لاکٹ کو پہنا جاتا ہے۔ اگر آپ کو اپنی درست تاریخ پیدائش اور وقت پیدائش معلوم ہے تو پیدائشی زائچہ (Birth Chart) تیار کر طالع برج (Acendent) معلوم کیا جاسکتا ہے اور طالع برج کے مطابق ہی برتھ سٹون نکالا جاتا ہے

زائچہ پیدائش



مثلاً نازیہ علی کی تاریخ پیدائش 1-12-1980 ہے اور وقت پیدائش صبح 9 بجے ہے جبکہ جائے پیدائش لاہور ہے۔

چنانچہ نازیہ علی کا زائچہ پیدائش تیار کیا تو معلوم ہوا کہ زائچہ کا طالع برج ''برج جدی'' ہے چنانچہ نازیہ علی کا برتھ سٹون گارنٹ ہے۔

DoB 1-12-18=1980

Side Time 16:41

-1200

04:41

ToB 9:00 AM

13:41

DoB (LHR) 03

13:38

چنانچہ نازیہ علی کے طالع برج جدی ستارہ زحل (Satrun) ہے۔ اس لحاظ سے گارنٹ (سپر فائن) کی برتھ انگوٹھی/ لاکٹ تیار کی جائے گی۔

ہدیہ برتھ سٹون انگوٹھی/ لاکٹ =/4000

4 مفت تحائف: (1) برتھ سٹون انگوٹھی/ لاکٹ کے ہمراہ (2) بذریعہ زائچہ استخارہ ایک سوال کا جواب مفت (3) مشتری کا برکاتی نوٹ مفت (4) لوح خوش قسمتی مفت (5) نگینہ عقیق مفت۔

(2) نیم سٹون انگوٹھی/ لاکٹ (Name Stone)

اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش معلوم نہیں تو آپ اپنے نام کے مطابق اپنا لکی نیم سٹون منتخب کر کے انگوٹھی یا لاکٹ میں پہن سکتے ہیں۔

نیم سٹون جاننے کے لیے نام اور والدہ کے نام کے مطابق برج ستارہ معلوم کیا جاتا ہے۔ نام اور والدہ کے نام کے اعداد جمع کریں اور حاصل کردہ اعداد کو 12 پر پورا تقسیم کریں۔ جو عدد بچے اس کے مطابق برج کا انتخاب کریں۔ اسی برج / ستارہ کے مطابق نیم سٹون کا انتخاب کریں۔

مثلاً سائرہ بنت صالحہ کے اعداد 862 ہیں۔ ان کو 12 پر تقسیم کیا تو 10 آیا۔ چنانچہ سائرہ بنت صالحہ کا برج جدی اور حاکم سیارہ زحل ہے۔ دیئے گئے ٹیبل کے مطابق برج کا تعین کریں۔

بقایا عدد	1	2	3	4	5	6
برج	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ

بقایا عدد	7	8	9	10	11	12
برج	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت

نیم سٹون (Name Stone) انگوٹھی/ لاکٹ کا ہدیہ =/4000 روپے ہے

4 تحائف مفت: نیم سٹون انگوٹھی لاکٹ کے ہمراہ 4 تحائف مفت حاصل کریں: (1) مشتری کا برکاتی نوٹ مفت (2) لوح خوش قسمتی مفت (3) ایک سوال کا جواب مفت (بذریعہ زائچہ استخارہ) (4) نگینہ عقیق مفت۔

(3) شادی کی انگوٹھی/لاکٹ Marriage Ring

اچھی جگہ رشتہ شادی میں کامیابی کے لیے میرج سٹون کی انگوٹھی/ لاکٹ تیار کی جاتی ہے۔ شادی میں تاخیر رکاوٹ بندش نحوست کی وجہ سے شادی نہ ہو رہی ہو تو میرج سٹون کی انگوٹھی/ لاکٹ بہت فائدہ مند حل ہے۔

میرج سٹون کی انگوٹھی یا لاکٹ کا ہدیہ =/4500 روپے ہے

4 مفت تحائف: زائچہ شادی مفت (2 سوال) (2) نگینہ عقیق مفت (3) مشتری کا برکاتی نوٹ (4) لوح خوش قسمتی مفت میرج سٹون/

انگوٹھی یا لاکٹ کے ہمراہ درج بالا 4 تحائف مفت حاصل کریں۔

(4) لومیرج انگوٹھی/ لاکٹ

اگر آپ پسند کی شادی کے خواہاں ہیں تو آپ کے لیے لومیرج انگوٹھی یا لاکٹ بہترین انتخاب ہے۔

لڑکا لڑکی کے نام اور ان کے والدہ کے نام کے مطابق ان کا لومیرج سٹون استخراج کیا جاتا ہے۔ سیارہ زہرہ محبت شادی سے متعلقہ سیارہ (ستارہ) ہے۔ لومیرج کے لیے ستارہ زہرہ (Venus) سے متعلقہ کسی سٹون کا انتخاب کر کے لومیرج انگوٹھی یا لاکٹ تیار کیا جاتا ہے۔ لومیرج انگوٹھی یا لاکٹ پسند کی شادی میں کامیابی کے لیے بہت کامیاب روحانی عمل ہے۔

لومیرج انگوٹھی / لاکٹ کا ہدیہ =/4500 روپے ہے۔

4 مفت تحائف:

(1) شادی کا زائچہ مفت (2 سوال)
(2) مشتری کا برکاتی نوٹ مفت (3) لوح خوش قسمتی مفت (4) نگینہ عقیق مفت۔

(5) ازدواجی انگوٹھی/ لاکٹ

میاں بیوی میں باہمی محبت و پیار، شریک حیات کو حق میں کرنے کے لیے، گھریلو ناچاقی لڑائی جھگڑے کے خاتمے کے لیے۔ ازدواجی انگوٹھی/ لاکٹ تیار کی جاتی ہے۔ اس انگوٹھی میں عموماً محبت و تسخیر سے متعلقہ نگینے کا استعمال کیا جاتا ہے تاکہ میاں بیوی کا باہمی بندھن مضبوط رہے۔

ازدواجی گھریلو سکھ کے لیے انگوٹھی یا لاکٹ کا ہدیہ =/4500 روپے ہے۔

4 مفت تحائف:

ازدواجی گھریلو انگوٹھی یا لاکٹ کے ہمراہ 4 تحائف مفت حاصل کریں۔ (1) میاں بیوی کا ازدواجی گھریلو زائچہ مفت۔ (2) مشتری کا برکاتی نوٹ مفت (3) نگینہ عقیق مفت۔ (4) لوح خوش نصیبی مفت۔

(6) سفری انگوٹھی/ لاکٹ

بیرون ملک سفر ویزا امیگریشن کے حصول اور سفر میں کامیابی سیٹلمنٹ اور سفری مسائل کے حل کے لیے سفری انگوٹھی یا لاکٹ بہت موزوں ہے۔ معروف سیاح ابن بطوطہ نے دنیا کے سفر پر نکلنے سے قبل زبرجد کی انگوٹھی پہنی تھی تاکہ سفری معاملات میں کامیابی نصیب ہو سکے۔ اس نے اپنے سفرنامے میں اس کا ذکر کیا ہے۔

سفری انگوٹھی یا لاکٹ کا ہدیہ =/4000 روپے

4 مفت تحائف:

سفری انگوٹھی/ لاکٹ کے ہمراہ 4 تحائف مفت حاصل کریں (1) زائچہ استخارہ سفر مفت (2 سوال)

ز) مشتری کا برکاتی نوٹ مفت (3) نگینہ عقیق
نت۔(4) لوح خوش بختی مفت۔

7) تعلیمی انگوٹھی/ لاکٹ

بچے کی توجہ پڑھائی پر کم ہو رہی ہے۔
لیمی کارکردگی دن بدن گر رہی ہے۔ بچہ ذہنی
تشار ضد یا بدتمیزی بے راہ روی کا شکار ہو رہا
ہے۔ تعلیمی گریڈز کم ہو رہے ہیں۔ تو ایسے
الات میں ذہنی دماغی ترقی امتحان میں اچھے
روں کے حصول کے لیے تعلیمی انگوٹھی یا لاکٹ
یک لاجواب مجرب المجرب عمل ہے۔
لیمی انگوٹھی میں عام طور پر دماغ سے متعلقہ سیارہ
طارد کے نگینے لگائے جاتے ہیں۔ مثلاً لاجورد،
ولڈ وغیرہ۔ نگینے کا وزن اور سائز طالب علم کی
راورزائچے کے مطابق کیا جاتا ہے۔
لیمی انگوٹھی یا لاکٹ کا ہدیہ =/4000 روپے
ہے۔

نت تحائف:

1) تعلیمی زائچہ استخارہ مفت (2 سوال)
ز) مشتری کا برکاتی نوٹ مفت (3) نگینہ عقیق
نت۔(4) لوح خوش نصیبی مفت۔ تعلیمی انگوٹھی
اکٹ کے ہمراہ درج بالا 4 تحائف مفت
صل کریں۔

8) انعامی انگوٹھی/ لاکٹ

لوگ کہتے ہیں کہ عرصہ دراز سے پرائز
بانڈز رکھے ہیں لیکن بڑا انعام تو دور کی بات
چھوٹا انعام بھی نہیں لگا۔ ان لوگوں کے لیے
انعامی انگوٹھی یا انعامی لاکٹ واقعی ایک روحانی
تحفہ ہے۔ عموماً انعامی انگوٹھی میں انعامی نگینے
(Jasper) فائن کے نگینے لگائے جاتے ہیں۔
انعامی انگوٹھی یا انعامی لاکٹ کا ہدیہ =/4000
روپے ہے۔

4 مفت تحائف:

انعامی انگوٹھی/ انعامی لاکٹ کے ہمراہ 4 تحائف
مفت حاصل کریں (1) انعامی زائچہ استخارہ مفت
(2 سوال) (2) مشتری کا برکاتی نوٹ مفت (3)
لوح نصیب کشائی مفت۔ (4) نگینہ عقیق مفت

(9) 9 نمبر کی انگوٹھی/ لاکٹ

9 ایک روحانی قوت بخش خوش بختی کا
نمبر ہے۔ 1 تا 9 گنتی میں 9 کی اہمیت سب
سے منفرد ہے۔ 9 ناقابل تسخیر نمبر ہے۔ 9 نمبر
ازلی ابدی نمبر ہے۔ قرآن کا نمبر 9 ہے۔ 9 نمبر
حضرت فاطمہؓ کے حوالے سے خصوصی طور پر
موسوم کیا جاتا ہے۔ علم نجوم کے مطابق 12
برجوں پر 9 سیاروں کی حاکمیت ہے۔
(مشتری، شمس، قمر، مریخ، زہرہ،
عطارد، یورانس، زحل، نیپچون) زائچہ کے نویں
گھر کا تعلق روحانیت نیکی خوشحالی سے ہے۔ اس
کا حاکم سیارہ مشتری ہے۔ 9 ناقابل تسخیر نمبر

ہے۔ جس نمبر سے ٹکراتا ہے اس کا منفرد مجموعہ 9 کرالیتا ہے۔

مثلاً 9x1=9

9x2=18 (9) 9x5=45=(9)

9 نمبر کی قوت دوسرے نمبر کی قوت ختم کر دیتی ہے۔ 9 نمبر جس نمبر میں جمع ہوتا ہے اس نمبر کو قائم رکھتا ہے۔ اس میں اپنی قوت شامل کر کے اس کو ظاہر کر دیتا ہے۔ یہ اس کے دوستانہ خواص ہیں۔ مثلاً

(4) 13 = 4 + 9

(5) 14 = 5 + 9

9 دشمنوں کے لیے ناقابل تسخیر جبکہ دوستوں کے لیے انتہائی مفید ہے۔ 9 نمبر کی انگوٹھی شادی، روزگار، سفر، تعلیم، جائیداد، سحر جادو، بندش، مقدمات، گھریلو ناچاقی، ذہنی سکون، قلبی سکون، دشمن پر غلبہ، صحت و شفا، غیبی امداد، حاسدین سے بچاؤ، کامیابی کے لیے بہت موثر ہے۔

۷۸۶

9	9	9
9	9	9
9	9	9

9 نمبر کی انگوٹھی کا نقش، لاکٹ، نگینے کی پلیٹ (لوح) پر بھی تیار کی جاتی ہے۔

9 نمبر انگوٹھی/ لاکٹ کا ہدیہ =/4000 روپے ہے

4 مفت تحائف:

9 نمبر انگوٹھی یا لاکٹ کے ہمراہ 4 تحائف مفت حاصل کریں: (1) زائچہ استخارہ مفت (1 سوال) (2) مشتری کا برکاتی نوٹ مفت (3) لوح خوشحالی مفت۔ (4) نگینہ عقیق مفت۔

(10) فتو حاتی انگوٹھی/ لاکٹ

ہر کام میں فتح و نصرت کے لیے فتو حاتی انگوٹھی یا لاکٹ ایک بہترین روحانی امداد ہے۔ نگینے یا انگوٹھی یا لاکٹ پر سورہ فتح کی پہلی آیت انا فتحنا لك فتحاً مبينا'' یا اسم اعظم ''یا فاتح'' کندہ کیا جاتا ہے۔ زندگی میں پے در پے ناکامی ہو رہی ہو تو فتح کی ضرورت بڑھ جاتی ہے۔ مقدمات اور دشمنوں پر فتح، امتحان انٹرویو میں کامیابی، کاروبار میں ناکامی، ساکھ کی خرابی، حاسدین مخالفین کے ہر وار سے بچاؤ کے لیے اپنے پرائے سب پر فتح کے لیے فتو حاتی انگوٹھی یا فتو حاتی لاکٹ بہترین روحانی تحفہ ہے۔ ہدیہ فتو حاتی انگوٹھی یا لاکٹ =/4000 روپے

4 مفت تحائف:

فتو حاتی انگوٹھی کے ہمراہ 4 تحائف مفت حاصل کریں: (1) مشتری کا برکاتی نوٹ مفت (2) نگینہ عقیق مفت (3) زائچہ استخارہ سے ایک سوال کا جواب مفت (4) لوح خوش قسمتی مفت۔

(11) تسخیری انگوٹھی یا لاکٹ

نامہربان کو مہربان کرنے کے لیے ، دوسروں کے دلوں کو اپنے حق میں کرنے کے لیے ، شریک حیات کے دل میں محبت کے لیے ، لوگوں میں مقبولیت کے لیے ، کاروبار میں ترقی ساکھ میں اضافے کے لیے ، گاہک اعتماد کریں ، کوئی بلاوجہ کام میں رکاوٹ ڈال رہا ہے ، بلاوجہ مخالفت کا سامنا ہے ، لوگ قدر نہ کرنے ، بات کو اہمیت نہ دیں ان حالات میں عزت و وقار کے حصول اور تسخیری قوت کے لیے انگوٹھی بہترین انتخاب ہے۔

تسخیری انگوٹھی یا لاکٹ کا ہدیہ =/4000 روپے ہے۔

عمومی طور پر اس انگوٹھی میں حب و تسخیر سے متعلقہ نگینے جڑوائے جاتے ہیں۔

4 مفت تحائف:

تسخیری انگوٹھی کے ہمراہ 4 تحائف مفت حاصل کریں: (1 مشتری کا برکاتی نوٹ مفت (2) لوح خوش قسمتی مفت (3) زائچہ استخارہ سے ایک سوال کا جواب مفت (4) نگینہ عقیق مفت۔

(12) حب و بندھن انگوٹھی یا لاکٹ

نفرت کو محبت میں بدلنے کے لیے دلوں میں محبت پیدا کرنے کے لیے ایک روحانی عمل اگر کوئی اپنا پرایا کسی وجہ سے ناراض ہے تو اسے منانے کے لیے ، دوست بنانے کے لیے ایک فوری اثر روحانی عمل ہے۔

میاں بیوی ، بہن بھائیوں والدین اولاد عزیز و اقارب ، افسر ماتحت ، ہمسایوں دوست احباب میں باہمی محبت کے لیے اور ہر قسم کی نفرت رنجش ختم کرنے کے لیے بہت کامیاب روحانی عمل ہے۔ ہدیہ حب و بندھن انگوٹھی/لاکٹ کا =/4000 روپے ہے۔

4 مفت تحائف:

بندھن حب انگوٹھی کے ہمراہ 4 تحائف مفت حاصل کریں: (1) مشتری کا برکاتی نوٹ مفت (2) زائچہ استخارہ سے ایک سوال کا جواب مفت (3) لوح خوش قسمتی مفت (4) نگینہ عقیق مفت

(13) سکون قلب انگوٹھی یا لاکٹ

ذہنی و قلبی سکون کے حصول کے لیے روحانی عمل بہت موثر ہے۔ بلاوجہ کی ٹینشن ، ڈپریشن ، گھبراہٹ ، مایوسی ، مالیخولیا ، دماغی عوارض ، ذہنی اعصابی نفسیاتی امراض کے علاج وشفا کے لیے سکون قلب انگوٹھی یا لاکٹ بہت موثر روحانی امداد ہے۔

ہدیہ انگوٹھی یا لاکٹ =/4000 روپے ہے

4 روحانی تحائف:

سکون قلب انگوٹھی کے ہمراہ: (1) لوح خوشحالی مفت (2) مشتری کا برکاتی نوٹ مفت (3) نگینہ عقیق مفت (4) ایک سوال کا جواب بذریعہ استخارہ زائچہ مفت

(14) سات سیاروں کی انگوٹھی یا لاکٹ

ساتوں سیاروں کی نحوست و گردش کے تدراک کے لیے ان سیارگان کے طلسمات انگوٹھی یا لاکٹ پر کندہ کر کے یہ عمل تیار کیا جاتا ہے۔

ہدیہ انگوٹھی سات سیارگان یا لاکٹ =/5000 روپے ہے

4 مفت تحائف:

سات سیارگان انگوٹھی/ لاکٹ کے ہمراہ: (1) لوح خوش قسمتی (2) مشتری کا برکاتی نوٹ مفت (3) زائچہ استخارہ سے ایک سوال کا جواب مفت۔ (4) نگینہ عقیق مفت

(15) مشتری کی انگوٹھی یا لاکٹ

اگر آپ معاشی کاروباری ترقی چاہتے ہیں تو حصول مال و دولت، زمین جائیداد، کشادگی رزق، مالی پریشانیوں، نقصانات کے حل کے لیے مشتری کی انگوٹھی یا لاکٹ بہترین عمل ہے۔ نگینے پر طلسم مشتری کندہ کیا جاتا ہے۔

ہدیہ مشتری کی انگوٹھی یا لاکٹ =/4500 روپے۔

4 مفت انعامات:

مشتری انگوٹھی یا لاکٹ کے ہمراہ: (1) لوح نصیب کشائی مفت (2) زائچہ استخارہ سے ایک سوال کا جواب مفت (3) نگینہ عقیق مفت (4) مشتری کا برکاتی نوٹ مفت

(16) زحل کی انگوٹھی یا لاکٹ

ساڑھ ستی، ڈھیا، نحوست زحل کے تدراک کے لیے ایک لاجواب تحفہ ہے۔ وہ افراد جو عرصہ دراز سے معاشی مسائل مثلاً کاروباری نقصان، قرض وغیرہ کا شکار ہیں، ملازمت میں تنزلی، ترقی نہ ہونا، گھریلو حالات میں تنازعات پریشانیوں کا شکار ہیں ان کے لیے نحوست زحل، ساڑھ ستی ڈھیا کے روحانی توڑ کے لیے زحلی انگوٹھی یا لاکٹ بہترین روحانی تدراک ہے۔

ہدیہ زحلی انگوٹھی یا لاکٹ =/4500 روپے۔

4 مفت تحائف:

زحلی انگوٹھی یا لاکٹ کے ہمراہ 4 مفت روحانی تحائف حاصل کریں: (1) مشتری کا برکاتی نوٹ (2) نگینہ عقیق مفت (3) ایک سوال کا جواب مفت بذریعہ زائچہ استخارہ (3) نگینہ عقیق مفت (4) لوح قسمت مفت حاصل کریں۔

(17) حفاظتی انگوٹھی یا لاکٹ

ہر قسم کے شر شیطان، دشمن، حاسد، مخالف، مقدمہ باز، شر پسند، فسادی، بدمعاش، بدقماش، جادو بدعملیات، سحر آسیب وغیرہ سے حفاظت و حصار و نجات کے لیے حفاظتی انگوٹھی یا حفاظتی لاکٹ ایک بے مثال روحانی تحفہ ہے۔ اس لاکٹ میں حفاظت سے تعلق رکھنے والے نگینے مثلاً کیٹس آئی، سنگ حدید وغیرہ استعمال کئے جاتے ہیں۔

ہدیہ حفاظتی انگوٹھی یا لاکٹ =/4000 روپے۔

4 تحائف مفت:

حفاظتی انگوٹھی / لاکٹ کے ہمراہ 4 تحائف مفت حاصل کریں: (1) مشتری کا برکاتی نوٹ مفت۔ (2) استخارہ زائچہ سے ایک سوال کا جواب مفت (3) عقیق نگینہ مفت (4) لوح خوش بختی مفت

(18) صحت و شفاء انگوٹھی یا لاکٹ

ہر قسم کی جسمانی، روحانی، اعصابی، ذہنی، دماغی بیماری میں حصول صحت و شفاء کے لیے ہیلتھ سٹونز کے ذریعے سے انگوٹھی تیار کی جاتی ہے۔ اس انگوٹھی کو ہیلتھ رنگ (صحت و شفاء کی انگوٹھی) یا ہیلتھ لاکٹ کہا جاتا ہے۔ عموماً اس میں ہیلتھ سٹون (Health Stonw) مثلاً بلڈ سٹون وغیرہ استعمال کئے جاتے ہیں۔ بلڈ سٹون میں خاصیت ہے کہ نظام خون میں مثبت تاثیرات پیدا کر کے ہر قسم کی بیماری کو جڑ سے ختم کرنے میں مدد دیتا ہے۔

ہیلتھ انگوٹھی یا ہیلتھ لاکٹ کا ہدیہ 4500 روپے

4 تحائف مفت:

ہیلتھ انگوٹھی/لاکٹ کے ہمراہ 4 تحائف مفت حاصل کریں: (1) مشتری کا برکاتی نوٹ مفت (2) زائچہ استخارہ سے بیماریوں کی تشخیص مفت (3) ایک سوال کا جواب مفت بذریعہ زائچہ استخارہ (3) نگینہ عقیق مفت (4) لوح قسمت مفت حاصل کریں

اصل نگینوں کی پہچان

اکثر لوگ سوال کرتے ہیں کہ اصل نگینوں کی پہچان کیا ہے۔ کیونکہ بعض اوقات نقلی پتھر اصلی سے زیادہ خوبصورت خوشنما بنے ہوتے ہیں۔ عام فرد ظاہری چمک دمک دیکھ کر لے لیتا ہے کہ یہی درست نگینہ ہے۔ اصل نگینے کی پہچان بہت مشکل کام ہے۔ یہ آگاہی مسلسل تجربے سے حاصل ہوتی ہے۔ اصل نگینوں کی چند نشانیاں بیان کر رہا ہوں۔

(۱) نگینہ اندر سے صاف شفاف ہوتا ہے۔
(۲) روشنی میں رکھ کر اندر دیکھیں تو روشنی منعکس نظر آئے گی۔
(۳) پانی میں ڈالیں تو متعلقہ رنگ کی شعاعیں نکلتی ہیں۔
(۴) بعض نگینوں پر تیزاب اثر نہیں کرتا۔
(۵) الٹراوائٹ ریز گزارنے پر رنگ نہیں بدلتا۔
(۶) مخصوص اور روائتی رنگ ہوتا ہے۔
(۷) اکثر نگینوں میں رگیں بنی ہوئی نظر آتی ہیں۔
(۸) غیر ضروری شوخی چمک نہیں ہوتی۔
۹) اصل نگینہ وزن میں بھاری ہوتا ہے۔
۱۰) مختلف نگینوں کو چیک کرنے کے لئے تیزاب اور آگ میں ڈالا

گارنٹی شدہ اصل نگینے

مارکیٹ میں جعلی رنگ کئے ہوئے (heated) یا رنگ دار شیشہ یا پلاسٹ نما نگینوں کی بہتات ہے، ان نقلی نگینوں کے استعمال سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا بلکہ پیسے ضائع ہو جاتے ہیں۔ ہمیشہ اصل بے عیب نگینہ ہی موافق خواص فراہم کرتا ہے۔ قارئین ادارہ سے اپنے نام تاریخ پیدائش زائچے برج سیارے اور مقصد و حاجت کے مطابق استخراج کروا کر اصل سٹون حاصل کر سکتے ہیں۔

ہم وزن صدقہ

(1) ہم وزن صدقہ

ہم وزن صدقہ بہت طاقت ور صدقہ ہے۔ یہ سر کے بالوں سے لے کر پاؤں کے ناخن تک انسان کے گوشت ہڈیوں جسم روح کا صدقہ بن جاتا ہے۔

ہم وزن صدقہ دینے کے لیے پہلے اپنا وزن کریں۔ مثال کے طور پر آپ کا وزن 80 کلو ہے۔ اب ہم وزن صدقہ دینے کے لیے حسب استطاعت 80 کلو وزن کی مختلف اجناس مثلاً گندم، آٹا، چاول دالیں، گھی مصالحے چینی شکر وغیرہ کسی ضرورت مند یا مستحق غریب یتیم بیوہ کو دے دیں۔

اگر اکٹھا ہم وزن صدقہ دینے کی استطاعت نہ ہو تو قسطوں میں بھی یہ صدقہ کسی ایک ضرورت مند یا ایک سے زائد مستحقین میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً 80 کلو ہم وزن صدقہ ہے۔ ہر ماہ 20 کلو کا راشن کسی ضرورت مند کو دے دیں۔ اس طرح آپ 4 ماہ میں یہ صدقہ اتار سکتے ہیں۔

راشن کا صدقہ دیتے ہوئے یہ ضروری نہیں کہ صدقے کے بارے میں بتایا یا جتلایا جائے۔ خاموشی سے بطور تحفہ یا بطور امداد کہہ کر آپ یہ صدقہ کسی ضرورت مند کو دے سکتے ہیں۔ صدقہ کا بتانے سے سائل کی دل آزاری ہونے کا امکان ہوتا ہے۔

ایسے صدقات دینے سے گریز کریں جن کو لیتے ہوئے لوگ پریشان ہوں مثلاً کالی مرغی کا صدقہ، لال دالوں کا صدقہ بکرے کی سری کا صدقہ وغیرہ۔ راشن کی اشیا میں روز مرہ کی اشیاء شامل کریں مثلاً بنی، چاول، دالیں، مصالحے، شربت بسکٹس، چائے دودھ انڈے وغیرہ۔ حدیثؐ مبارکہ ہے ''الصدقۃ تدفع البلاء'' ترجمہ: صدقہ مصیبتوں کو ٹالتا ہے

(2) رقم بطور صدقہ

حسب توفیق اپنی روزانہ آمدن یا ماہانہ آمدن ہفتہ وار آمدن یا کاروباری ڈیل وغیرہ کے مطابق حسب استطاعت رقم نکال کر یتیموں، مسکینوں، بیواؤں ضرورت مندوں کو دیں۔ گھر میں ایک صدقہ باکس رکھیں جس میں حسب توفیق رقم ڈال کر اکٹھی کریں۔

(3) کیڑے مکوڑوں کے لیے صدقہ

انسان کی مدد کرنا ہر دوسرے انسان پر فرض ہے۔ اس کے بعد دیگر مخلوقات کا خیال رکھنا بھی انسان کے لیے ضروری ہے۔

افراد و خواتین درختوں گھر کے پاس کسی درخت یا کسی قریبی پارک یا گراؤنڈ میں لگے درختوں کے نیچے شکر ڈالیں۔ میٹھا کیڑے مکوڑے بہت شوق سے کھاتے ہیں۔ اس مٹھاس کے صدقے کی وجہ سے آپ کی زندگی کی تلخی مٹھاس میں تبدیل ہوسکتی ہے۔

وہ لڑکے لڑکیاں جن کی شادی میں تاخیر ہو رہی ہے یا آپ روزی رزق آمدن مین اضافے کے متمنی ہیں تو کیڑے مکوڑوں کو شکر کا صدقہ ڈالنا بہت موثر ہے۔

احتیاط: اکثر دیکھا گیا ہے لوگ قبرستان میں جا کر قبروں پر یا ان کے قریب شکر دالیں ڈال دیتے ہیں جس کی وجہ سے قبرستانوں میں کیڑے مکوڑوں کی بہتات ہو جاتی ہے۔ کیڑے مکوڑوں کی فوجیں مدفون افراد کی قبروں میں داخل ہو جاتی ہے۔ اس لیے کوشش کریں کہ صدقات قبرستانوں کے بجائے کھلے میدانوں گھر کے قریب کسی درخت وغیرہ کے نیچے ڈالیں۔ قبروں پر جا کر صدقات نہ ڈالیں۔

(4) پرندوں کے لیے صدقات

خواتین و حضرات اپنے گھر کی کسی دیوار یا چھت پر صحن میں دو پلیٹیں رکھیں۔ ایک پلیٹ میں گھر کا بچا کچا کھانا / سالن روٹی کے ٹکڑے پھلوں کے چھلکوں کے ٹکڑے وغیرہ۔ دوسری پلیٹ میں پانی ڈالیں۔ گرمیوں کے موسم میں پرندوں کو پیاس بہت لگتی ہے۔ اس لیے گرمیوں میں پرندوں کو پانی باقاعدگی سے ڈالیں۔

ایک حدیثؐ مبارکہ کا مفہوم ہے کہ آپ سے ایک صحابی نے پوچھا کہ میری والدہ کے ایصال ثواب کے لیے بہتر صدقہ کونسا ہے آپ نے فرمایا ''پانی کا صدقہ'' تو اس صحابی نے پھر ایک پانی کنواں بطور صدقہ ایصال ثواب کیا۔

استطاعت ہو تو گرمیوں میں پانی کے لیے کولر کا بندوبست کریں۔ لیکن ایسا کرنا مشکل ہو تو پرندوں کو پانی ڈالنے پر تو کوئی اخراجات نہیں آتے۔ یہ نیکی و صدقہ باآسانی گھر کی دیوار پر ایک برتن رکھ کر کیا جا سکتا ہے۔ جس میں روزانہ پانی ڈالیں جسے پرندے جانور

پی سکتے ہیں تھوڑی سی کوشش سے آپ اس صدقے / نیکی کا اہتمام کر سکتے ہیں۔

(5) جانوروں کے لیے صدقہ

جانوروں کی اپنی زبان ہے۔ یہ ہمیں اپنی زبان میں اپنی ضرورت سے آگاہ نہیں کر سکتے۔ لیکن اپنی مختلف آوازوں اور حرکات سے انسان سے مختلف ضروریات کے طالب رہتے ہیں۔ خواتین وحضرات گھروں میں یا گھروں کے قریب پائے جانے والے عام قسم کے جانوروں کو خوراک بطور صدقہ دے سکتے ہیں۔ مثلاً گھر کے صحن یا چھت یا دیوار منڈیر وغیرہ پر ایک پلیٹ میں گھر کا بچا کچا سالن دودھ، ڈبل روٹی کے بچے ہوئے ٹکرے، ڈالیں۔

اکثر دیکھا گیا ہے بہت سی خوراک کوڑے میں ڈال دی جاتی ہے۔ جس سے رزق کی بے حرمتی ہوتی ہے۔ روزانہ یہ بچی ہوئی خوراک کسی کے کام آتی ہے۔ ایک انٹرنیشنل سروے کے مطابق پوری دنیا میں پیک فوڈ اور بغیر پیک فوڈ کا لاکھوں کروڑوں ٹن کوڑا اکٹھا ہوتا ہے جس میں بہت ساری قابل استعمال خوراک ہوتی ہے جو کہ ضائع ہو جاتی ہے۔ اگر یہ خوراک بچالی جائے تو دنیا کے بہت سے قحط زدہ ممالک کے انسانوں اور بھوک پیاس کا شکار دیگر جانوروں و پرندوں کی مدد کی جاسکتی ہے۔

چنانچہ سب لوگ انفرادی طور پر اپنے گھر کے کوڑے میں قابل استعمال خوراک نکال کر ایسے جانوروں، پرندوں، آبی مخلوقات کو ڈالیں۔ اکثر دیکھا گیا ہے فریج میں پڑا پڑا کھانا خراب ہو جاتا ہے لیکن کسی بھوکے کو نہیں دیا جاتا بلکہ پھینک دیا جاتا ہے۔ فریجوں میں بلاضرورت کھانوں کا سٹاک کرنے کے بجائے کسی ضرورت مند یا ملازم کو بروقت دے دیں تاکہ اسکے کام آجائے۔ یہ ایک نیکی اور صدقہ ہے۔ جس پر کوئی خرچ نہیں ہوتا

(6) مچھلیوں آبی مخلوقات کیلئے صدقہ

اگر آپ کے گھر کے پاس کوئی ندی، جھیل، سمندر دریا ہے تو آپ آبی مخلوق کو بھی صدقہ کر سکتے ہیں۔ جب بھی کسی تفریحی پارک فیملی بچوں کے ہمراہ جائیں تو جاتے ہوئے اپنی پکنک کا بندوبست کرنے ساتھ ساتھ ان پارکوں میں جانوروں، پرندوں، مچھلیوں

کچھوؤں وغیرہ کے لیے بھی خوراک کا بندوبست کر کے جائیں۔ مثلاً ایک بریڈ لے لیں جو کہ بچوں کے حوالے کر دیں بچوں کو بتائیں کہ ان مچھلیوں کچھوؤں کو خوراک دینا ایک اچھا اور نیک کام ہے۔ بچوں کے ہاتھوں سے بریڈ کے ٹکرے ڈلوائیں تاکہ ان بچوں کو بھی جانوروں کا احساس ہو۔

(7) دن آغاز اور صدقہ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا قول ہے

''اپنے دن کا آغاز صدقہ دینے سے کرو''۔

اپنے ارد گرد لوگوں کا جائزہ لیں آپ کو معلوم ہو جائے گا آپ صبح کا صدقہ کر سکتے ہیں۔ کسی فقیر یا ضرورت مند کی مدد کر دیں یا ان کے لیے صبح کے کھانے کا بندوبست کر دیں یا صبح پرندوں جانوروں کے لیے گھر کی دیوار پر رکھے برتن میں بچا کچا کھانا پھل کے چھلکے وغیرہ اور پانی ڈال دیں۔

لوح شادی

شادی، رشتے کی بندش کے خاتمے

حسب منشاء رشتہ شادی میں آسانی کیلئے

ایک کامیاب مجرب روحانی عمل

لوح فروختگی

جائیداد کی منافع بخش فروخت کیلئے

اگر کوئی مکان یا دوکان فروخت کرنے میں رکاوٹ حائل ہو، باوجود کوشش کے زمین جائیداد کی نفع بخش قیمت نہ مل رہی ہو، بلاوجہ تاخیر ہو رہی ہو، ایسے حالات میں زمین، جائیداد، مکان دوکان کی پرکشش نفع پر فروخت کے لیے ''لوح فروختگی'' نہایت مجرب اور زود اثر روحانی عمل ہے۔

وہ افراد جو اپنی وراثتی جائیداد کو فروخت کرنے میں مشکلات سے دوچار ہیں، یا وہ افراد جو گھروں دوکانوں کی خرید و فروخت کرتے ہیں، ان کے لیے یہ لوح ایک نعمت عظمیٰ سے کم نہیں، حصول نفع کیلئے مؤثر ہے۔

بہت سے پراپرٹی ڈیلرز، بلڈرز اور ذاتی جائیداد فروخت کرنے کے ضرورت مندوں نے اس لوح کی برکات سے بھرپور فوائد و نفع حاصل کیے ہیں۔

جائیداد ڈیفنس میں ہو یا کسی گنجان آباد علاقے میں، زرعی زمین ہو یا شہری اراضی ''لوح فروختگی'' زمین کو فروخت کرنے کے لیے بہت بابرکت اور فوری اثر کرنے والا طاقتور روحانی عمل ہے۔

ہدیہ لوح (دھاتی) :-/5000 روپے

ہدیہ لوح (کارڈ) : 3000/- روپے

0300-8083509 , 0333-4502187

Facebook:Kashfrohanejantry

Web:syedkashifkhalil.blogspot.com

زندگی کی لکیر
(Life Line)

سید کاشف خلیل ملک کے نامور آسٹروپامسٹ ہیں۔ ہزاروں خواتین وحضرات کے بارے میں کامیاب ریڈنگ دے چکے ہیں۔ اگر آپ اپنی ہاتھ کی لکیروں کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں تو پامسٹری ریڈنگ کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں

قوت وتوانائی کی لکیر

انسانی ہاتھ پر بنی ہوئی لکیروں میں یہ لکیر انتہائی اہم اور سرفہرست لکیر ہے۔ بنیادی طور پر یہ لکیر انسانی جسم میں پائی جانے والی قوت وطاقت وتوانائی کو ظاہر کرتی ہے۔ یہ لکیر جسمانی قوت کے ساتھ ساتھ جنسی طاقت اور اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت وقوت کو بھی ظاہر کرتی ہے۔

انسانی جسم میں قوت مدافعت کمزور ہے یا مضبوط اس بارے میں بھی اس لکیر سے ہی نتائج اخذ کیے جا سکتے ہیں۔ اس لکیر کو عموماً زندگی کی لکیر یا عمر کی لکیر کے نام سے جانا جاتا ہے۔

1- عمر کی لکیر کا آغاز

عمر کی لکیر کا آغاز پہلی انگلی جسے شہادت کی انگلی کہا جاتا ہے کے نیچے ابھار مشتری کے نچلے حصے سے ہوتا ہے۔ ابھار مشتری کے نیچے جہاں سے مریخ کا منفی ابھار شروع ہوتا ہے وہاں سے ایک نیم دائرے کی شکل میں بننے والی لکیر کے نیچے زہرہ کے ابھار پر جا کر ختم ہوتی ہے۔ اسے عمر کی لکیر کہتے ہیں۔

2- عمر کی گہری لکیر

اگر عمر کی گہری اور نمایاں حالت میں ہتھیلی پر بنی ہوئی ہو تو یہ ایک اچھی باکمال صحت اور بہتر جسمانی قوت وطاقت کو ظاہر کرتی ہے۔



3- بڑے دائرے والی لکیر

اگر عمر کی لکیر بہت بڑے دائرے اور وسیع

دائرے کی شکل میں مکمل حالت میں بنی ہوئی ہو تو یہ لکیر مضبوط اعصابی و جسمانی و جنسی تولیدی طاقت کو ظاہر کرتی ہے۔ ایسے افراد میں اولاد پیدا کرنے والے سپرمز اور جنسی و جسمانی توانائی بھرپور ہوتی ہے۔ اگر ابھار زہرہ ابھرا ہوا ہو تو یہ علامت کنفرم ہو جاتی ہے۔



بڑے دائرے والی لکیر

4- ہلکی اور کمزور لکیر

اگر عمر کی لکیر غیر واضح ہلکی اور کمزور حالت میں بنی ہو تو یہ صحت کی کمزوری قوت پیدا کی کمی جوش و جذبے توانائی میں کمی کی علامت ہے۔ ایسے افراد معمولی دباؤ سے نفسیاتی عوارض کا شکار ہو جاتے ہیں۔ طبعیت و مزاج میں بے چینی و بے قراری پائی جاتی ہے۔

عمر کی کمزور لکیر

5- زندگی کی مختصر لکیر

اگر ہتھیلی پر زندگی عمر کی لکیر مختصر یا غیر مکمل بنی ہو تو اولاد پیدا کرنے والے کے جرثوموں کی کمی کی علامت ہے۔ نیم حکیم پامسٹ ایسی لکیر دیکھ کر مختصر زندگی ہونے کی پیش گوئی کرتے ہیں۔ حالانکہ زندگی یا عمر کا تعین کرنے کے لیے دماغ کی لکیر یا قسمت کی لکیر بھی ٹوٹی ہو تو زندگی کو خطرے کی علامت ہے۔



عمر کی مختصر لکیر

6- ابھار مشتری اور عمر کی لکیر

اگر عمر کی لکیر کا آغاز مشتری کے ابھار کے پاس سے ہو تو ایسے افراد میں مشتریانہ صفات ہوں گی۔ قسمت کی لکیر بھی اچھی ہو تو ایسے افراد لیڈرانہ صلاحیت کے حامل ہوتے ہیں۔ جس شعبے کو اپناتے ہیں اس میں نمایاں مقام و مرتبہ عزت و مال و دولت کماتے ہیں۔ بلند خیالات کے حامل ہوتے ہیں۔



7- عمر اور دماغ کی اکٹھی لکیر

اگر عمر اور دماغ کی لکیر باہمی طور پر مل کر آغاز کریں تو ایسے افراد محتاط طبع ہوتے ہیں۔ زندگی کا کوئی فیصلہ کرتے ہوئے دماغ سے کام لیتے ہیں۔ مذہبی اور انسانی اقدار کا خیال رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ زیادہ رسک لینے سے گریز کرتے ہیں۔



8- ایک سے دو انچ اکٹھی لکیریں

اگر عمر اور دماغ کی لکیر باہمی طور پر مل کر آغاز کریں اور یہ حد سے بڑھی ہوئی حساسیت اور احتیاط پسند فطرت کی علامت ہے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر ناراض ہو جاتے ہیں۔ معمولی مسائل سے گھبرا جاتے ہیں۔ ڈپریشن کا شکار ہو سکتے ہیں۔ جس عمر میں دماغ اور زندگی کی لکیر الگ ہو جائے تب سے ان میں اعتماد آنے لگتا ہے۔ ان کا بچپن اور جوانی دباؤ میں گزرتی ہے۔ 35 سال کے بعد طبعیت و مزاج میں بہتری اور شخصیت میں مضبوطی آنے لگتی ہے۔

9- ابھار مریخ سے عمر کی لکیر کا آغاز

ابھار مشتری کے نیچے ابھار مریخ پایا جاتا ہے۔ ابھار مریخ اصل مقام انگوٹھے کی جڑ سے قدرے اوپر ہے۔ اگر ابھار مریخ سے عمر کی لکیر کا آغاز ہو تو یہ اسکے اثرات منفی ہوتے ہیں۔ ابھار مریخ (منفی) کو جنگ و جدل غصے، جلد بازی، قوت و طاقت سے نتائج حاصل کرنے کی علامات کے حوالے سے جانا جاتا ہے۔

اگر ابھار مریخ سے زندگی کی لکیر کا آغاز ہو کرے تو ایسے افراد کی زندگی میں ضد و غصے کا پہلو نمایاں رہے گا۔ ان میں بلاوجہ لڑائی جھگڑا اور اشتعال انگیزی کے جذبات پائے جاتے ہیں۔ قسمت و دماغ اور شہرت کی لکیریں اچھی ہوں تو منفی عادات پر قابو

پانے کا امکان ہوسکتا ہے۔



10- زندگی کی لکیر تنگ گولائی

اگر زندگی کی لکیر کی گولائی تنگ ہو اس وجہ سے ابھار زہرہ بھی تنگ ہو جاتا ہے ایسے افراد میں جذبات کی کمی پائی جاتی ہے۔ ایسے افراد شادی محبت وغیرہ کے معاملات میں پڑتے ہوئے گھبراتے ہیں۔ شادی بھی ہو جائے تو مخالف شریک حیات کے ساتھ زیادہ جذباتی رغبت نہیں رکھتے۔ جس کی وجہ سے شادی کا رشتہ کمزور ہونے لگتا ہے۔



11- عمر کی لکیر پر جزیرہ

اگر زندگی کی لکیر کے درمیان یا کسی جگہ جزیرہ کا نشان ہو یہ کسی جسمانی بیماری آپریشن رخرابی صحت کی علامت ہے۔ لکیر پر جس جگہ جزیرہ ہو اس جگہ تک عمر کا تجزیہ کر کے بیماری کے وقت کا تعین کیا جا سکتا ہے کہ کس عمر میں بیماری ہوگی اور کتنے عرصے رہے گی۔

12- عمر کی لکیر کا قمر کی طرف جانا

اگر عمر/زندگی کی لکیر نیچے سے پھیل کر اپنا رخ ابھار قمر کی طرف کر لے تو ایسا فرد اپنی پیدائشی مقام سے دور سکونت اختیار کرتا ہے اور معاشی مادی ترقی کے لیے دوسرے ممالک شہروں میں سفر سیر و سیاحت کی بھی کوشش کرتا ہے۔ اگر قسمت کی لکیر اچھی ہو تو کسی ترقی یافتہ ملک کی نیشنلٹی / امیگریشن بھی حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے۔

13- عمر کی لکیر کے آخر میں کراس/جزیرہ

اگر عمر کی لکیر کے اختتام پر کراس کی علامت ہو یا لکیر کے درمیان جزیرہ کا نشان ہو تو سفر میں ناکامی کی علامت ہے۔

14- عمر کی لکیر کا دوشاخہ ہونا

اگر عمر کی لکیر اپنے آخر میں دوشاخوں میں تقسیم ہو کر الگ الگ ہو جائے تو اس علامت سے مراد ایسا شخص اپنا ملک چھوڑ کر کسی دوسرے ملک میں رہائش اختیار کرتا ہے اور اسکا آخری وقت بھی اسی ملک میں گزرتا ہے



15- زندگی کی لکیر کے ساتھ ستارہ کا نشان

اگر ستارے کا نشان کی علامت زندگی کی لکیر کے ساتھ ٹکرا رہی ہو تو یہ محبت میں ناکامی کی نشاندہی کرتی ہے۔ بعض دست شناس اسے پانی میں ڈوبنے یا سخت دباؤ کی علامت قرار دیتے ہیں۔ زندگی کی لکیر کے اختتام پر ستارہ نما نشان ہو تو حادثاتی موت کی علامت ہے۔

16- زندگی کی لکیر سے اوپر کی طرف لکیریں

اگر زندگی کی لکیر سے نکل کر کوئی لکیر اوپر کی طرف جائے تو یہ اچھی علامت ہے۔ اگر کوئی لکیر ابھار مشتری کی طرف جائے تو اپنے شعبہ میں کامیابی و ترقی کی علامت ہے۔ ایسا فرد اقتدار و مقام حاصل کرنے میں کامیاب ہوتا ہے



17- زندگی کی لکیر کا ابھار عطارد کی لکیر طرف جانا

اگر زندگی کی لکیر میں سے کوئی لکیر یا نئی لکیریں نکل کر عطارد کے ابھار کی طرف جائیں تو یہ علامت صحت و پروفیشنل شعبوں میں ترقی کی نشاندہی کرتی ہے۔



18- ابھار شمس کی طرف جانا

اگر عمر کی لکیر میں سے کوئی شاخ نکل کر عطارد یا شمس کے ابھار کی طرف جائے تو عزت شہرت ملنے کی علامت ہے۔

19- زندگی کی لکیر پر جزیرہ

اگر ابھار مشتری کے نیچے زندگی کی لکیر کے ابھار پر جزیرہ بنا ہو تو یہ ENT اور صحت کے مسائل کی نشاندہی کرتی ہے۔

20- زندگی کی لکیر پر تل کا نشان

اگر تل کا نشان عمر کی لکیر کے اختتام پر یا لکیر کے پاس ہو تو یہ زہر یا غلط خوراک کے باعث ہونے والی بیماری کی علامت ہے۔

21- زندگی کی لکیر (دائرہ کا نشان)

اگر زندگی کی لکیر پر دائرہ کا نشان پایا جائے تو بینائی متاثر ہونے کی علامت ہے۔

☆ پامسٹری ریڈنگ ☆

اگر آپ اپنی ہاتھ کی لکیروں کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں تو پامسٹری ریڈنگ کے لیے ملک کے نامور

آسٹرو پامسٹ سید کاشف خلیل

سے رابطہ کریں۔

دست شناسی کے ذریعے شادی، اولاد، کاروبار، سفر، تعلیم، ملازمت، انعام، ترقی کامیابی مسائل حالات کے بارے جانیں

پامسٹری ریڈنگ فیس 1000 روپے

علمی و روحانی رہنمائی

آپ کے سوالات کے جوابات (سید کاشف خلیل)

شادی ہوگئی

نرما --------- ہانگ کانگ

سوال: شاہ صاحب میں پچھلے پانچ سال سے ہانگ کانگ میں جاب کر رہی ہوں۔ انٹرنیٹ سرچ کے دوران کشف روحانی جنتری کا مطالعہ کیا اور آپ سے رابطہ کیا۔ مجھے یہاں بہت سے مسائل کا سامنا تھا۔ میں جس پاکستانی لڑکے سے شادی کرنا چاہتی تھی وہ کئی سال سے ٹال مٹول کر رہا تھا۔ اس وجہ سے پریشان تھی اور ذہنی مریض بن کر رہ گئی تھی۔

آپ سے رابطہ کیا اور آپ نے زائچہ استخارہ کرکے رہنمائی فرمائی اور پڑھائی کی اور ساتھ ہی ''لوح شادی'' بنا کر دی۔ بفضل تعالیٰ چند ہفتے میں ہی اس کا رویہ اچھا ہونے لگا اور میرے سے شادی کے لیے خوش دلی سے رضامند ہوگیا۔ پچھلے ماہ ہماری شادی ہوگئی۔ میں بہت خوش ہوں اور آپ کو دعائیں دیتی ہوں۔

میری ایک اور سہیلی جو آفس میں میرے ساتھ کام کرتی ہے اس کا بھی یہی مسئلہ ہے کیا لوح اسے دے دوں۔

جواب: اللہ کا شکر ادا کریں اور نماز کی پابندی کریں۔ سورہ فتح کی پڑھائی جاری رکھیں۔ سہیلی کے لیے علیحدہ لوح شادی بنانے پڑے گی۔ آپ اپنی لوح شادی قریبی جھیل یا سمندر میں ڈال کر کے ٹھنڈی کر دیں۔

ذاتی گھر کی خواہش

مسز رافعہ حسن -------- سلام آباد

سوال: کاشف صاحب ہم گزشتہ 10 سال سے اسلام آباد میں کرائے پر رہ رہے ہیں۔ اپنا گھر بنانے کی بارہا کوشش کی لیکن کامیابی نہ ملی۔ ایک آفس کولیگ نے

آپ کے متعلق بتایا اور آپ کا میگزین ''روحانی گائیڈ'' اور ''کشف روحانی جنتری'' پڑھا اور آپ سے رابطہ کیا۔

آپ نے ذاتی گھر کے حصول کیلئے پڑھائی اور ''لوح سائبان'' بنا کر دی۔ بفضل تعالیٰ کلام الٰہی اور روحانی لوح کی برکات سے میرے شوہر کو اپنے محکمے کی طرف سے پلاٹ الاٹ ہوگیا ہے۔ انشاء اللہ اگلے ماہ اس پر اپنے گھر کی تعمیر شروع کرنے لگے ہیں۔ آپ کے لیے دعا گو ہوں آپ نے درست روحانی رہنمائی فرمائی۔ اس لوح سائبان کا کیا کروں۔

جواب: اللہ تعالیٰ کا خاص شکر جس نے ذاتی گھر کی خواہش پوری فرمادی۔ 'یا مالک' کا ورد جاری رکھیں۔

لوح کو پاس رکھیں۔ گھر میں شفٹ ہوجائیں تو وہاں ساتھ لے جائیں۔ نماز پنجگانہ کی پابندی کریں۔ نماز اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر کا بہترین اظہار ہے۔

انعامی بانڈ لگ گیا

مسز امین -------- لاہور

سوال: کاشف صاحب میرے شوہر ایک تاجر ہیں۔ ان کا شاہ عالمی مارکیٹ میں برتنوں کا بزنس ہے۔ مارکیٹ کے چند جواری دوستوں کے ساتھ مل کر انہیں پرچی جوا کا شوق ہوگیا۔ اچھا خاصا چلتا کاروبار اس پرچی جوا کی بدعادت کی وجہ سے تباہ کر چکے ہیں۔ سب گھر والوں کے سمجھانے کے باوجود پرچی جوئے سے باز نہیں آتے۔

ایک روز آپ کا رسالہ ''کشف روحانی جنتری'' میں ''لوح انعامی بانڈ'' کا پڑھا اور اپنے شوہر کو بتایا کہ پرچی جوئے کے بجائے روحانی عمل بنوائیں۔ شاید اس طرح آپ کو کوئی انعام مل جائے۔

آپ سے رابطہ کیا اور آپ نے ''لوح انعامی بانڈ'' بنا کر دی اور پڑھائی بتائی۔ بفضل تعالیٰ اس عمل کی برکت سے شوہر نے پرچی جوئے کا کام چھوڑ دیا۔ بزنس بھی سیٹ ہونے لگا ہے اور ایک دو انعامات بھی مل چکے ہیں۔ میں بہت خوش ہوں کہ میرے شوہر نے جوئے کے اس کام سے توبہ کر لی ہے۔

جواب: اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ آپ کے شوہر نے جوا چھوڑ دیا۔ سورہ انعام اور

سورہ مومنون کی پڑھائی جاری رکھیں۔ انشاء اللہ حالات بہتر ہو جائیں گے۔

UK ویزا

مسز اسماء -------- کراچی

سوال: شاہ صاحب میرا نکاح 4 سال قبل UK نیشنل لڑکے سے پاکستان میں ہوا۔ لڑکے والوں نے وعدہ کیا کہ جلد UK سے کاغذات تیار کروا کر لے جائیں گے۔

نکاح کے بعد لڑکے نے بلاوجہ فون پر لڑائی جھگڑے اور شک والی باتیں شروع کر دیں۔ 4 سال گزرنے کے باوجود نہ لڑکا پاکستان آیا ہے اور نہ ہی مجھے اس نے بلوایا ہے۔ گھر والے سخت پریشان تھے۔

آپ کے متعلق کسی رشتے دار سے پتہ چلا۔ آپ نے ''لوح سفر'' بنا کر دی۔ بفضل تعالیٰ اس روحانی عمل کی برکت سے 2 ماہ بعد میرے شوہر کا رویہ بہتر ہونے لگا اور انہوں نے میرے کیس پر توجہ دی۔

بفضل تعالیٰ میرا UK کا ویزا لگ گیا ہے۔ اس ماہ شوہر کے پاس UK جا رہی ہوں۔ اس لوح کا کیا کروں۔ پڑھائی جاری رکھوں۔

جواب: اللہ تعالیٰ کا لاکھ شکر کہ آپ کے شوہر آپ کے حق میں ہو گئے۔ سفر وسیلہ ظفر کی پڑھائی جاری رکھیں۔ لوح مبارکہ پاس رکھیں۔ UK جانے سے پہلے ''لوح بندھن شادی'' بنوا کر پاس رکھیں تاکہ ازدواجی گھر قائم رہے۔ آمین

12 برجوں کی لوح

وسیم خان -------- پشاور

سوال: شاہ صاحب میرا امپورٹ ایکسپورٹ کا بزنس ہے۔ پچھلے پانچ سال سے سخت نقصانات کا شکار ہوں۔ آپ کے بارے میں جنتری سے پڑھا اور رابطہ کیا۔

آپ نے زائچہ استخارہ کیا اور برجوں اور سیارگان کی نحوست کا بتایا۔ آپ کی ہدایت کے مطابق پڑھائی کی اور بطور روحانی تدارک ''12 برجوں کی لوح'' بنوا کر پاس رکھی۔

بفضل تعالیٰ پچھلے تین ماہ سے کاروبار اچھا ہونے لگا ہے۔ حالات بہتر ہو رہے ہیں۔ میرا بھائی بھی اس طرح کی شکایت کا شکار ہے کیا یہ لوح اسے دے دوں۔

جواب: اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے

رہیں۔نماز کی پابندی کریں۔ بھائی کے لیے علیحدہ لوح تیار ہوگی۔ پڑھائی جاری رکھیں

نگینوں کا لاکٹ

مسز ایس اے خان -- بحریہ ٹاؤن، لاہور

سوال: میں آپ سے زائچہ استخارہ کے ذریعے اپنا لکی سٹون، ہیلتھ سٹون، ویلتھ سٹون، پاور سٹون، وکٹری سٹون، کامیابی سٹون استخراج کروائے اور ان سب کا لاکٹ بنوایا۔

بفضل تعالیٰ سٹونز لاکٹ کے بہت حیران کن مفید اثرات حاصل ہوئے۔ ایک پراپرٹی جو عرصہ دراز سے فروخت کرنا چاہ رہی تھی سیل ہوگئی۔ صحت میں بہتری آگئی۔ گھر والوں بچوں شوہر کا رویہ بہتر ہوگیا۔ بزنس میں کروڑوں کا فائدہ ہوگیا۔

بہت سے مخالفین اور دشمن جو ہماری فیملی کے پیچھے پڑے ہوئے تھے ناکام ہوگئے۔ اس لاکٹ میں 7 سٹونز ہیں۔ کیا مزید سٹونز جڑوا سکتی ہوں۔

جواب: اللہ تعالیٰ کا شکر کہ نگینے آپ کو راس آگئے۔ آپ اس لاکٹ میں 12 نگینے تک جڑوا سکتی ہیں۔ نگینوں کی خیر و برکت کے حصول کے لیے سورہ رحمٰن کی پڑھائی جاری رکھیں۔

شوہر کا خراب رویہ

مائرہ --------لاہور

سوال: شاہ صاحب میری شادی کو 15 سال ہوگئے ہیں۔ شادی کے دن سے ہی میرے شوہر کا رویہ میرے سے خراب چلا آرہا ہے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر لڑائی جھگڑا گالی گلوچ کرتے ہیں۔ کئی بار میکے گئی لیکن بچوں اور والدین کی وجہ سے سسرال آکر سمجھوتے کی کوشش کی۔

ساس، جیٹھانی، دیور ہر وقت میری شکائتیں میرے شوہر سے لگاتے رہتے ہیں۔ شوہر دیور کے بچوں کا خیال رکھتے ہیں اور اپنے بچوں کو ہر وقت ڈانٹتے رہتے ہیں۔ سخت اذیت کا شکار تھی۔

ایک سہیلی نے کشف روحانی جنتری دی وہاں سے آپ کا نمبر لے کر آپ سے رابطہ کیا۔ آپ نے شوہر کو حق میں کرنے کے لیے ''لوح بندھن'' بنا کر دی۔

بفضل تعالیٰ چند روز میں ہی شوہر کا خراب رویہ اچھا ہونے لگا۔ اب ساس،

دیور اور جیٹھانی کی باتوں میں نہیں آتے۔ اپنے بچوں پر بھی توجہ دے رہے ہیں۔ 16 سال سے جہنم بنی ازدواجی زندگی جنت بننے لگی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی شکر گزار ہوں جس نے میری سن لی، کیا پڑھائی جاری رکھوں؟

جواب: اللہ تعالیٰ کا شکر آپ کو ازدواجی سکھ مل گیا۔ پڑھائی جاری رکھیں۔ نماز پنجگانہ کی پابندی کریں۔ انشاء اللہ جلد مزید بہتری آئے گی۔ آمین

تعلیمی ناکامی

ڈاکٹر اقلیم خان --------- بلوچستان

سوال: شاہ صاحب پچھلے 5 سال سے سپیشلائزیشن کرنے کے لیے امتحانات دے رہا ہوں لیکن مسلسل کئی سال سے ناکامی ہو رہی ہے۔ اس وجہ سے میں ترقی اور شادی بھی رکی ہوئی ہے۔ زائچہ استخارہ کر کے میری رہنمائی فرمائیں۔

جواب: ڈاکٹر صاحب ساڑھ ستی کے سخت وار کے باعث آپ کو مسلسل ناکامی ہوتی رہی۔ ساڑھ ستی کا دورانیہ ساڑھے سات سال ہوتا ہے۔ یہ گردشی وقت تقریباً ختم ہونے لگا ہے۔ انشاء اللہ سال 2018 کے اختتام تا 2019 کے آغاز تک آپ کو امتحانات میں کامیابی مل جائے گی۔ نحوست سیارگان کے تدارک کے لیے اور تعلیمی کامیابی کے لیے ''لوح تعلیمی'' بنوا کر پاس رکھیں۔

ماہانہ محفل میں شرکت

مسز خان --------- لاہور

سوال: شاہ صاحب میں ہر ماہ باقاعدگی سے ماہانہ محفل میلاد میں شرکت کرتی ہوں۔ بفضل تعالیٰ میرے شوہر کی نوکری کا مسئلہ حل ہو گیا ہے۔ بچوں کے تعلیمی حالات بھی ٹھیک ہو گئے ہیں۔ میری صحت بھی اچھی ہونے لگی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی شکر گزار ہوں کے جس نے مجھے مشکلات سے نجات دی۔

جواب: دعا عبادتوں کا مغز ہے۔ سچے دل سے کی جائے تو بالآخر قبول ہو جاتی ہے۔ زندگیوں میں نکھار آجاتا ہے۔ آپ اپنے گھر میں بھی میلاد اور دعا کی محفل کا انعقاد کریں۔ انشاء اللہ مزید بہتری آئے گی۔ آمین

جادو کا وار

ارشد --------- فیصل آباد

سوال: شاہ صاحب میرا لوہے کی مصنوعات تیار کرنے کا کارخانہ ہے۔ ہمارا تیار کردہ مال پورے ملک میں جاتا ہے۔ پچھلے سال اچانک نقصان ہوگئے کئی ورکرز بلاوجہ چھوڑ کر چلے گئے۔ مشین خراب ہونے لگی۔ کارخانے میں خون اور پانی کے چھینٹے گرنے لگے۔ طبعیت بھی خراب رہنے لگی۔

آپ سے ایک دوست کی توسط سے رابطہ کیا آپ نے زائچہ استخارہ کر کے جادو بندش کے بارے میں بتایا اور ''لوح ردسحر جادو اور رد بداثرات'' بنا کر دی۔ مخصوص پڑھائی اور صدقات بتائے۔

بفضل تعالیٰ چند دنوں میں ہی بداثرات و نحوست زائل ہونے لگی۔ کاروبار بہتر ہونے لگا۔ پڑھائی کب تک جاری رکھوں۔

جواب: اللہ کا شکر بداثرات ختم ہوئے لیکن ابھی مکمل طور پر بدعملیات ختم نہیں ہوئے۔ کافی بداثرات ابھی باقی ہیں۔ مکمل بہتری میں 3 ماہ لگ سکتے ہیں۔

انگوٹھی سیارگان

سیارے کی مخصوص خصوصیات اور اثرات ہیں اپنے سیارے کے مطابق یا کسی خاص مراد و حاجت کے لئے متعلقہ سیارے کی انگوٹھی پہننا انتہائی مفید ہے۔

لوح شادی

انشاءاللہ اس لوح مبارکہ کی برکت اور روحانی قوت کی بدولت رشتے شادی میں حائل ہر قسم کی رکاوٹ، بندش، تاخیر، پریشانی ختم ہو جائے گی اور جلد ہی پسند کے مطابق اچھا رشتہ طے ہو جائے گا۔

تمام حالات موافق ہونے کے باوجود رشتہ طے نہیں ہوتا یا طے ہوتا ہے لیکن پھر ٹوٹ جاتا ہے یا شادی نکاح ہونے میں بلاوجہ تاخیر ہوتی جاتی ہے اس کی وجہ سیاروں کی ناموافق پوزیشن بھی ہو سکتی ہے۔ سیاروں کی وجہ سے پیدا ہونے والا منگل یوگ بہت سخت رکاوٹ بن جاتا ہے۔ لہٰذا اس رکاوٹ کو دور کرنے کے لیے سیاروں کی پوزیشن کا جاننا بہت ضروری ہے تاکہ ان کی پوزیشن کو موافق کیا جا سکے یا رشتہ طے کرنے کے لیے مناسب ساعت کا انتخاب کیا جا سکے۔

''لوح شادی'' سیاروں کے باعث حائل ان رکاوٹوں کو دور کرنے یا کسی بدعملیات اور جادو سحر، یا نظر بد کے اثرات کے تدارک کے لیے تیار کی جاتی ہے اور پسند کے مطابق بہترین رشتہ، اور شادی طے ہونے میں بہت مجرب اور طاقتور روحانی عمل ہے۔

ہدیہ لوح وحات پر 5000 روپے،

ہدیہ لوح کارڈ پر 3000 روپے،

زائچہ شادی بنوائیں، جیون ساتھی کے بارے میں جانیے

برج حمل ♈

سیارہ مریخ (Mars) ♂ Mars

21 مارچ تا 20 اپریل

نوٹ

اسماء الحسنیٰ یا مالک یا قدوس روزانہ 1100 بار اول و آخر 11-11 بار درود شریف کے ہمراہ پڑھنا معمول بنائیں۔
روزانہ سورۃ فتح بمعہ ترجمہ تلاوت معمول بنائیں
برج حمل والے لوح حمل/لوح مریخ بنوا کر پاس رکھیں۔

حاکم سیارہ	مریخ (Mars)
متعلقہ حروف	ا۔ل۔ع۔ی
لکی نمبر	9
لکی دن	منگل
دیگر موافق دن	جمعرات، جمعہ
ہر ماہ کی لکی تاریخیں	30,29,27,21,18,12,9,6,3
لکی رنگ	سرخ، گلابی
موافق نگینہ	عقیق (Aqate)
دوست بروج	میزان، قوس، حوت، جدی، اسد دلو
غیر موافق بروج	سرطان، سنبلہ، جوزا
نیوٹرل بروج	ثور، عقرب
موافق دھات	لوہا
دیگر موافق دھاتیں	تانبا، گولڈ
بہتر مہینے	اپریل، نومبر، جنوری

شرف	شمس 19 ڈگری پر برج حمل میں
سمت	مشرق
عنصر	آگ
عنصری کیفیت	آتشی برج
جنس	مذکر
جسم کے حصے سے تعلق	سر اور ماتھے کا حاکم برج

صدقات:

صدقہ کے لیے موافق دن منگل ہے۔ بروز منگل یا کسی اور پرندوں کو روٹی، سالن، چاول، سبزیوں، گوشت کا سالن ڈالیں، کیڑے مکوڑوں کو شکر ڈالیں۔ آٹا، دالیں چاول بطور راشن دے کر کسی ضرورت مند کی مدد کریں۔ حسب توفیق 9، 45، 90، 900 روپے کسی مستحق کو دے دیں۔

موافق خوراک:

شہد، دودھ، سیب، گاجر، دیسی گھی، مٹر، سرخ دالیں، سرخ گوشت وغیرہ۔

موافق شعبے:

لوہا، سیکورٹی، پولیس، فوج، ٹرانسپورٹ، بینک، زیورات وغیرہ۔

برج حمل

‹سیارہ مریخ Mars›

21 مارچ تا 20 اپریل

آسانیوں کا سال

اللہ تعالی کے خاص فضل وکرم سے نیا سال 2019 برج حمل سے وابستہ خواتین و حضرات کیلئے آسانیاں کامیابیاں لیے ہوئے آرہا ہے۔

حملی افراد جو کہ پچھلے 4/3 سال سے مختلف قسم کی نحوستوں گردشوں کے باعث مشکلات کا شکار ہیں ان کے لیے خوشخبری ہے کہ یہ سال سب سابقہ بندشوں کے خاتمے کا سال ثابت ہوگا۔

نیا سال 2019 حملی کاروباری افراد کیلئے بہت لکی ثابت ہورہا ہے۔ سال نو کی ابتدائی سہ ماہی اپریل سے وسط سہ ماہی جولائی تک معاشی امور میں خصوصی ترقی و کامیابی کا امکان روشن ہے۔

خصوصاً مئی جون میں کوئی بڑا آرڈر مل سکتا ہے۔ کیس ایسے کاروبار میں آپ جا سکتے ہیں جس کی مارکیٹ میں ڈیمانڈ ہو کاروباری حکمت میں تھوڑی تبدیلی سے کاروبار وسیع کرنے کو مواقع مل سکتے ہیں۔

ملازمت پیشہ حملی خواتین وحضرات کو سال نو ملے جلے حالات دے رہا ہے۔ بے روزگار عقربی افراد وخواتین کو ملازمت ملنے کا امکان ہے۔ وہ حملی افراد جو کسی بہتر اور اچھی سیلری والی ملازمت کے انتظار میں رہتے ہیں۔ ان کیلئے اس سال 15 اپریل سے 15 مئی کا دورانیہ بہت لکی ہے اس دوران اپلائی کرنے سے بفضل تعالی کسی اچھی جگہ جاب مل سکتی ہے۔

حصول ملازمت یا ترقی ملازمت کے خواہاں حملی افراد روزانہ کسی نماز کے بعد 900 بار 'یامسبب الاسباب' پڑھنا معمول بنائیں۔ (اول وآخر 3-3 بار درود شریف) کشادگی رزق کیلئے کاروباری حملی افراد

"یا نافع" اور "یا رزاق" کا بکثرت ورد کریں (اول و آخر 3-3 بار درود شریف پڑھیں)۔

عقربی افراد کو نحوست زحل کے باعث پچھلے چند سالوں سے گردش و نقصان کا سامنا ہے۔ حالات دن بدن خراب ہوتے جا رہے ہیں۔ ایسے عقربی افراد کو چاہیئے کہ کشادگی رزق کیلئے "لوح مشتری" بنوا کر پاس رکھیں۔

حملی سنگ لڑکے لڑکیاں یا شادی کے خواہاں حملی خوتین و حضرات کیلئے نئے سال کی شعائیں۔ ان کے زائچے میں روشنی بکھیر رہی ہے۔ خاص طور پر شادی کا ساتواں گھر نشاندہی کر رہا ہے کہ 2018 حملی افراد و خواتین (جن کی شادی نہیں ہوئی) کی شادی کا سال ہے۔

آپ کا ذاتی سیارہ مریخ ہے۔ جب آپ کا ذاتی سیرہ پیدائشی زائچے میں نحس ہو اور عمومی اوقتی زائچے میں مریخ کی پوزیشن دیگر اہم میں آ رہی ہو تو ایسے حملی خواتین و حضرات منگل یوگ کا شکار ہوتے ہیں۔

منگلیشی افراد کی شادی ہونے میں بلا وجہ رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں۔ رشتہ شادی نہیں ہوتی۔ اگر رشتہ منگنی ہو جائے تو کسی چھوٹے سے اختلاف پر منگنی ٹوٹ جاتی ہے۔

منگل یوگ زیادہ سخت لگا ہو تو ایسے لڑکے / لڑکیوں کی شادی تاخیر سے ہوتی ہے۔ اور یہ تاخیر 32 سال کی عمر تک ہو سکتی ہے۔ مریخ نحوست کے دوران 32 سال کی دوری پیدا کرتا ہے۔

اگر آپ حملی ہیں اور آپ کی شادی میں تاخیر ہو رہی ہے۔ تو اپنے زائچہ استخارے کو چیک کروا کر جانیں کہ آپ منگلی ہیں یا نہ اگر ایسا ہے تو اس مارچ بہتر موثر ہے۔ پیدائشی نحوست بھی بفضل تعالی زائل ہو جاتی ہے۔ نحوست زحل کے خاتمے کیلئے 'سات سیارگان کی لوح' 'یا لوح شادی' بہت موثر ہے۔

منگل سے تعلق رکھنے والے خواتین و حضرات شادی شدہ زندگی قدرے رکاوٹوں کا سامنا ہوتا ہے۔ شادی شدہ افراد کو 8-2 میں خاص احتیاط کی ضرورت ہے۔ اگر جذباتی ہو کر گھریلو لڑائی کو بڑھایا تو گھریلو ماحول سخت کشیدہ ہو سکتا ہے۔ شریک حیات ناراض ہو کر اپنے میکے جا سکتی ہے۔

خاص طور پر جون، جولائی، اگست

سے متعلقہ گھریلو ناچاقی بڑھنے کا امکان ہے۔ اس دوران صبر و تحمل اور برداشت کرنے یا فاصلہ رکھنے سے بہت سے مسائل خود بخود حل ہو سکتے ہیں

2019 کو حملی افراد کیلئے خوش قسمتی کا سال کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ اس سال کاروباری فوائد کے علاوہ اچانک معاشی فوائد بھی حاصل ہو سکتے ہیں۔

وہ حملی افراد جن کو پرائز بانڈز لے کر رکھنے کا شوق ہے ان کیلئے خوش خبری ہے کہ سال 2018 میں برکاتی، نیک ساعتیں آ رہی ہیں۔ جن میں بڑے لیول پر پرائز بانڈ کا انعام مل سکتا ہے۔

حصول انعام کیلئے حملی افراد اپنی کلی تاریخوں کے مطابق بروز جمعرات یا جمعہ کلی بانڈز خرید سکتے ہیں اور انعامی بانڈز کی تاثیرات بڑھانے کیلئے 'لوح انعامی بانڈ' بنوا کر اپنے پاس رکھیں انعامی لوح کے ہمراہ پڑھائی "یارحیم یارحمٰن یا قاضی الحاجات" 100 بار پڑھیں (اول و آخر 3-3 بار درود شریف پڑھیں)۔

سال نو 2019 کا نمبر 3 بن رہا ہے اسلئے حصول انعام کی لوح بنوانے کے لئے کاوش کریں۔ اس لوح مبارکہ (لوح انعامی) کی برکت بہت سے لوگوں کے کروڑوں کے انعامات نکل چکے ہیں۔ کشادگی رزق کے لئے "یاواسع یارزاق" 100 بار کسی بھی نماز کے بعد ورد کرنا معمول بنائیں۔ (اول و آخر 3-3 بار درود شریف پڑھیں)۔

حملی سٹوڈنٹس کو ~~2048~~ 2018 میں امتحانات میں نمایاں کامیابیاں ملنے کی امید ہے۔ خاص طور پر جولائی سے ستمبر کا دورانیہ بہت سازگار ہے۔ عطارد کی کمزوری کی وجہ سے حملی سٹوڈنٹس کو پچھلے ایک سال سے تعلیمی پریشانیوں کا سامنا ہے۔ یہ تعلیمی بندشیں اس سال 2019 کے آخر نومبر دسمبر سے ختم ہو رہی ہیں

حملی طالب علم تعلیمی کارکردگی میں اضافے کیلئے کسی نماز کے بعد "یاعلیم یاحکیم" 313 بار (اول و آخر 3-3 بار درود شریف پڑھیں) تعلیمی سیارہ نحس چل رہا ہو تو بلاوجہ تعلیمی ناکامی پیش آتی ہے۔

امتحانات میں بار بار فیل ہونے والے حملی سٹوڈنٹس کو چاہیے کہ بطور روحانی امداد 'لوح عطارد تعلیمی' بنوا کر پاس رکھیں۔

حملی لوگوں کیلئے صحت کے لحاظ سے 2019 کا سال بہت قوت بخش اور طاقتور ہے۔حملی خواتین و حضرات نحوست مریخ ۔ نحوست زحل کی وجہ سے پچھلے سال سے مختلف امراض کا شکار چلے آ رہے ہیں۔ قوت مدافعت کم ہونے کی وجہ سے بیماریوں کا حملہ ہو رہا ہے۔

ان حملی افراد کو انشاء اللہ اس سال مثبت اثرات کی وجہ سے شفا نصیب ہو گی۔ حصول شفاء کیلئے کسی نماز کے بعد "یا سلام یا شافی "313 بار (اول و آخر 3-3 بار درود شریف پڑھیں) پڑھنا معمول بنائیں۔

بطور روحانی تدارک 'لوح شفائے کاملہ' بنوا کر پاس رکھیں۔

مریخی افراد (حملی افراد) کو اس سال بہت سے اندرون ملک اور بیرون ملک سفر پیش آنے کا امکان ہے۔ نئے سال میں سفر کے سیارے قمر اور عطارد اچھی حالت میں چل رہیں ہے۔

امریکہ، یورپ، کینڈا یا دیگر گلف ممالک کے سفر کی خواہش رکھنے والی حملی افراد کی یہ خواہش سال کی ابتداء 15 اپریل سے 15 مئی تک پوری ہوتی نظر آ رہی ہے۔

اس کے علاوہ روحانی سفر (حج عمرہ زیارات) کی مراد رکھنے والے حملی خواتین و حضرات کو سفر میں آسانی نصیب ہو گی۔

حملی افراد جو نحوست سیارگان کے باعث سفر میں ناکامی کا شکار ہیں۔ بار بار ویزا ریفیوژل ہو جاتا ہے۔ انہیں چاہیے "لوح سفر وسیلہ ظفر" بنوا کر پاس رکھیں۔

برج حمل سے متعلقہ سیارہ مریخ ہے۔حملی خواتین و حضرات کو ایسے نگینے راس آتے ہیں جن کا ذاتی سیارہ مریخ ہو۔

حملی افراد کا لکی سٹون اور برتھ سٹون 'بلڈ سٹون' ہے۔ برج حمل والوں کو بہت موافق وراس آتا ہے۔ بلڈ سٹون ایک شفائی نگینہ ہے۔ بہت سی بیماریوں کے علاج کے لئے مفید ہے

برج حمل والے عمومی خیر و برکت کیلئے قرآن پاک کے صفحے (یا ایک رکوع) کی تلاوت بمعہ ترجمہ معمول بنائیں۔ اسماء الحسنیٰ 'یا مالک یا قدوس' کا ورد بکثرت کریں۔ (اول و آخر 3-3 بار درود شریف پڑھیں)

برج حمل والے خواتین و حضرات سورہ یٰسٓ کی تلاوت بمعہ ترجمہ معمول بنائیں۔ انشاء اللہ بہت سی بندشوں نحوستوں

گردشوں کا تدارک ہو جائے گا۔ اور زندگی میں فتح و نصرت کامیابی آئے گی۔ آمین۔

برج حمل والوں سے متعلقہ سیارہ مریخ طبعاً گرم ہے۔ اسلئے اثرات حملی افراد پر مختلف طریقوں سے ہوتے ہیں۔

حملی افراد کے لیئے سرخ مرچ زیادہ استعمال بہت نقصان دے ہے۔ کھانوں میں مرچ مصالحہ بہت کم رکھیں۔ تاکہ مختلف بیماریوں سے بچاؤ ممکن ہو سکے۔ دہی دودھ باقاعدگی سے استعمال کریں۔

حملی افراد کے لئے سرخ پھل مثلاً اسٹرابری، گاجر، سرخ سیب اور چقندر انار وغیرہ بہت مفید و موافق غذائیں ہیں۔

لوح انعامی بانڈ

اپنے نام۔ پرائز بانڈ کے مطابق

مبارک و موافق ساعتوں میں عمل غناء کے ذریعے

ترقی۔ کامیابی۔ مال و دولت۔ خوشحالی

کے حصول کیلئے

لوح انعامی بانڈ

تیار کروائیں

انشاء اللہ آپ کی تمام جائز مرادیں، حاجات پوری ہو جائیں گی

لوح کامیابی سفر

انشاء اللہ اس لوح مبارکہ کی برکت اور روحانی قوت کی بدولت سفر حسب منشا کامیابیوں اور کامرانیوں سے ہمکنار ہوتا ہے، اور ممکنہ رکاوٹوں اور نقصانات سے بچاتا ہے، سفر کے مقاصد اور اہداف حاصل ہوتے ہیں۔

سفر کسی بھی مقصد کے لیے ہو اور کسی بھی مقام کی طرف ہو، مثلاً بیرون ملک اعلیٰ تعلیم، حصول روزگار، کاروباری ترقی کے لیے بزنس وزٹ، یا فیملی رشتہ داروں سے ملاقات کے لیے ہو، ویزا کا حصول ایک بہت مشکل مرحلہ ہے، سب سے زیادہ رکاوٹ و تاخیر ویزا ملنے میں پیش آتی ہے۔ بالخصوص اعلیٰ تعلیم اور امیگریشن کا ویزا ملنا بہت طویل اور سخت دشوار ہے۔

حصول ویزا میں حائل پوشیدہ ان تمام رکاوٹوں کو ختم کرنے کے لیے "لوح کامیابی سفر" ایک بہت طاقتور روحانی عمل ہے جو اپنا اثر فوری دکھاتا ہے۔

اسی طرح ویزا ملنے کے بعد کی مشکلات جیسے اعلیٰ تعلیم کی تکمیل، حصول روزگار، سیٹل ہونا، حصول نیشنلٹی وغیرہ اور کاروباری اہداف کا حصول اور کامیاب بزنس وزٹ میں حصول منافع کے لیے یہ ایک پرتاثیر لوح ہے۔

(کارڈ پر لوح سفر کا ہدیہ 3000 روپے)

(دھات پر لوح سفر کا ہدیہ 5000 روپے)

ادارہ کشف روحانی

323 کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

(نزد اللہ والی مسجد مالقابل یونین کونسل آفس سٹریٹ نمبر 9

0300-8083509 , 0333-4502187

Facebook:Kashfrohanejantry

برج ثور

سیارہ زہرہ (Venus)

21 اپریل تا 21 مئی

اسماء الحسنیٰ یا کافی یا غنی روزانہ 1100 بار اول و آخر 11-11 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں	
سورۃ بقرہ روزانہ کم از کم ایک رکوع اور ترجمہ پڑھنا معمول بنائیں	
حاکم سیارہ	زہرہ (Venus)
متعلقہ حروف	ب۔د
لکی نمبر	6
ہر ماہ کی لکی تاریخیں	30,24,18,12,9,6
لکی رنگ	ہلکا نیلا، سبز
لکی دن	جمعۃ المبارک
دیگر لکی دن	جمعرات، ہفتہ
موافق نگینہ	زبرجد (Beryl)
دوست بروج	میزان، قوس، حوت، جدی، دلو
غیر موافق بروج	حمل، جوزا، عقرب، سنبلہ
نیوٹرل بروج	سرطان، اسد
موافق دھات	چاندی
بہتر مہینے	مئی، اکتوبر، دسمبر
شرف	سیارہ قمر کو 3 ڈگری پر شرف برج ثور میں

سمت	جنوب
عنصر	پانی
عنصری کیفیت	خاکی برج
جنس	مؤنث
جسم کے حصے سے تعلق	منہ اور گالوں کا حاکم

صدقات:

بروز جمعہ یا کسی روز گھر کی بچی ہوئی دالیں، سبزی، گوشت کا سالن، روٹی وغیرہ پرندوں کو ڈالیں۔ کیڑوں کو شکر ڈالیں۔ جانوروں کو سبز چارہ ڈالیں۔ حسب توفیق کسی ضرورت مند کو چاول، آٹا، دالیں بطور راشن یا نقد رقم دے کر مدد کریں۔

موافق خوراک:

پالک، ساگ، مونگ کی دال، شہد، کلونجی، سبز دالیں، دہی، گوشت، بریانی وغیرہ۔

موافق شعبے:

گارمنٹس، میڈیسن، بینک، جیولری، کنسٹرکشن، کتابیں، بک سٹور، بیکری، جنرل سٹور، فرنیچر وغیرہ

برج ثور VENUS

﴿سیارہ زہرہ Taurus﴾

21 اپریل تا 21 مئی

کامیابیوں کا سال

اللہ تعالی کے فضل وکرم سے نیا سال 2019 ثوری خواتین و حضرات کیلئے کامیابیوں، ترقیوں اور خوشحالیاں لیے طلوع ہو رہا ہے۔

ثوری افراد جو کسی کا روبار یا ملازمت سے منسلک ہیں ان کے لئے خوش خبری ہے کہ نئے سال کا سورج آپ کیلئے بہت سی کامیابیاں لئے ہوئے آرہا ہے۔

ثوری افراد کو نحوست سیارگان بالخصوص نحوست زحل کی وجہ سے بہت سے نقصانات کا سامنا ہے۔ کاروبار میں دن بدن کمی آتی جارہی ہے۔ معاشی مسائل بڑھ رہے ہیں۔ ان ثوری افراد کو نوروز کی نیک ساعتوں (21 مارچ سے) میں یہ گردش سیارگان ختم ہوتی نظر آرہی ہے۔

اس دوران کاروبار میں نئی سرمایہ کاری کا واضح امکان ہے۔ کاروباری نیٹ ورک میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ کاروباری نقصان معاشی فوائد میں بدل جائیں گے

ملازمت پیشہ ثوری خواتین و حضرات کو اس برس ملازمت کی ترقی کے مواقع مل رہے ہیں۔ وہ ثوری افراد عرصہ دراز سے پروموشن کے منتظر ہیں۔ حکام پروموشن کرنے کو قطعاً تیار نہیں ہیں۔

ان کیلئے 20 اپریل تا 20 اگست کا دورانیہ بہت ساز گار ہے۔ اس دوران ثوری افراد و خواتین 'یامسبب الاسباب یامقدم' کا ورد 313 بار روزانہ یا 100 بار پڑھیں اول وآخر 3-3 بار درود شریف

سیارہ مشتری زائچے میں مضبوط اور اچھی حالت میں ہو تو آمدن کاروبار میں اضافہ ہونا۔ جائیداد، گھر، دوکان خریدنے کے مواقع ملتے ہیں۔

اس سال ثوری افراد کے زائچے میں مشتری خاص تاثیرات بنا رہا ہے۔ بہتر ہے اس مبارک وقت میں 'لوح مشتری' بنوا کر پاس رکھیں۔

ہر ثوری لڑکے، لڑکی کی کوشش ہوگی کہ اس کی شادی کسی اچھے گھرانے میں ہو۔ ان میزانی افراد کیلئے خوش خبری ہے کہ مریخ (منگل یوگ) کی نحوست جو عرصہ دراز سے میزانی لڑکیوں، لڑکوں کے تعاقب میں ہے۔ بفضل تعالی اس سال اگست ستمبر کے دوران ختم ہو رہی ہے۔ شادی پسند کے مطابق یا کسی اچھے گھرانے میں ہونے کی توقع ہے۔

شادی میں آسانی کامیابی اور نحوستوں کے توڑ کے لئے ثوری افراد "لوح شادی" بنوا کر پاس رکھیں منگل یوگ زائچے میں ہو تو شادی تاخیر سے ہوتی ہے۔ بلاوجہ شادی میں رکاوٹ بندش محسوس ہوتی ہے۔

ثوری لڑکے / لڑکیاں شادی میں آسانی کامیابی کیلئے "یامعطی یارحیم یارحمٰن" روزانہ 313 بار کسی نماز کے بعد پڑھنا معمول بنائیں۔ اول و آخر 3-3 بار درود شریف پڑھیں۔

ثوری افراد کا ذاتی سیارہ زہرہ ہے۔ زہرہ کو محبت کا ستارہ بھی کہا جاتا ہے۔ ثوری افراد کا برتھ سٹون کیٹس آئی ہے۔

کیٹس آئی کا ذاتی سیارہ زہرہ ہے۔ اسی لحاظ سے کیٹس آئی ثوری افراد کو بہت راس آتا ہے۔ شادی شدہ ثوری خواتین و حضرات کیلئے نیا سال قدرے بہتر گزرنے کی توقع ہے۔ اس دوران معمولی ناچاقی لڑائی جھگڑا بھی ہوتا رہے گا۔

سال نو کے ماہ اپریل سے جون کے دوران ثوری شادی شدہ افراد کو خاص احتیاط کی ضرورت ہے۔ اس دوران نحوست سیارگان کے باعث میزانی شادی شدہ لوگوں میں اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں۔ چھوٹی سی بات بڑھ سکتی ہے۔

بہتر ہے اس دوران صبر و تحمل اور برداشت سے کام لیں۔ جبکہ ستمبر سے نومبر کا دورانیہ میں زہرہ کے مثبت اثرات کی وجہ سے گھریلو ازدواجی سکھ میں اضافہ ہوگا

ثوری شادی شدہ افراد گھر میں ازدواجی سکون کیلئے 'یاودود یاجامع' 'یاودودُ یارحیم' کا ورد 100، 100 بار کریں اول و آخر 3-3 بار درود شریف پڑھیں۔

ازدواجی گھریلو سکھ کیلئے بطور روحانی امداد 'لوح بندھن حب وتسخیر' بنوا کر پاس رکھیں

نئے سال میں ثوری افراد کے سفر کے سیارے گردش سے باہر نکل رہے ہیں۔ پچھلے 2 سال سے ثوری افراد کو سفری گردش کا سامنا ہے، ویزا، امیگریشن کیسز میں ثوری افراد کو رفیوژل ہو رہا ہے۔ ان ثوری افراد وخواتین کے لئے خوشخبری ہے کہ اپریل مئی کے دورانیئے میں سازگار اثرات سیارگان کے باعث سفر میں آسانی کامیابی ہوسکتی ہے

ثوری افراد جو کہ حج، عمرہ زیارات دیگر روحانی سفروں کے خواہش مند ہیں بفضل تعالی ان کی یہ خواہش / مراد اس سال پوری ہو رہی ہے۔ سفر میں آسانی کامیابی کیلئے سورۃ زمر کی آیت

"وارض اللہ واسعہ"

ترجمہ: اور اللہ کی زمین وسیع ہے۔

روزانہ کسی نماز کے بعد 100 بار پڑھیں اول وآخر 3-3 بار درود شریف پڑھیں اور دعا کریں۔

بطور روحانی امداد 'لوح سفر وسیلہ ظفر' بنوا کر پاس رکھیں۔

ثوری افراد عموماً متوازن خوارک اور متوازن طرز زندگی اپنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ جس کی وجہ سے بہت سی بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں۔ سال نوصحت کے لحاظ سے ثوری افراد کیلئے ملے جلے اثرات کا حامل ہے۔ سال کی ابتدائی ماہ جنوری، فروری، مارچ، اپریل کے دوران صحت کا خاص خیال رکھیں۔

مریخ کے نحس اثرات کی وجہ سے اعصابی، جسمانی کھچاؤ پیدا ہوسکتا ہے۔ اس کے علاوہ معدے اور پٹھوں کے مسائل پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ بہتر ہے اس دورانیے میں مصالحے دار اشاء یا بازاری کھانے سے اجتناب کریں۔

اگست ستمبر کا دورانیہ صحت کے لحاظ سے قدرے بہتر ہے۔ اس دوران کئی امراض میں شفاء ملنے کی امید ہے۔

ثوری افراد حصول شفا کیلئے "سلام قولاً من رب رحیم" 100 بار کسی نماز کے بعد اول وآخر 3-3 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں۔

ثوری خواتین وحضرات طبعاً معاشی ترقی کیلئے کوشاں رہتے ہیں۔ ترقی پسندیت

ان میں بدرجہ اتم پائی جاتی ہے۔ وہ ثوری افراد جو پرائز بانڈ کے ذریعے حصول انعام کے خواہاں ہیں۔ اور ان کو باوجود خواہش کے ابھی تک کامیابی نہیں ملی ان کیلئے خوشخبری ہے۔ اس سال سیارگان مشتری، زہرہ کے باہمی مثبت اثرات کی وجہ سے انعام حاصل ہونے کے امکانات روشن ہیں۔

خاص طور پر نو روز 21 مارچ سے 21 مئی اور ستمبر سے دسمبر کے دوران انعام ملنے کی خوشی مل سکتی ہے۔

اکثر لوگ بانڈز لے کر گھر میں یا لاکرز میں رکھوا دیتے ہیں۔ کوئی روحانی کاوش نہیں کرتے۔ جس وجہ سے انہیں مایوسی ہوتی رہتی ہے۔ جس طرح کسی درخت / پودے کا بیج لگا دینا کافی نہیں بلکہ اس پودے کو پانی، روشنی، کھاد ادویات کا خیال رکھنا پڑھتا ہے۔ تب جا کر کہیں پودا درخت بن کر پھل دیتا ہے۔ اسی طرح بانڈز کے ساتھ روحانی عمل امداد بہت ضروری ہے۔ میزانی افراد حصول انعام کے لئے کسی نماز کے بعد۔

"ان اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب"

ترجمہ: بے شک اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے

100 بار پڑھنا معمول بنائیں۔ انشاللہ جلد ہی مراد پوری ہو گی بطور روحانی امداد "لوح انعامی بانڈ" جامع / گولڈن بنوا کر پاس رکھیں۔

زمین جائیداد سے منسلک میزانی افراد کیلئے سال 2019 بہترین سال ثابت ہونے کا امکان ہے۔ پراپرٹی ڈیلرز بلڈرز کیلئے خاص طور پر سال کا وسط جون جولائی اگست اور سال کے آخر کے ماہ ستمبر سے دسمبر بہت موافق ہیں۔ نفع جائیداد کے حوالے سے وقت بہت سازگار ہے۔

ذاتی گھر۔ جائیداد کے خواہش مند ثوری خواتین وحضرات کیلئے اچھی خبر ہے کہ جون سے اگست کے دوران ذاتی گھر کی تعمیر / خریداری کے حوالے سے بہت سازگار وقت ہے۔ ثوری افراد ذاتی گھر، مکان یا پلاٹ کے حصول کیلئے "یا مالک" 100 بار کسی نماز کے بعد ورد کریں (اول و آخر 3-3 بار درود شریف پڑھیں) بطور روحانی امداد "لوح سائبان" بنوا کر پاس رکھیں۔

برج ثور والوں کا لکی ڈے جمعتہ المبارک ہے۔ ثوری افراد جمعتہ المبارک کے دن صدقات، خیرات کا خصوصی اہتمام

کریں۔ نماز جمعہ سے قبل یا جمعہ کی نماز کے بعد مستحقین ضرورت مند کی حسب توفیق مدد کریں۔ عمومی خیر و برکت کیلئے قرآن پاک کی تلاوت بمعہ ترجمہ معمول بنائیں۔ روزانہ کم از کم ایک صفحہ یا ایک رکوع پڑھیں۔ اور ترجمے مفہوم کو سمجھیں۔ میزانی افراد سے متعلقہ دن "جمعتہ المبارک" ہے۔

قرآن پاک کی ایک سورہ مبارک کا نام "سورہ جمعہ" ہے۔ ثوری خواتین و حضرات زندگی میں عمومی خیر و برکت اور فتح و نصرت کامیابی کے لئے سورہ جمعہ بمعہ ترجمہ پڑھنا معمول بنائیں۔

حسب توفیق و سہولت کسی جمعرات یا جمعہ گھر پر محفل مبارکہ دعا کا اہتمام کریں۔ جمعرات بہت مبارک دن ہے جمعرات کے مبارک ہونے کا تعلق بھی اسی لئے ہے کہ یہ جمعہ کا دن آنے سے پہلے والی رات ہوتی ہے۔ محفل میلاد و دعا کی برکت سے بہت سے مسائل خود بخود حل ہونے لگتے ہیں۔

برج ثور سے متعلقہ اسماالحسنی "یا کافی یا غنی" ہیں۔ ان اسماء الحسنی کا ورد روزانہ 1100 بار کریں (اول و آخر 3-3 بار درود شریف پڑھیں)۔

لوح بندھن

شادی کا بندھن مضبوط بنائے

میاں بیوی میں لازوال محبت و چاہت کے جذبات پیدا کرنے اور مخالفین کے حسد و کینہ، بدنظری، جادو و سحر کے سفلی وار سے محفوظ رکھنے کیلئے ایک نہایت طاقتور روحانی عمل ہے جس سے بیشمار جوڑے مستفید ہو چکے ہیں۔

لوح مبارکہ کے بیشمار روحانی خواص ہیں:

میاں بیوی میں ذہنی و دماغی ہم آہنگی و یکسانیت پیدا ہو سیاروں کی عدم موافقت کے باعث بداثرات کا خاتمہ شوہر کی بدعادات، بے راہ روی میں مثبت تبدیلی لائے شوہر تمام تر توجہ بیوی کو دے اور غیر میں دلچسپی نہ لے سسرال والوں کی مخالفت و سازشوں سے حفاظت ہو ناراض ہو کر میکے گئی بیوی راضی ہو کر بخوشی واپس آئے جادو، سحر، تعویز گنڈوں کے نحس اور سفلی اثرات سے محفوظ رکھ کر دشمنوں اور حاسدوں کے وار ناکام بنائے بیرون ملک جو شوہر بیوی کو بلانے پر راضی نہ ہو وہ بلانے پر راضی ہو اور سفر میں ممکنہ رکاوٹوں کا تدارک ہو۔

بے شمار جوڑے لوح مبارکہ کی برکات و روحانی قوتوں سے فیضاب ہو کر اپنی ازدواجی زندگی خوشگوار بنا چکے ہیں۔

ہدیہ لوح دھات پر 5000 روپے

ہدیہ لوح کارڈ پر -/3000 روپے

ادارہ کشف روحانی

323 کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

(نزد اللہ والی مسجد بالمقابل یونین کونسل آفس سٹریٹ نمبر 9

0300-8083509 , 0333-4502187

Facebook:Kashfrohanejantry

برج جوزا

سیارہ عطارد
(Mercury)

22 مئی تا 21 جون

اسم الٰہی یا علی یا عظیم، روزانہ 1100 بار اول و آخر 11-11 بار درود شریف ورد معمول بنائیں	
سورۃ فرمان اور سورۃ لقمان کی تلاوت بمعہ ترجمہ (روزانہ معمول بنائیں (کم از کم ایک رکوع)	
حاکم سیارہ	عطارد (Mercury)
متعلقہ حروف	ق۔ک
لکی نمبر	5
ہر ماہ کی لکی تاریخیں	25,20,19,10,7,5
لکی رنگ	پیلا، سبز
لکی دن	بدھ
دیگر موافق دن	پیر، ہفتہ
موافق نگینہ	پکھراج (ٹوپاز Topaz)
دوست بروج	اسد، سنبلہ، جدی، سرطان، دلو
غیر موزوں بروج	قوس، حوت، حمل، عقرب
نیوٹرل بروج	ثور، میزان
موافق دھات	چاندی
بہتر مہینے	جون، ستمبر

شرف	سیارہ عطارد کو برج میں 11 درجے پر شرف
سمت	مغرب
عنصر	ہوا
عنصری کیفیت	بادی برج
جنس	مذکر
جسم کے حصے سے تعلق	گلے اور کندھے

صدقات:

برج جوزا والے پرندوں کو اکیلی دالوں کا سالن یا پراٹھا، نان ڈالیں۔ حشرات الارض کو شکر ڈالیں۔ کسی ضرورت مند کو بطور راشن شکر، گڑ، گھی، پیلی دالیں، چاول، گندم دے دیں۔

موافق خوراک:

برج جوزا والوں کے لیے شہد، دیسی گھی، دالیں، پیاز، بند گوبھی، چکن، آم، سیب موافق خوراک ہیں۔ موسمی پھل، دودھ، دہی باقاعدگی سے استعمال کریں۔

موافق شعبے:

پبلشنگ، کتابیں، پبلسٹی، میڈیا، پروفیسری، بک سٹور، ایڈووکیٹ، جج، سیکریٹری، رائٹر، ایڈیٹر، اکاؤنٹس، کامرس، ریسرچ کے شعبے

برج جوزا GEMINI

﴿سیارہ عطارد Mercury﴾

22 مئی تا 21 جون

خوشحالی کا سال

بفضل تعالی نیا سال 2019 جوزی خواتین وحضرات کیلئے خوشحالی کے پیغامات لئے ہوئے طلوع ہورہا ہے۔

برج جوزا والوں کے معاشی معاملات اس سال کے آغاز کی دوسری سہ ماہی (اپریل تا جون) میں خاص طور پر بہتر ہوتے نظر آرہے ہیں۔ مشتری، شمس، زہرہ کے اثرات زائچے میں خوش قسمتی کے یوگ بنارہے ہیں۔

اس کاروبار سے منسلک جوزی افراد کو اس سال 2019 میں کاروباری نفع میں اضافے کا واضح امکان ہے۔ کاروبار میں مزید وسعت کیلئے کسی دوست یا افراد کا تعاون حاصل ہوسکتا ہے۔ پارٹنر کے انتخاب میں خاص احتیاط کی ضرورت ہے۔ یہ شراکت دار بہت سے نقصان کا باعث بھی بن جاتے ہیں۔

جوزی افراد کو پچھلے سال جن گردشوں کا سامنا رہا ہے۔ بفضل تعالی اس سال ان نحوستوں گردشوں سے نجات ملنے کا وقت آگیا ہے۔

ستمبر تا نومبر کا دورانیہ کاروباری معاملات کے لحاظ سے بہت سازگار ہے۔ وہ جوزی لوگ جو کوئی نیا کاروبار یا وسعت بزنس کے خواہاں ہیں۔ ان کیلئے یہ مناسب وقت ہے۔ کشادگی رزق کیلئے جوزی افراد نماز کے بعد 'ان اللہ یرزق من یشا بغیر حساب' ترجمہ: بے شک اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔

ایک تسبیح 100 بار ورد کریں اول و آخر 3-3 بار درود شریف۔

ملازمت پیشہ جوزی خواتین و حضرات کیلئے خوشخبری ہے کہ ملازمت میں ترقی کے مواقع اس سال کے مارچ اپریل کے دوران ملنے کا امکان ہیں۔ وہ جوزی جو

کسی اچھی ملازمت کی تلاش میں ہیں ان کیلئے ستمبر اکتوبر کا دورانیہ سازگار ہے۔

بہتر ملازمت کے حصول کیلئے جوزی افراد "یامسبب الاسباب" کا ورد 900 بار روزانہ کسی نماز کے بعد کریں۔ (اول و آخر 3-3 بار درود شریف)۔

سیارہ مریخ کی نحوست کے باعث پچھلے کئی برسوں سے سنبلی لڑکے لڑکیاں شادی میں رکاوٹ تاخیر کا شکار ہیں۔ نحوست سیارگان کی وجہ سے شادی رشتے کے معاملات میں کوئی خاص پیش رفت نہیں ہو پا رہی۔ جوزی لڑکے لڑکیوں کے لئے خوشی کی خبر ہے کہ اس سال 2019 میں شادی میں مسائل رکاوٹوں سے خلاصی مل جائے گی خاص طور پر 15 جون سے 8 اگست کے دوران حسب منشا رشتہ شادی منگنی وغیرہ کا امکان ہے۔

منگل یوگ کی وجہ سے جن لڑکیوں کی شادی میں تاخیر ہو رہی ہے ان کو اگست تا ستمبر کے دوران بندش مریخ سے نجات مل سکتی ہے۔ مریخ زائچہ میں منفی ہو تو شادی میں 32 سال کی عمر تک تاخیر ہو جاتی ہے۔

ایسی لڑکیوں، لڑکوں کو چاہیئے کہ نیا شادی کا زائچہ بنوا کر چیک کروائیں کہ وہ نحوست مریخ / منگل یوگ سے متاثر تو نہیں ہیں اگر منگل یوگ لگا ہو تو نحوست کے تدارک کیلئے 'یالطیف یارحیم یاکریم' کا ورد کسی نماز کے بعد 313 بار اول آخر 3-3 بار درود شریف پڑھنا معمول بنالیں۔

بندش سخت ہو تو "لوح شادی" بنوا کر پاس رکھیں۔ پسند کی شادی کے خواہاں جوزی افراد کو اس سال جون جولائی میں اپنی مراد حاصل ہونے کا امکان ہے۔

بیرون ملک سفر کے حوالے سے نیا سال جوزی افراد کو راس آرہا ہے۔ 5 جون سے 5 اگست کا دورانیہ مین سفر سے متعلقہ سیارگان کی چال آپ کے حق میں جا رہی ہے۔ اس دوران ویزا، امیگریشن کے کوشاں جوزی افراد کو کامیابی ملنے کا امکان ہے

سفر سے متعلقہ سیارگان قمر اور عطارد ہیں۔ یہ سیارگان نحس حالت میں ہوں تو سفر میں رکاوٹ، مشکل پیدا ہوتی ہے اور اگر سفر کے سیارگان اچھی چال میں ہوں تو سفری معاملات میں آسانی پیدا ہوتی ہے۔

وہ جوزی افراد جن ویزا رفیوژل کا سامنا ہے یا بار بار اپلائی کرنے کے باوجود بیرون ملک سفر میں ناکامی ہو رہی ہے۔ ان کو

چاہیئے 'لوح سفر وسیلہ ظفر' بنوا کر پاس رکھیں انشاءاللہ سفر میں کامیابی ہوگی۔

شادی شدہ جوزی خواتین وحضرات کے ازدواجی گھریلو حالات اس سال بہتر ہیں۔شریک حیات سے مختلف اختلافات اور غلط فہمیاں حل ہونے کا امکان ہے۔ سیارہ زہرہ، سیارہ شمس کے مثبت اثرات کی وجہ سے آپ کے گھریلو ازدواجی زائچے میں بہتری آرہی ہے۔

جوزی شادی شدہ افراد کو پچھلے چند سالوں سے گھریلو ازدواجی پریشانیوں کا سامنا ہے۔لیکن اس سال اس کے برعکس خوشگوار تعلقات کی نشاندہی ہورہی ہے۔

شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں کشیدگی کے بجائے دوستانہ پن آنے کا واضح امکان ہے۔ اکتوبر، نومبر کے دوران ایک دوسرے سے بلاوجہ اختلاف رائے کرنے یا گفتو میں تلخی سے گریز کریں۔اس عرصے میں بات کا بتنگڑ بننے کا اندیشہ ہوسکتا ہے۔ بلاوجہ لڑائی بڑھ سکتی ہے۔

جوزی افراد شریک حیات کو حق میں کرنے اور ازدواجی گھریلو سکھ بہتر تعلقات کیلئے 'یاودود یاکبیر' کسی نماز کے بعد 313 بار (اول وآخر 3 - 3 بار درود شریف) پڑھنا معمول بنائیں۔ گھریلو تلخی زیادہ ہوتو 'لوح بندھن (برائے حب وتسخیر)' بنوا کر پاس رکھیں

جوزی افراد کو اس سال اپنی صحت پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ نئے سال کی دوسری سہ ماہی کے دوارن اپنی فٹنس کو برقرار رکھنے کیلئے خصوصی کوشش کریں۔ غفلت کی وجہ سے بلڈ پریشر یا اعصابی جسمانی کھچاؤ پیدا ہوسکتا ہے۔ بہتر ہے کہ واک ورزش کے ساتھ خوراک میں بھی کمی لائیں۔ اور پھل سبزیوں کا استعمال بڑھائیں گوشت کا ستعمال بتدریج کم کریں۔

نیا سال جوزی خواتین، حضرات کے زائچے میں خوش بختی کی کئی نئے یوگ بنا رہا ہے۔ وہ جوزی افراد جو پرائز بانڈز کے ذریعے اپنی خوش نصیبی کو آزماتے رہتے ہیں۔ ان کیلئے خوشی کی خبر ہے اس سال کے وسط جون جولائی تک حصول انعام کے خوابوں کو تعبیر مل سکتی ہے۔ بڑا انعام یا اس سے کم انعام مل سکتا ہے۔

حصول انعام کے لئے جوزی افراد بطور روحانی امداد 'یانافع یارزاق' کا ورد 313 بار کسی نماز کے بعد (اول وآخر 3-3 بار درود شریف) معمول بنائیں

پرائز بانڈز کے ذریعے احصول انعام کی روحانی کاوش کے طور پر 'لوح انعامی بانڈ' بہت موثر ہے۔لوح بنوا کر پاس رکھیں اپنا انعامی زائچہ ضرور بنوائیں تا کہ معلوم ہو سکے کہ آپ کے زائچے میں یوگ ہے کہ نہیں۔ انعامی یوگ ہو تو حصول انعام کی خواہش بفضل تعالی ضرور پوری ہوتی ہے۔

جوزی سٹوڈنٹس کے لئے تعلیمی حوالے سے 2019 قدرے بہتر سال ہے۔ پچھلے 2 سال سے جوزی سٹوڈنٹس نحوست سیارگان کی وجہ سے تعلیمی ناکامیوں کا شکار ہیں۔ باوجود کوشش کے نمبرز یا گریڈز لینے میں مشکل ہو رہی ہے۔ان کیلئے خوشی کی خبر یہ ہے کہ دوسری سہ ماہی سے تعلیمی سیارگان کے حالت میں آنے کی وجہ سے تعلیمی کامیابیوں کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔بفضل تعالی اس سال جوزی سٹوڈنٹس اعلی تعلیمی کارکردگی دکھانے میں کامیاب رہیں گے۔

جوزی سٹوڈنٹس کو چاہیے کہ تعلیمی امور میں کامیابی کے لئے کسی نماز کے بعد 'یا علیم یا حکیم' 100 بار 'رب زدنی علما' 100 بار پڑھنا معمول بنائیں (اول و آخر 3-3 بار درود شریف)

سیارہ عطارد نحس حالت میں ہو تو ذہنی دباؤ بڑھ جاتا ہے۔جس کی وجہ سے مزاج کردار میں تبدیلیاں آنے لگی ہیں۔طالب علم تعلیمی مصروفیات کے بجائے غیر تعلیمی تفریحات میں پڑھ جاتا ہے۔ بری صحت۔ بری عادات۔ بدمزاج ہو جاتا ہے۔نتیجہ تعلیم میں ناکامی کی صورت میں نکلتا ہے۔

ایسے جوزی طالب علموں کو چاہیئے کہ بطور روحانی امداد 'لوح عطارد تعلیمی' بنوا کر پاس رکھیں۔ جوزی افراد سے متعلقہ سیارہ عطارد ہے۔ان کے لئے یہ لوح بہت مفید و موثر ہے

اپنا گھر اپنی جنت ہر کسی کی خواہش ہوتی ہے کہ اسکا اپنا گھر ہو۔ جوزی خواتین و حضرات جو اپنے ذاتی گھر کی خواہش رکھتے ہیں ان کیلئے اچھی خبر یہ ہے کہ نئے سال انہیں بفضل تعالی اپنی یہ مراد پوری کرنے کا موقع ملے گا سال 2019 میں مئی جون جولائی اور اگست ستمبر کے ماہ حصول جائیداد سے نفع کے حوالے سے بہت مفید ہیں۔ اس دورانیئے میں زمین جائیداد کے کام سے منسلک جوزی پراپرٹی ڈیلز۔ بلڈرز یا پراپرٹی انویسٹر لوگوں ک بڑے فائدے مل سکتے ہیں۔

ذاتی گھر کے حصول کیلئے جوزی خواتین و حضرات روزانہ کسی نماز کے بعد "یا مالک" 313 بار پڑھنا معمول بنائیں (اول و آخر 3-3 بار درود شریف)

پراپرٹی کا کام کرنے والے جوزی افراد "یا مالک یا والی" کا ورد 313 بار (اول و آخر 3-3 بار درود شریف) کے ہمراہ پڑھنا معمول بنائیں۔

پچھلے 5 سال سے جوزی افراد کو مختلف قسم کی مخالفتوں دشمنیوں کا سامنا ہے۔ لیکن اس سال بفضل تعالیٰ سیارگان کی بہتر پوزیشن ہونے کی وجہ سے بہت سے مخالفین اپنی بلا وجہ کی مخالفت سے دستبردار ہو جائیں گے۔

کسی ناراض دوست کی طرف سے دوستی کا پیغام ملے گا۔ کئی دشمن مغلوب ہو جائیں گے۔ سال کے آغاز میں ہی حالات میں تبدیلی محسوس ہوگی۔

جوزی افراد کو چاہیئے کہ حاسدین مخالفین دشمنوں کے شر سے بچاؤ اور ان پر غلبے کیلئے 'لوح فتح نامہ' بنوا کر پاس رکھیں۔ اور سورہ فتح کی پہلی آیت 'انا فتحنا لك فتحاً مبینا' 100 بار کسی نماز کے بعد ورد کریں۔

جوزی افراد عمومی خیر و برکت کامیابی کیلئے سورہ فتح اور سورہ رحمٰن کی تلاوت کریں

کشف لیگل سروسز

تمام قسم کے قانونی مسائل، مقدمات اور کارپوریٹس امور سے متعلق درست رہنمائی و مشاورت

☆ سول، پراپرٹی خرید و فروخت / انتقال

☆ معاہدات کرایہ داری، گروی / قبضہ وغیرہ

☆ کارپوریٹ (کمپنی / کمرشل) کیسز رجسٹریشن، ٹریڈ مارک، کاپی رائٹس وغیرہ

☆ فیملی کیسز، میرج، مینٹیننس کلیم وغیرہ

☆ گورنمنٹ سروسز، پینشن، پروموشن وغیرہ ٹیکس ریٹرن کیسز، ای فائلنگ، ریکوری

☆ سرکاری دفاتر / دستاویز سے متعلق مسائل / رکاوٹوں کا فوری Urgent اور قانونی حل

اسکے علاوہ فوجداری معاملات / مقدمات میں بھی خدمات فراہم کی جاتی ہیں

بروقت و درست رہنمائی سے کامیابی یقینی ہے

323 کریم بلاک، نزد مسجد اللہ والی، اقبال ٹاؤن، لاہور

0300-8083509, 0333-4502187

69 برج سرطان

سیارہ قمر (Moon)

22 جون تا 22 جولائی

اسماء الحسنیٰ یارحمٰن، یارحیم 1100 بار اول و آخر 11-11 بار درود شریف کے ہمراہ پڑھنا	
سورۃ قمر روزانہ بمعہ ترجمہ پڑھنا معمول بنائیں	
حاکم سیارہ	قمر (Moon)
متعلقہ حروف	ح۔ہ
لکی نمبر	2
ہر ماہ کی لکی تاریخیں	28,24,23,22,18,16,12,11,8,6,5,4,2
لکی رنگ	سفید
لکی دھات	چاندی
موافق دن	پیر
لکی دن	پیر، جمعرات، جمعہ
موافق نگینہ	مون سٹون
دوست بروج	ثور، جوزا، سنبلہ، میزان، قوس، حوت
غیر موزوں بروج	عقرب، حمل
نیوٹرل بروج	اسد
موافق دھات	چاندی
بہتر مہینے	جون، جولائی، مئی، دسمبر، اکتوبر
شرف	برج سرطان میں سیارہ مشتری 15 ڈگری پر شرف

سمت	شمال
عنصر	پانی
عنصری کیفیت	آبی برج
جنس	مونث
جسم کے حصے سے تعلق	چھاتی اور بالائی بازو

صدقات:

بروز پیر یا کسی بھی روز سفید اشیاء مثلاً نان، انڈے، بریڈ وغیرہ پرندوں یا جانوروں کو ڈالیں۔ آٹا، چینی، چاول، دالیں، گھی، دودھ، مکھن، حسب توفیق کسی ضرورت مند کو دیں۔

موافق خوراک:

موافق خوراک میں ایسی غذائیں شامل ہیں جن کے رنگ بالعموم سفید ہوں، یا سفیدی مائل ہوں۔ مثلاً دودھ، دہی، انڈے، سفید سبزیاں مثلاً مولیاں، شلجم سیب، بادام، مچھلی، مرغی (وائٹ میٹ)، کھیر، دال چاول وغیرہ۔

موافق شعبے:

ڈاکٹر، نرس، میڈیسن، ہوٹل، بیکری، علوم، فنون، گوشت کا کام، پھل سبزی کا کام، امپورٹ ایکسپورٹ، سکول، ڈسپنسری، آرٹسٹک ورک وغیرہ۔

برج سرطان CANCER

(سیارہ قمر MOON)

22 جون تا 22 جولائی

برکتوں کا سال

بفضل تعالیٰ نیا سال 2019 کی روشن کرنیں آپ کی زندگی میں برکتوں رحمتوں کی برسات لیے ہوئے طلوع ہو رہی ہیں۔ سرطانی لوگ پچھلے 2 سے 3 سال سے گردش سیارگان کا شکار ہیں۔ ان کیلئے عافیت وخوشگواریت کا مقام ہے کہ یہ سال ان کے سابقہ دکھوں کے مداوا کرنے کا کام کرے گا۔

سرطانی خواتین وحضرات کو پچھلے چند سال کی نحوست وگردش نے بہت کمزور کر دیا ہے۔ خاص طور پر کاروباری افراد قرض اور نقصانات کے بوجھ تلے آ گئے ہیں۔ ان سب سرطانی کاروباری افراد کے لیے خوشخبری ہے کہ مشتری، شمس، زہرہ کی نیک و مبارک ساعتیں آپکے زائچے کو روشن کر رہی ہیں۔ انشا اللہ سال کی ابتدائی سہ ماہی جنوری، فروری میں ہی کاروبار میں کشادگی محسوس ہوگی نئے آرڈر ملیں گے نفع میں اضافہ ہوگا۔

کاروبار میں وسعت کا قوی امکان ہے۔ ملازمت یا جاب کرنے والے اسدی افراد کو ملازمت میں ترقی جون سے ستمبر کے دوران مل سکتی ہے۔ معاشی ترقی خوشحالی کیلئے سرطانی افراد وخواتین بکثرت

"یارزاق یامسبب الاسباب"

کسی نماز کے بعد 313 بار اول وآخر 3-3 بار درود شریف پڑھیں۔

سرطانی افراد کا حاکم سیارہ قمر ہے۔ انکے لئے وہ نگینہ بہتر ہوگا جس نگینے کا ذاتی سیارہ بھی قمر ہو۔ اس لحاظ سے سرطانی خواتین وحضرات کے لیے ''مون سٹون'' بہترین انتخاب ہے۔

مارکیٹ میں جعلی نگینوں کی بھرمار ہے۔ اصل مون سٹون اگر 5000 میں ملتا ہے تو جعلی یاقوت (رنگ کیا شیشے والا) 500 روپے میں مل جاتا ہے۔ بہتر ہے کہ

اصل ستون پہنا جائے۔ اور کسی ماہر کے مشورے سے ایسا کیا جائے۔

غیر شادی شدہ سرطانی افراد جن کو پچھلے کئی سال سے شادی کی بندش کا سامنا ہے۔ ایسے سرطانی لڑکے لڑکیوں کو اس سال کی دوسری سہ ماہی اپریل مئی جون میں رشتے شادی میں آسانی کامیابی مل سکتی ہے خاص طور پر اپریل سے جون کے دوران حسب منشا رشتہ شادی منگنی وغیرہ طے پانے کا امکان ہے۔

سرطانی افراد کا حاکم سیارہ قمر ہے۔ 21 مارچ کے بعد سے آپکے زائچے میں خوش قسمتی کی روشنی پڑ رہی ہے۔ سرطانی لڑکیاں لڑکے جن کی شادی عرصہ دراز سے رکی ہوئی ہے۔ وہ اپنا شادی کا زائچہ بنوا کر جانیں کہ شادی میں تاخیر کی کیا وجہ ہے؟

کسی منگل یوگ یا زحل یوگ کی وجہ سے شادی میں رکاوٹ تو نہیں آرہی۔ اگر منگلیشی بندش ہے تو اسے ختم کرنا بہت ضروری ہے۔ بصورت دیگر منگلی یوگ ایسی نحوست پیدا کرتا ہے۔ کہ رشتہ شادی ٹوٹ جاتی ہے۔ یوگ کی وجہ سے لڑکی کی عمر 32 سال سے زائد عمر میں ہوتی ہے۔ منگل یوگ کا پہلا پڑاؤ 32 سال بعد ہوتا ہے۔ یعنی شادی 32 سال کے بعد ہوتی ہے

شادی میں آسانی کامیابی کیلئے اسدی افراد روزانہ کسی نماز کے بعد "یارحیم یاکریم یارحمٰن" کا ورد 313 بار یا 100 بار معمول بنائیں (اول وآخر 3-3 بار درود شریف) اور 'لوح شادی' بنوا کر پاس رکھیں۔

سرطانی شادی شدہ خواتین و حضرات کے لئے نیا سال کئی مشکلات لئے آرہا ہے۔ اپریل سے جون اور اگست سے اکتوبر کے دوران ازدواجی گھریلو مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ شریک حیات سے بلا وجہ چھوٹے چھوٹے معاملات پر اختلافات شدید ہو سکتے ہیں۔ بہتر ہے اس دوران تحمل و معاملہ فہمی سے کام لیں۔

نحوست سیارگان کے اثرات کی وجہ سے سرطانی افراد کی گھریلو زندگی متاثر ہو سکتی ہے۔ سرطانی افراد کو چاہیئے کہ باہمی محبت سلوک کے لئے "یاجامع" کا ورد کسی نماز کے بعد 313 بار کریں۔ (اول و آخر 3-3 بار درود شریف) پڑھائی چینی یا کسی میٹھی شے پر دم کر کے استعمال کریں۔

بطور روحانی امداد "لوح بندھن حب وتسخیر" بنوا کر پاس رکھیں۔ نومبر دسمبر میں سیارگان کی نحوست کم ہونے کی وجہ سے

کشیدگی میں کمی آسکتی ہے۔

بیرون ملک سفر کی خواہش رکھنے والے سرطانی خواتین و حضرات خاطر جمع رکھیں۔ اس سال آپ کو سفر میں کامیابی مل سکتی ہے۔ تیسری سہ ماہی جون اور جولائی اگست کے ماہ اس حوالے سے اہم ہیں۔

وہ سرطانی خواتین و حضرات جن کو حصول ویزہ، امیگریشن میں ریفوژل کا سامنا ہے اس سازگار وقت میں انکی مشکل ختم ہوسکتی ہے۔ سفر میں آسانی کامیابی کیلئے سرطانی افراد کسی نماز کے بعد "وارض اللہ واسعہ" ترجمہ: اور اللہ تعالی کی زمین وسیع ہے۔ 100 بار پڑھیں۔ اول و آخر 8-7 بار درود شریف پڑھیں۔ بطور روحانی امداد "لوح سفر وسیلہ ظفر" بنوا کر پاس رکھیں۔ یہ لوح مبارکہ سفر کی اس آیت کے مطابق تیار کی جاتی ہے۔ یہ لوح مبارکہ سفر کیلئے بہت مجرب اور آزمودہ روحانی عمل ہے۔

سرطانی طالب علموں کے تعلیم کا سیارہ اس سال بہتری کی جانب گامزن ہے۔ تعلیمی سیارے کی نحوست کے باعث بہت سے سرطانی سٹوڈنٹس پچھلے 2 سالوں سے گوناگوں تعلیمی مسائل ناکامیوں کا شکار ہیں۔ تیاری کے باوجود امتحانات میں یاداشت کام نہیں کرتی۔ جس کی وجہ سے رزلٹ خراب ہوجاتا ہے

سرطانی سٹوڈنٹس کو چاہئے کہ تعلیمی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے کسی نماز کے بعد "یاعلیم رب زدنی علما" 100 بار پڑھنا معمول بنائیں۔ (اول وآخر 3-3 بار درود شریف)

تعلیم سے متعلقہ سیارہ عطارد ہے۔ عطارد نحس ہو تو پڑھائی میں جی نہیں لگتا۔ فضول تفریحات میں وقت گزارنے کو دل کرتا ہے۔ نحس اثرات کی وجہ سے کمپیوٹر گیمز، دوستی یاری، سگرٹ، موٹر سائیکلنگ میں سرطانی سٹوڈنٹس وقت ضائع کرنے لگے ہیں۔ مزاج عادات میں تلخی آجاتی ہے۔ بلاوجہ غصہ آنے لگتا ہے۔ ان حالات میں حصول کامیابی کیلئے نحوست سیارگان کا تدارک ضروری ہے۔

سرطانی افراد بطور روحانی تدارک "لوح عطارد تعلیمی" بنوا کر پاس رکھیں۔

سرطانی خواتین و حضرات کا نشان کیکڑا ہے۔ سرطانی لوگ اچھی صحت ڈیل ڈول کے مالک ہوتے ہیں۔ اس سال 2019 میں سرطانی افراد کے صحت کے سیارے بہتر حالت میں ہیں۔ سال کی

دوسری سہ ماہی (اپریل مئی جون) کے دوران صحت کے معاملات میں نسبتاً احتیاط کی ضرورت ہے۔ معدے، اعصابی امراض کا سامنا ہوسکتا ہے۔

15 جون سے اگست کے دوران بازاری کھانوں یا مرغن کھانوں کی وجہ سے فوڈ پوائزنگ ہوسکتی ہے۔ فاسٹ فوڈ اور سافٹ ڈرنکس سرطانی افراد کو بہت نقصان دے سکتے ہیں

وہ سرطانی خواتین و حضرات جنہوں نے قسمت آزمائی کے لئے پرائز بانڈز اپنے پاس رکھے ہوئے ہیں۔ لیکن کبھی قسمت نے یاوری نہیں کی۔ ان کیلئے خوشی کی بات یہ ہے۔ کہ اس سال 2019 میں "خوش قسمتی کی دستک" آپ کے دروازے پر ہونے والی ہے۔ سیارہ مشتری، شمس اور دیگر سیارگان اچھی حالت میں ہوں تو معاشی معاملات میں بڑی کامیابی مل جاتی ہے۔

اس سال بفضل تعالی اپریل مئی جون جولائی کا دورانیہ آپ کیلئے بہت لکی ہے۔ اس دوران حصول انعام کی خواہش حقیقت بن سکتی ہے۔ سرطانی افراد کو روحانی مشورہ ہے کہ وہ کشادگی رزق اور حصول انعام کیلئے "یاواسع یارزاق" کا ورد کسی نماز کے بعد 313 بار اول و آخر 3-3 بار درود شریف کرنا معمول بنائیں اور "لوح انعامی بانڈ" بنوا کر پاس رکھیں۔

سرطانی افراد جو زمین جائیداد کے کام میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ انہیں اس سال اپریل سے جو اور ستمبر سے دسمبر کے دوران سازگار حالات حاصل رہیں گے۔ زمین، جائیداد سے خاصا نفع حاصل ہوسکتا ہے۔ ذاتی گھر / مکان کے خواہش مند خواتین، حضرات کیلئے خوشخبری ہے کہ زمین جائیداد سے متعلقہ خوش قسمتی آپ کے قریب آچکی ہے بفضل تعالی اس سال مارچ اپریل مئی جون کے دوران ذاتی گھر یا مکان سے متعلقہ خواب شرمندہ تعبیر ہوسکتا ہے۔ سرطانی افراد ذاتی گھر جائیداد کے حصول کیلئے کسی بھی نماز کے بعد "یامالک" 313 بار ورد (اول و آخر 3-3 بار درود شریف) معمول بنائیں اور 'لوح سائبان' بنوا کر پاس رکھیں

برج سرطان والوں سے متعلقہ سٹار قمر ہے۔ سرطانی خواتین وحضرات کو وہ نگینے خاص طور پر راس آتے ہیں جن کا ذاتی سیارہ قمر ہی ہو۔ اس لحاظ سے برج سرطان والوں کیلئے ''مون سٹون'' لکی سٹون ہے۔

برج اسد ♌

سیارہ شمس (Sun)

23 جولائی تا 23 اگست

سمت	مشرق
عنصر	آگ
عنصری کیفیت	آتشی برج
جنس	مذکر
جسم کے حصے سے تعلق	آنکھیں اور ریڑھ کی ہڈی

اسم الٰہی یا حی یا قیوم، روزانہ 1100 بار اول و آخر 11-11 بار درود شریف ورد معمول بنائیں	
سورۃ الشمس کی تلاوت نماز فجر کے بعد بمعہ ترجمہ (روزانہ معمول بنائیں	
حاکم سیارہ	شمس (Sun)
متعلقہ حروف	م
لکی نمبر	1
ہر ماہ کی لکی تاریخیں	19,15,11,9,7,5,3,1 29,27,25,22,21,
لکی رنگ	سنہرا
لکی دن	اتوار
دیگر موزوں دن	پیر، منگل، جمعرات
موافق نگینہ	یاقوت (میرونی)
دوست بروج	حمل، میزان، ثور، جوزا، حوت
غیر موزوں بروج	عقرب، دلو
نیوٹرل بروج	جوزا، سرطان، سنبلہ
موافق دھات	پیلا سونا، پیتل
بہتر مہینے	اگست، اکتوبر، دسمبر

صدقات:

بروز اتوار یا کسی بھی روز گھی کے پراٹھے توڑ کر پرندوں کو ڈالیں۔ کیڑے مکوڑوں کو ناشتے کا بچا کھچا کھانا ڈالیں کسی ضرورت مند کو بطور راشن شکر، گھی، گندم، نان، روغنی نان، چنے، بیسن دیں۔

موافق خوراک:

شہد، انڈے، پیلی سرخی مائل دالیں، کیلے، آم، پکوڑے، گوشت کے پکوان وغیرہ۔

موافق شعبے:

صنعت و حرفت، سیاست، درس و تدریس، میڈیسن، سپورٹس، جیولرز، بینک کاری، سرکس، سکول، مالکان، این جی و، جواہرات، میڈیا، فنون وغیرہ۔

برج اسد LEO

⟨سیارہ شمس SUN⟩

23 جولائی تا 23 اگست

کامیابیوں ترقیوں کا سال

بفضل تعالیٰ نئے سال 2019 کی روشن چمکتی شعاعیں آپ کی زندگی میں کامیابیوں ترقیوں کے پیغامات لیے ہوئے آرہی ہیں۔

اسدی خواتین وحضرات کو پچھلے 3 سے 5 سال کے دوران نحوست گردش نے بندش کا شکار کر دیا ہے ان کیلئے خوشخبری ہے کہ 2019 میں آپ کو معاشی استحکام ملنے کا واضح امکان ہے۔ سیارہ مشتری کے اس سال مشتری کے سعد اثرات آپ کے زائچے کو روشن کر رہے ہیں۔

اسدی افراد کشادگی رزق کے لیے ''یانافع یارزاق'' کا ورد 1100 بار یا 313 بار اول وآخر 3-3 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں۔

اسدی خواتین وحضرات کا نشان شیر ہے عموماً اسدی لوگ اچھی صحت ڈیل ڈول کے مالک ہوتے ہیں۔ اس سال 2019 میں اسدی افراد کے صحت کے سیارے بہتر حالت میں ہیں۔ سال کی تیسری سہ ماہی (جولائی اگست ستمبر) کے دوران صحت کے معاملات میں نسبتاً احتیاط کی ضرورت ہے۔ معدے، اعصابی امراض کا سامنا ہوسکتا ہے۔

15 جولائی سے اگست کے دوران بازاری کھانوں یا مرغن کھانوں کی وجہ سے فوڈ پوائزننگ ہوسکتی ہے۔ فاسٹ فوڈ اور سافٹ ڈرنکس اسدی افراد کو بہت نقصان دے سکتے ہیں

وہ اسدی خواتین وحضرات جنہوں نے قسمت آزمائی کے لئے پرائز بانڈز اپنے پاس رکھے ہوئے ہیں۔ لیکن کبھی قسمت نے یاوری نہیں کی۔ ان کیلئے خوشی کی بات یہ ہے۔ کہ اس سال 2019 میں "خوش قسمتی

کی دستک " آپ کے دروازے پر ہونے والی ہے۔ سیارہ مشتری، شمس اور دیگر سیارگان اچھی حالت میں ہوں تو معاشی معاملات میں بڑی کامیابی مل جاتی ہے۔

اس سال بفضل تعالی مارچ اپریل کا دورانیہ آپ کیلئے بہت لکی ہے۔ اس دوران حصول انعام کی خواہش حقیقت بن سکتی ہے۔

اسدی افراد کو روحانی مشورہ ہے کہ وہ کشادگی رزق اور حصول انعام کیلئے "یاواسع یارزاق " کا ورد کسی نماز کے بعد 313 بار اول و آخر 3-3 بار درود شریف کرنا معمول بنائیں اور "لوح انعامی بانڈ" بنواکر پاس رکھیں

اسدی افراد جو زمین جائیداد کے کام میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ انہیں اس سال اپریل سے جولائی ستمبر سے دسمبر کے دوران سازگار حالات حاصل رہیں گے۔ زمین، جائیداد سے خاصا نفع حاصل ہو سکتا ہے۔ ذاتی گھر / مکان کے خواہش مند اسدی خواتین، حضرات کیلئے خوشخبری ہے کہ زمین جائیداد سے متعلقہ خوش قسمتی آپ کے قریب آچکی ہے

بفضل تعالی اس سال مارچ اپریل مئی جون کے دوران ذاتی گھر یا مکان سے متعلقہ خواب شرمندہ تعبیر ہو سکتا ہے۔ سرطانی افراد ذاتی گھر جائیداد کے حصول کیلئے کسی بھی نماز کے بعد "یامالک " 313 بار ورد (اول و آخر 3-3 بار درود شریف) معمول بنائیں اور 'لوح سائبان' بنواکر پاس رکھیں

برج اسد والوں سے متعلقہ سٹار شمس ہے۔ اسد خواتین و حضرات کو وہ نگینے خاص طور پر راس آتے ہیں جن کا ذاتی سیارہ شمس ہی ہو۔ اس لحاظ سے برج اسد والوں کیلئے ''یاقوت'' لکی سٹون ہے۔

یہ اسدی افراد کا برتھ سٹون بھی ہے۔ ہلکے گہرے مہرون کلر میں یاقوت کا نگینہ اسدی خواتین و حضرات انگوٹھی یا لاکٹ میں بنواکر پہنیں ادارہ کشف روحانی سے یہ نگینہ مناسب ہدیہ پر مفت تحائف حاصل کیا جا سکتا ہے

برج اسد سے متعلقہ اسماء الحسنی 'یاحی یاقیوم' 1100 بار بار 313 بار یہ اسماء الحسنی ورد کریں۔ اول و آکر 11-11 بار درود شریف اسدی افراد سے متعلقہ سٹار شمس ہے۔ قرآن پاک میں ایک سورۃ مبارکہ 'سورۃ شمس' کا نام سیارہ شمس پر رکھا گیا ہے

اسدی افراد عمومی خیر و برکت فتح و نصرت کامیابی کیلئے روزانہ سورۃ شمس اور سورہ فتح بمعہ ترجمہ پڑھنا معمول بنائیں۔

عمومی طور پر سال 2019 اسدی شخصیات کیلئے بہتر سال ثابت ہوگا۔ (انشاءاللہ)

غیر شادی شدہ اسدی افراد جن کو پچھلے کئی سال سے شادی کی بندش کا سامنا ہے۔ ایسے اسدی لڑکے لڑکیوں کو اس سال کی تیسری سہ ماہی جولائی اگست ستمبر میں رشتے شادی میں آسانی کامیابی مل سکتی ہے خاص طور پر جولائی سے اگست کے دوران حسب منشا رشتہ شادی منگنی وغیرہ طے پانے کا امکان ہے۔

اسدی افراد کا حاکم سیارہ شمس ہے۔ 21 مارچ کے بعد سے آپکے زائچے میں خوش قسمتی کی روشنی پڑ رہی ہے۔ اسدی لڑکیاں لڑکے جن کی شادی عرصہ دراز سے رکی ہوئی ہے۔ وہ اپنا شادی کا زائچہ بنوا کر جانیں کہ شادی میں تاخیر کی کیا وجہ ہے؟

کسی منگل یوگ یا زحل یوگ کی وجہ سے شادی میں رکاوٹ تو نہیں آرہی۔ اگر منگلیشی بندش ہے تو اسے ختم کرنا بہت ضروری ہے۔ بصورت دیگر منگلی یوگ ایسی نحوست پیدا کرتا ہے۔ کہ رشتہ شادی ٹوٹ جاتی ہے۔ یوگ کی وجہ سے لڑکی کی عمر 32 سال سے زائد عمر میں ہوتی ہے۔ منگل یوگ کا پہلا پڑاؤ 32 سال بعد ہوتا ہے۔ یعنی شادی 32 سال کے بعد ہوتی ہے

شادی میں آسانی کامیابی کیلئے اسدی افراد روزانہ کسی نماز کے بعد "یارحیم یاکریم یارحمٰن" کا ورد 313 بار یا 100 بار معمول بنائیں (اول و آخر 3-3 بار درود شریف) اور 'لوح شادی' بنوا کر پاس رکھیں۔

اسدی شادی شدہ خواتین و حضرات کے لئے نیا سال کئی مشکلات لئے آرہا ہے۔ اپریل سے جون اور اگست سے اکتوبر کے دوران ازدواجی گھریلو مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ شریک حیات سے بلا وجہ چھوٹے چھوٹے معاملات پر اختلافات شدید ہو سکتے ہیں۔ بہتر ہے اس دوران تحمل و معاملہ فہمی سے کام لیں۔

نحوست سیارگان کے اثرات کی وجہ سے اسدی افراد کی گھریلو زندگی متاثر ہو سکتی ہے۔ اسدی افراد کو چاہیئے کہ باہمی محبت سلوک کے لئے "یاجامع" کا ورد کسی نماز کے بعد 313 بار کریں۔ (اول و آخر

3-3 بار درود شریف) پڑھائی چینی یا کسی میٹھی شے پر دم کر کے استعمال کریں۔

بطور روحانی امداد "لوح بندھن حب وتسخیر" بنوا کر پاس رکھیں۔ نومبر، دسمبر میں سیارگان کی نحوست کم ہونے کی وجہ سے کشیدگی میں کمی آسکتی ہے۔

بیرون ملک سفر کی خواہش رکھنے والے اسدی خواتین و حضرات خاطر جمع رکھیں۔ اس سال آپ کو سفر میں کامیابی مل سکتی ہے۔ پہلی سہ ماہی جنوری اور فروری مارچ کے ماہ اس حوالے سے اہم ہیں۔

وہ اسدی خواتین و حضرات جن کو حصول ویزہ، امیگریشن میں ریفوژل کا سامنا ہے اس سازگار وقت میں انکی مشکل ختم ہوسکتی ہے۔ سفر میں آسانی کامیابی کیلئے سرطانی افراد کسی نماز کے بعد "وارض اللہ واسعہ" ترجمہ: اور اللہ تعالی کی زمین وسیع ہے۔ 100 بار پڑھیں۔ اول و آخر 8-7 بار درود شریف پڑھیں۔ بطور روحانی امداد "لوح سفر وسیلہ ظفر" بنوا کر پاس رکھیں۔ یہ لوح مبارکہ سفر کی اس آیت کے مطابق تیار کی جاتی ہے۔ یہ لوح مبارکہ سفر کیلئے بہت مجرب اور آزمودہ روحانی عمل ہے۔

لوح فتح نامہ

لوح فتحہ نامہ صدیوں سے ایک شہرت یافتہ انتہائی مجرب المجرب روحانی عمل ہے۔ روحانی کتابوں میں بزرگوں نے اسکی اہمیت کو خاص طور پر بیان کیا ہے۔ جب انسان کو زندگی پر محاذوں پر پے در پے شکست ہو رہی ہو اور ناکامی کی وجہ سمجھ نہ آرہی ہو تو ان حالات میں فتح نامہ غیبی قوتوں کا حامل روحانی تحفہ ہے۔

زندگی میں اکثر ہوتا ہے کہ تمام تر کوشش محنت و جستجو کے باوجود ناکامی کا سامنا ہوتا ہے۔ اہل علم کے مطابق کسی کام کو کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں۔ لیکن اس کے باوجود مقصد حاصل نہ ہو تو اسے ناکامی نہیں شکست کہتے ہیں۔

فتح نامہ میں خاص خصوصیت ہے کہ یہ انسان آنے والی شکستوں سے بچانے کے لیے روحانی ڈھال کا کام کرتا ہے اور شکست سے بھرے راستوں پر ایک کامیابی کا راستہ ہموار کرتا ہے۔ لوح فتح نامہ پاس رکھنے سے منزلوں کامیابیوں کے حصول میں آسانی پیدا ہوتی ہے۔ ترقی ملازمت ہو یا کاروباری دفتری مشکل ہو یا گھریلو پریشانی ہو یا امتحانی ناکامی۔ لوح فتح نامہ بفضل تعالیٰ فتح یاب کرتا ہے اور کثیر المقاصد ہے۔

ادارہ کشف روحانی

323 کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور
(نزد اللہ والی مسجد بالمقابل یونین کونسل آفس سٹریٹ نمبر 9
0300-8083509 , 0333-4502187
Facebook:Kashfrohanejantry
Web:syedkashifkhalil.blogspot.com

برج سنبلہ

سیارہ عطارد
(Mercury)

24 اگست تا 22 ستمبر

شرف	سیارہ عطارد 15 ڈگری پر برج سنبلہ میں شرف ہوتا ہے
سمت	جنوب
عنصر	مٹی
عنصری کیفیت	خاکی
جنس	مونث
جسم کے حصے سے تعلق	پیٹ

اسم الٰہی یا علی یا عظیم، روزانہ 1100 بار اول و آخر 11-11 بار درود شریف ورد معمول بنائیں
سورۃ فتح اور سورۃ الرحمٰن کی تلاوت بمعہ ترجمہ (روزانہ معمول بنائیں

حاکم سیارہ	عطارد Mercury
متعلقہ حروف	پ۔غ
لکی نمبر	5
ہر ماہ کی لکی تاریخیں	30,25,20,15,10,5
لکی رنگ	پیلا
لکی دن	بدھ
دیگر موافق دن	پیر، ہفتہ، اتوار
موافق نگینہ	لیپس (گولڈ)
دوست بروج	سرطان، اسد، جوزا، جدی
غیر موزوں بروج	ثور، عقرب
نیوٹرل بروج	حمل، میزان، قوس، حوت
موافق دھات	چاندی
بہتر مہینے	جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر، دسمبر

صدقات:

بروز بدھ یا کسی روز دال چنا، سفید چنے، پیلی دالوں کا سالن روٹی نمک کر کے پرندوں اور جانوروں کو ڈالیں۔ کیڑے مکوڑوں کو شکر ڈلیں۔

موافق خوراک:

دودھ، دہی، بادام، شہد، پستہ، مٹن، پیلی دالیں، حلوہ جات، زردہ، آم، چنے، بریانی۔

موافق شعبے:

پرنٹنگ، پبلشنگ، وکالت، مخفی، روحانی علوم، انجینئرنگ، تعمیرات، ڈاکٹر، قانون دان، جج، فوڈ بزنس، آرٹ ورک۔

برج سنبلہ VIRGO

⟨سیارہ عطارد Mercurry⟩

24 اگست تا 22 ستمبر

ترقیوں کا سال

اللہ تعالی کے فضل وکرم سے سال نو 2019 کا سورج سنبلی افراد کیلئے ترقیوں کامیابیوں کے امکانات و حالات لیے ہوئے طلوع ہو رہا ہے۔

کئی نحس سیارگان مثلاً زحل۔مریخ کی پرانی نحوستوں کا خاتمہ سال کے شروع میں ہو رہا ہے۔سنبلی کاروباری افراد جن کو پچھلے کئی سالوں سے کاروباری مشکلات کا سامنا ہے۔نقصانات کروا رہے ہیں۔قرض چڑھ گیا ہے۔شراکت داروں کی طرف سے دھوکہ دہی کی جا رہی ہے۔ان سنبلی افراد کے لئے خوشخبری ہے کہ زحل نحوستوں کے تدراک کے لئے مشتری کی نیک ساعتیں آرہی ہیں۔

خصوصاً 15 مارچ سے 15 مئی تک کا دورانیہ بہت فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے۔ اس دوران بزنس کو بڑھانے کی خواہشیں پوری ہوسکتی ہے۔اگر ڈیلز (deals) ہوتے ہوتے رک جاتی ہوں۔اس نیک وقت میں یہ ڈیلز تکمیل پانے کا امکان ہے۔

سنبلی افراد جونحوست سیارگان کا شکار ہونے کی وجہ سے پریشان ہیں۔ "یافتاح یانافع" کا ورد 313 بار کسی بھی نماز کے بعد پڑھنا معمول بنائیں (اول آخر 3-3 بار درود شریف)۔

سنبلی افراد کیلئے (لوح مشتری) برائے کشادگی رزق بہترین روحانی عمل ہے وہ سنبلی افراد جو ملازمت کیلئے سرگرداں ہیں یا ملازمت میں ترقی کے خواہاں ہیں کئی برس گزرنے کے باوجود پرموشن نہیں ہوئی۔ان کیلئے اس سال ستمبر سے 15 دسمبر کا دورانیہ بہت بہترین ہے۔اس دوران ان مقاصد میں کامیابی مل سکتی ہے۔

سنبلی افراد کا حاکم سیارہ عطارد

ہے۔عطارد علم و ہنر عقل و دانش فہم و فراست تعلیم قابلیت سے متعلقہ سیارہ ہے۔ وہ سنبلی سٹوڈنٹ جن کو پچھلے سال 2018 اکتوبر کے بعد تعلیمی پریشانیوں ناکامیاں مل رہی ہیں ان کیلئے خوشی کی بات ہے کہ سال نو 2019 کی شعاعیں عطارد کی مثبت قوتیں لئے طلوع ہو رہی ہیں۔ خاص طور پر جولائی اگست ستمبر اور اپریل مئی کے ماہ تعلیمی معاملات میں کامیابیوں کی نوید سننے کو مل سکتی ہیں۔

سنبلی طالب علم لڑکے اچھے گریڈز نمبروں اور میرٹ کے لئے بکثرت "رب زدنی علما" پڑھیں یا کسی بھی نماز کے بعد 313 بار اول و آخر 3-3 بار درود شریف کے ہمراہ پڑھیں

سیارہ عطارد نحس ہو تو بد مزاجی بدکرداری بے عقلی بدزبانی کے خواص شخصیت میں پیدا ہونے لگتے ہیں۔ آپ کے بچوں کا برج سنبل ہے اور ان کے مزاج میں تلخی پائی جاتی ہے۔ تعلیم میں دل نہیں لگتا، فضولیات میں دل خوش رہتا ہے تو جان لیں نحوست عطارد کی وجہ سے ایسا ہو رہا ہے۔

عطارد کی نحوست زائل کرنے کیلئے "لوح عطارد" ایک بہترین تحفہ ہے۔ سنبلی افراد کیلئے بہت موزوں عمل ہے۔ کیونکہ سنبلی افراد کا ذاتی سیارہ عطارد ہے۔ سال 2019 میں سیارہ عطارد کی نحس شعاعیں جولائی سے اکتوبر کے دورانئے میں ختم ہو رہی ہے۔ اس دوران بگڑے ہوئے بچوں کے رویے میں انقلابی تبدیلی آنے کا واضح امکان ہے۔

نو روز کی نیک ساعتوں کے بعد (20 مارچ) جوزی لڑکے لڑکیوں کیلئے مبارک وقت آ رہا ہے۔ اسی دوران رشتہ / منگنی / نکاح شادی کے معاملات طے پانے کا قوی امکان ہے۔

خاص طور پر 21 مارچ تا 20 جون کے دوران بندش رشتہ / شادی کی وجہ، شادی میں تاخیر کا شکار سنبلی لڑکے لڑکیوں کی نصیب کشائی ہو رہی ہے۔

اس نیک دورانیئے میں پسند کی شادی یا ارینج میرج طے پا جانے کی خوشخبری مل سکتی ہے۔ سنبلی لڑکے لڑکیاں جن کے رشتے شادی میں تاخیر ہو رہی ہے اور ان کی عمر 30 سال یا زائد ہو گئی ہے تو انہیں اپنا زائچہ بنوا کر چیک کرنا چاہیے کہ وہ کہیں "منگل یوگ" کا شکار تو نہیں ہیں۔

منگل یوگ ہو تو زائچے کے اہم

گھروں میں سیارہ مریخ کا راج ہوتا ہے۔ مریخ نحس ہو تو مرد اور عورت ایک دوسرے کو راس نہیں آتے۔ یہی وجہ ہے کہ رشتہ / منگنی ٹوٹ جاتی ہے۔

ایسے حالات میں بطور روحانی تدارک سنبلی لڑکے لڑکیاں "لوح شادی" بنوا کر پاس رکھیں۔ سنبلی لڑکے لڑکیاں اچھی جگہ یا پسند کی شادی کیلئے "یا معطی یا رحیم" کا ورد 313 بار کسی نماز کے بعد کرنا معمول بنائیں (اول و آخر 3-3 بار درود شریف)

شادی شدہ سنبلی خواتین و حضرات کیلئے نیا چڑھتا سال کئی گھریلو ناچاقیوں کو ختم کر رہا ہے۔ اس سال شریک حیات کے ساتھ تعلقات ملے جلے رہیں گے۔ سال کا آغاز 15 جنوری سے 15 مارچ اور سال کے آخر 20 نومبر سے 20 دسمبر کا دورانیہ بہت سازگار ہے۔

اس دوران گھریلو جھگڑے ناچاقی کے مسائل حل ہونے کی طرف بڑھیں گے۔ جبکہ 15 جون سے اگست کے دوران گھریلو ازدواجی گھریلو حالات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔ چھوٹی سی بات سے غلط فہمی اور بدگمانی بڑھ سکتی ہے۔ نوبت علیحدگی تک جا سکتی ہے۔ بہتر ہے کہ اچھے وقت کا انتظار کریں اور بلا وجہ لڑائی جھگڑوں میں اپنی توانائی ضائع نہ کریں۔

گھریلو ازدواجی مسائل کا شکار سنبلی خواتین و حضرات کو چاہیے کہ "یاودود یا کبیر" کا ورد چینی پر دم کر کے 313 بار اول و آخر 3-3 بار درود شریف استعمال کریں۔ حصول مقصد کے لئے دعا کریں۔

میاں بیوی میں محبت و سلوک کیلئے بطور روحانی تدارک "لوح بندھن محبت" بنوا کر پاس رکھیں۔

سنبلی خواتین و حضرات کیلئے سال نو میں سفر سے متعلقہ سیارے بہتر حالت میں ہیں۔ خاص طور پر 20 اپریل سے 21 جون اور 5 اگست سے 15 اکتوبر کے دوران سیر و سیاحت بیرون ملک سفر کے مواقع مل سکتے ہیں۔

وہ سنبلی خواتین و حضرات جو روزگار رہائش، تعلیم کے لئے بیرون ملک سفر کی خواہش رکھتے ہیں ان کی یہ خواہش اس دورانیے میں ہوتی نظر آتی ہے۔ حج، عمرہ، زیارات روحانی سفروں کی خواہش رکھنے والے سنبلی افراد کیلئے خوش خبری ہے کہ اس

سال وہ اپنی مراد پوری کرسکیں گے۔

وہ سنبلی افراد جنہیں ویزا ریفیوزل یا سفر میں ناکامی کا سامنا ہے وہ " یا واسع یا قاضی الحاجات " 313 بار کسی نماز کے بعد پڑھنا معمول بنائیں (اول و آخر 3-3 بار درود شریف) اور "لوح سفر وسیلہ ظفر" بنوا کر پاس رکھیں یا سفری کاغذات کے ہمراہ رکھیں

صحت و شفا کے حوالے سے نیا سال 2019 سنبلی لوگوں کے لئے درمیانے درجے کا ہے۔ نحوست مریخ کی وجہ سے ذہنی جسمانی دباؤ کھچاؤ کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ بلڈ پریشر۔ ذہنی اعصابی امراض جنم لے سکتے ہیں۔

خاص کر 2018 کی دوسری سہ ماہی میں زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔ مارچ، اپریل، مئی، جون کے دوران کسی قسم کے لڑائی جھگڑے سے گریز کریں۔ تھانہ کچہری کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔

کئی پرانے دوست دشمنی پر آمادہ ہو سکتے ہیں دفتری کاروبار مقام پر لین دین کے تنازعات کے باعث لوگوں سے بلاوجہ تکرار و بحث کی وجہ سے بات بڑھنے کا امکان ہے۔ بہتر ہے کہ جذبات کو سنبھال کر رکھیں۔

اکتوبر، نومبر کے ایام صحت کے حوالے سے سازگار ہیں۔ مختلف دیرینہ امراض میں شفا حاصل ہونے کا امکان ہے

بہتر صحت و شفاء کیلئے سنبلی افراد کسی نماز کے بعد "یا شافی" 100 بار

" سلام قولا من رب رحیم "

100 بار اول آخر 3-3 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں۔

سنبلی افراد کا متعلقہ سیارہ عطارد ہے۔ ہر نگینے کا اپنا حاکم سیارہ ہوتا ہے۔ نگینہ وہ پہننا چاہیئے جس نگینے کا حاکم سیارہ آپ کے ذاتی سیارے کے مطابق ہو۔ سنبلی لوگوں کا حاکم سیارہ عطارد ہے۔ ان کیلئے "لیپس لازولی" سٹون بہت بہتر ہے۔ اس سٹون کا حاکم سیارہ عطارد ہی ہے۔ بہتر ہے کہ نگینہ عطارد کے دن (بدھ) عطارد کی ساعت میں عطارد سے متعلقہ نمبر کے وزن کے مطابق پہنیں۔ انشا اللہ بہت فائدہ ہوگا۔

" یا سلام یا شافی "

سنبلی خواتین وحضرات کیلئے 2019 کا سال اس لحاظ سے لکی ہے کہ اس سال انہیں معاشی طور پر کئی بہتر مواقع مل سکتے ہیں۔

وہ سنبلی افراد جو پرائز بانڈز کے

ذریعے حصول انعام کے خواہش مند رہتے ہیں۔ان کیلئے خوش خبری ہے کہ اس سال ان کو انعام حاصل ہوسکتا ہے۔

حصول انعام کے امکانات کو بڑھانے کیلئے سنبلی خواتین و حضرات "یانافع یا واسع" 313 بار کسی نماز کے بعد ورد کریں۔(اول وآخر 3-3 بار درود شریف) اور روحانی عمل "لوح انعامی بانڈ" بنوا کر اپنے پاس رکھیں

زمین جائیداد کا کام کاروبار کرنے والے (پراپرٹی ڈیلرز) کیلئے سال 2019 بہت بہتر ثابت ہوگا۔اس دوران اچھی ڈیلز ہونے کا امکان ہے۔اس حوالے سے 15 مارچ سے 15 جون کا دورانیہ زیادہ نفع بخش ہوسکتا ہے۔

وہ سنبلی خواتین و حضرات اپنا ذاتی گھر بنانے یا پلاٹ وغیرہ خریدنے کیلئے کوشاں ہیں۔انہیں جولائی سے ستمبر کے دورانیئے میں کامیابی مل سکتی ہے۔

ذاتی گھر کے حصول کیلئے سنبلی افراد کسی نماز کے بعد "یامالک یاوالی" 100 بار پڑھنا معمول بنائیں۔اول آخر 3-3 بار درود شریف "لوح سائباں" بنوا کر پاس رکھیں۔

لکی باکس
خوشحالی وخوش قسمتی کا برکاتی ڈبہ

حیرت انگیز خوصیات کا حامل خوش قسمتی کا برکاتی ڈبہ بفضل تعالیٰ پاکستان اور پوری دنیا سے خواتین و حضرات نے اس حیران کن کرشماتی برکاتی ڈبے کی حیران کن خوبیاں سے استفادہ حاصل کیا ہے۔

لکی باکس کی روحانی طاقت کے باعث حاصل ہونے والے کثیر فوائد کی بدولت اس کی مقبولیت اور طلب میں اضافہ ہورہا ہے

لکی باکس کی چند اہم خصوصیات یہ ہیں:

اس میں رکھی اشیاء جادو، سحر، بدنظر، ہوائی طاقتوں کے ذریعے چوری یا خراب ہونے سے محفوظ رہتی ہیں۔

اس میں رکھے پرائز بانڈز پر انعام کا حصول یقینی ہے۔

دوا سے شفا اور چہرے کی خوبصورتی حاصل ہوتی ہے

ملازمت میں ترقی، مقدمات میں فتح، اور امتحانات میں کامیابی کے لیے دستاویز اس میں رکھیں۔

اس میں رکھے گئے نگینوں، انگوٹھیوں یا زیورات کے روحانی اثرات وقوت میں بے پناہ اضافہ ہوتا ہے

قیمت 3000 روپے ہے

لوح ترقی و تبادلہ

سرکاری، پرائیویٹ ملازمین، افسران کی حسب منشاء ترقی و تبادلے کے لئے ایک خاص روحانی عمل ہے، انتہائی کامیاب اثرات کا حامل ہے۔

برج میزان

سیارہ زہرہ (Venus)

23 ستمبر تا 23 اکتوبر

اسم الٰہی یا کافی یا غنی، روزانہ 1100 بار اول و آخر 11-11 بار درود شریف ورد معمول بنائیں	
سورۃ جمعہ کی تلاوت بمعہ ترجمہ (روزانہ معمول بنائیں (کم از کم ایک رکوع)	
حاکم سیارہ	زہرہ (Venus)
متعلقہ حروف	ر۔ت۔ط
لکی نمبر	6
ہر ماہ کی لکی تاریخیں	30,29,24,15,12,9,6,3
لکی رنگ	پیلا
لکی دن	جمعۃ المبارک
دیگر موزوں دن	جمعرات، ہفتہ
لکی سٹون	اوپل (Opal)
دوست بروج	قوس، حوت، جدی، دلو
غیر موزوں بروج	سنبلہ، جوزا، عقرب
نیوٹرل بروج	حمل، سرطان، اسد
موافق دھات	تانبا، چاندی، لوہا
بہتر مہینے	جنوری فروری، مئی اکتوبر

شرف	سیارہ زحل کو برج میزان سے 21 ڈگری پر شرف
سمت	مغرب
عنصر	ہوا
عنصری کیفیت	باری برج
جنس	مذکر
جسم کے حصے سے تعلق	نچلے اعضاء

صدقات:

بروز جمعۃ المبارک نماز جمعہ کے بعد حسب توفیق خیرات کریں۔ پرندوں کو پکی ہوئی سبزیوں کا سالن، جانوروں کو چارہ، بلی کو دودھ پلائیں۔ کیڑے مکوڑوں کو شکر ڈالیں۔

موافق خوراک:

مولیاں، شلجم، دالیں، حلوہ، گوشت، شہد، دال چاول، ساگ، پیاز، سلاد اہم غذائیں ہیں۔

موافق شعبے:

میزانی افراد کے لیے اہم شعبوں میں جیولری، آرائش، گارمنٹس، شادی ہال، میڈیا، ملبوسات، آرٹ، کمپیوٹر، سیاست، وکالت، کامرس، پبلک ریلیشنز۔

برج میزان LIBRA

⟨سیارہ زہرہ Venus⟩

23 ستمبر تا 23 اکتوبر

مشکلات کے خاتمے کا سال

اللہ تعالی کے خاص فضل وکرم سے نیا سال 2019 میزانی خواتین وحضرات کیلئے مشکلات پریشانیوں کے خاتمے کا سال بن کر طلوع ہو رہا ہے۔

میزانی افراد گردش سیارگان کے باعث پچھلے 2-1/2 سال سے جن مشکلات کا شکار ہیں ان سے نجات کے لیے 2019 میں سازگار حالات آ رہے ہیں۔ خاص طور پر مارچ کے بعد دوسری سہ ماہی 15 اپریل سے 15 جون کے دوران حالات میں حیران کن بہتر مثبت تبدیلیاں آ رہی ہیں۔

کاروباری و روزگار کے معاملات کے حوالے سے میزانی افراد کو منافع ملنے کا امکان ہے۔ بے روزگار افراد کو حصول ملازمت کا موقع مل سکتا ہے۔ جبکہ کاروباری افراد کو کاروبار سے بہتر منافع یا نئی مارکیٹ حاصل کرنے کے مواقع مل سکتے ہیں

میزانی افراد کشادگی رزق کیلئے بکثرت "یا نافع یارزاق" پڑھنا معمول بنائیں۔ بطور روحانی عمل "لوح مشتری" بہت موثر ہے۔ مشتری مال و دولت سے متعلقہ سیارہ ہے

زائچے میں مشتری اچھی حالت میں ہو تو مالی معاملات میں خصوصاً اور عزت و مرتبہ کے امور میں عموماً فوائد و برکات حاصل ہوتے ہیں۔ میزانی افراد کیلئے نئے سال 2019 میں معاشی ذرائع میں بہتری حاصل ہونے کا قوی امکان ہے۔

برج میزان والوں کا ذاتی سیارہ زہرہ ہے۔ میزان والوں کے لیے وہ سٹون بہتر رہتا ہے جس سٹون کا ذاتی سیارہ بھی زہرہ ہو۔ زبرجد (Berly) بیرل کا ذاتی سیارہ زہرہ ہے۔ یہ سٹون برج ثور والوں کو بہت راس آتا ہے۔ زبرجد کے بارے میں

کہا جاتا ہے کہ "زبرجد ایک زبردست نگینہ ہے" زبرجد کو سفری نگینہ بھی کہا جاتا ہے

مورخین کے مطابق مشہور سیاح ابن بطوطہ نے دنیا کے سفر پر جانے سے قبل سفری کامیابی کیلئے زبرجد کی انگوٹھی پہنی تھی۔ جس کا ذکر اس نے اپنے سفرنامے میں بھی کیا ہے۔

میزانی خواتین وحضرات اس سال اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ خصوصاً اس سال انہیں پیٹ کے امراض، اعصابی کھچاؤ، جلدی مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ خاص طور سنہری ساہو ماہی جولائی، اگست، ستمبر کے دوران بلا وجہ لڑائی جھگڑے یا پہاڑی علاقوں کے سفر سے گریز کریں۔

مریخ کے نحس اثرات کے باعث صحت کو خطرات لاحق ہو سکتے ہیں عمومی صحت و شفا کے لئے میزانی افراد وخواتین "یا شافی یا سلام" ورد کسی نماز کے بعد 313 بار یا 100 بار کریں (اول وآخر 3-3 بار درود شریف) عمومی صحت برقرار رکھنے کے لئے اپنے برج سٹار کے مطابق غذائیں استعمال کریں بیماریوں میں شفاء کیلئے "لوح شفا" بنوا کر پاس رکھیں۔

ذاتی گھر کی خواہش رکھنے والے میزانی خواتین وحضرات کیلئے سال 2019 بہت لکی ثابت ہو رہا ہے۔ خاص طور پر دوسری سہ ماہی اپریل، مئی۔ جون کے دوران ذاتی گھر بنانے کی خواہش پوری ہو سکتی ہے۔

وہ میزانی افراد جو گھر کیلئے پلاٹ / زمین کی تلاش میں ہیں۔ انہیں چاہیئے کہ اپریل سے جون اور اگست، ستمبر کے دورانئے میں خصوصی کاوش کریں۔ اس دوران ذاتی زمین جائیداد گھر کی آرزو پوری ہو سکتی ہے۔

میزانی خواتین وحضرات جو ذاتی گھر کے لئے دعا گو ہیں۔ انہیں چاہیے اللہ تعالی کے نام "یا مالک" کا ورد 313 بار کسی نماز کے بعد کرنا معمول بنائیں۔ اول و آخر 3-3 بار درود شریف حصول ذاتی مکان / گھر کے لئے "لوح سائبان" بنوا کر پاس رکھیں۔

یہ لوح مبارکہ سورہ نحل کی نمبر 80

"واللہ جعل لکم من بیوتکم سکنا"

ترجمہ: اللہ نے تمہارے لئے تمہارے گھروں کو جائے سکون بنایا

کے مطابق تیار کی جاتی ہے۔ لوح کی دوسری جانب "یا مالک" کا نقش کندہ کیا جاتا ہے۔

میزانی افراد کیلئے نیا سال خوش قسمتی کا سال کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ اس سال سیارہ مشتری کے مثبت اثرات براہ راست آپکے زائچے کو روشن کر رہے ہیں۔ جو لوگ پرائز بانڈز کے ذریعے اپنی قسمت آزمائی کرتے ہیں۔ ان کو کامیابی ملنے کے امکان واضح ہے۔

خاص طور پر سال 2019 کے اپریل مئی جون اور ستمبر، اکتوبر کے ماہ حصول انعام کے حوالے سے خوش نصیبی کا باعث ہیں۔

میزانی خواتین و حضرات جو حصول انعام سے مایوس ہو چکے ہیں۔ انہیں ان کے پیسوں میں توقع سے بڑھ کر انعام مل سکتا ہے۔ کشادگی رزق اور حصول انعام کیلئے ثوری افراد "یاواسع یانافعُ" کا ورد 313 بار کسی نماز کے بعد کریں (اول و آخر 3-3 بار درود شریف)

حصول انعام کے امکان کو بڑھانے کے لئے بطور روحانی مدد "لوح انعامی بانڈ" تیار کروا کر بانڈز کے ہمراہ اپنے پاس رکھیں۔

وہ میزانی خواتین و حضرات جو اپنے دل میں حج، عمرہ، زیارات یا روحانی سفر کی تڑپ رکھتے ہیں انکے لئے خوشی کی خبر یہ ہے کہ نیا سال آپکی یہ دیرینہ خواہش پوری کرنے کیلئے طلوع ہو رہا ہے۔

ثوری افراد روحانی خیر و برکت کیلئے روزانہ سورہ فتح اور سورہ رحمٰن بمعہ ترجمہ پڑھنا معمول بنائیں۔ ہر کام میں آسانی کامیابی کیلئے "یاکافی یاغنی" کا روزانہ ورد کرنا معمول بنائیں۔

نیا سال عمومی طور پر برج میزان والوں کے لئے بہت سے ثمرات فوائد لئے ہوئے آرہا ہے۔ اس سال سے متعلقہ برکات و سعادتیں سمیٹنے کیلئے ضروری ہے کہ نئے سال کا آغاز بے مقصد شور شرابے ہلڑ بازی فضولیات کے ذریعے کرنے کی بجائے شکرانے کے نوافل سے کریں۔

اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ شکر بجا لائیں۔ بفضل تعالیٰ تمام نحوستیں گردشیں بندش چھٹ جائیں گی۔ اور انشا اللہ خیر و برکت ترقی کامیابی کامرانی فتح و نصرت کی سعادتیں آپ کو حاصل ہوں گی۔ آمین۔

میزان برج والوں کا ذاتی سیارہ زہرہ ہے۔ اسے محبت کا ستارہ بھی کہا جاتا ہے۔ پسند کی شادی کے خواہش مند میزانی افراد کے لیے سال نو خوشیوں کا پیام لیے آرہا ہے اس

دوران سازگار وقت حاصل ہو رہا ہے۔ اس دوران سفر کے سیارگان کے مثبت اثرات کی وجہ سے سفر امیگریشن حصول ویزا میں کامیابی مل سکتی ہیں۔

میزانی خواتین وحضرات جو پچھلے کئی سال سے بیرون ملک سفر ویزا کے حصول میں ناکامی کا سامنا کر رہے ہیں۔ ان کیلئے خوشخبری ہے کہ اس سال 15 جون سے 15 اگست تک ان کو کامیابی مل سکتی ہے۔

امیگریشن، ورک ویزا، سیر وسیاحت کیلئے سفر میں آسانی کے لئے سورۃ فتح کی پہلی آیت

" انا فتحنا لک فتحاً مُبینا"

ترجمہ: بے شک ہم نے تمھارے لئے روشن فتح فرمادی

آیت سفر " وارض اللہ واسعۃ"

100-100 بار پڑھیں اول وآخر 3-3 بار درود شریف اور حصول مقصد کیلئے دعا کریں۔

حصول امیگریشن کے خواہش مند افراد "لوح ہجرت" بنوا کر پاس رکھیں اور متعلقہ پڑھائی کریں۔

اس سال میزانی طالب علموں کے علم و ذہانت کے حالات اچھے جا رہے ہیں۔ خاص طور پر دوسری اور تیسری سہ ماہی اپریل تا اگست کا دورانیہ تعلیمی معاملات میں کامیابی کے لئے بہت سازگار ہے۔ اس دوران اچھے گریڈ میں کامیابی نصیب ہوسکتی ہے۔

وہ میزانی طالب علم جو نحوست عطارد اور دیگر سیاروں کی نحوست کے باعث تعلیمی ناکامی کا شکار ہیں امتحانات میں فیل ہو رہے ہیں۔ یا کم نمبرز۔ گریڈز سے امتحانات پاس کر رہے ہیں۔ ان کیلئے خوشخبری ہے اس سال 2019 اگست ستمبر میں ایجوکیشن میں انقلابی تبدیلی آنے کا امکان ہے۔

ناکامی کا شکار طالب علم حصول کامیابی کیلئے "یا علیم یا حکیم یا ناصر" روزانہ کسی نماز کے بعد 100 بار پڑھیں۔ (اول آخر 3-3 بار درود شریف پڑھیں) اور تعلیمی معاملات میں کامیابی کیلئے

"لوح عطارد" بنوا کر پاس رکھیں۔ متعلقہ پڑھائی اور صدقہ دیں۔ انشاء اللہ فتح یاب ہوں گے۔

لوح رد نشہ و بد عادات

ہر قسم کے نشہ سگرٹ، چرس، الیون، ہیروئن، شراب نوشی، بد عادات بدکرداری کے خاتمے کیلئے

برج عقرب Scorpio

سیارہ مریخ (Mars)

24 اکتوبر تا 22 نومبر

عنصر	پانی
عنصری کیفیت	باری برج
جنس	مونث
جسم کے حصے سے تعلق	اعضائے مخصوصہ

اسم الٰہی یا مالک یا قدوس، روزانہ 1100 بار اول و آخر 11-11 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں	
سورۃ یٰسین کی تلاوت بمعہ ترجمہ (روزانہ معمول بنائیں)	
حاکم سیارہ	مریخ
متعلقہ حروف	ز۔ذ۔ض۔ظ۔ن
لکی نمبر	9
ہر ماہ کی لکی تاریخیں	30,27,21,18,15,9,7,6,3
لکی رنگ	سرخ، گلابی
لکی دن	منگل
دیگر موزوں دن	جمعرات، جمعہ، اتوار
لکی سٹون	مرجان (Coral)
موافق دھاتیں	تانبا، لوہا، سکہ
دوست بروج	حمل، اسد، میزان، جدی، دلو
غیر موزوں بروج	ثور، سرطان
نیوٹرل بروج	جوزا، سنبلہ، قوس، حوت
بہتر مہینے	اپریل، اگست، اکتوبر، دسمبر
سمت	شمال

صدقات:

بروز منگل، کسی روز پرندوں یا جانوروں کو گوشت ڈالیں۔ حشرات کو دال ڈالیں۔ حسب توفیق دالوں، چاولوں، گندم کا راشن ضرورت مند کو دیں۔

موافق شعبے:

پولیس، فوج، انجینئرنگ، بینک، رپورٹر، سرجن، صحافی، تجارت، ٹرانسپورٹ، ورکشاپ، فیکٹری، مخفی روحانی علوم، آسٹرو پاسٹ، روحانی سکالر، اسٹیل کی مصنوعات، امپورٹ ایکسپورٹ۔

موافق خوراک

سرخ دالیں، سبزیاں، گوشت، سیب، گاجر، مربہ، سرخ گوشت، سرخ مرچوں سے اجتناب کریں۔

برج عقرب SCORPIO

⟨سیارہ مریخ MARS⟩

24 اکتوبر تا 22 نومبر

نحوست کے خاتمے کا سال

بفضل تعالی نیا سال 2019 عقربی افراد کے لیے بہت سی نحوستوں کے خاتمے کا پیغام لیے ہوئے طلوع ہو رہا ہے۔

وہ عقربی افراد جو ساڑھ ستی کی وجہ سے کئی سالوں سے مشکلات کا شکار ہیں ان کے لیے خوشخبری کی خبر ہے کہ اس سال 15 فروری سے 15 مئی کے دوران ان نحوستوں کے تدارک کا موقع ملے گا۔

کوئی نیا کاروبار نئی ملازمت میں ترقی یا کاروبار میں نئی سرمایہ کاری اشتراک داری ہوسکتی ہے۔ مشتری مال و دولت کا سیارہ آپ کے زائچے کو سپورٹ کر رہا ہے بہتر ہے کہ عقربی افراد معاشی معاملات کو مزید بہتر کرنے کیلئے 'لوح مشتری' بنوا کر پاس رکھیں۔ حصول خوشحالی کے لئے خواتین و حضرات بکثرت "یانافع" کا ورد کریں۔

وہ عقربی افراد جن کے پاس عرصہ دراز سے پرائز بانڈز پڑے ہوئے ہیں۔ لیکن بڑا انعام تو دور کی بات کبھی چھوٹا انعام بھی نہیں لگا انہیں چاہیئے کہ سال 2019 کے آغاز میں خصوصاً 15 جنوری سے 15 مارچ کے دوران حصول انعام کیلئے کاوش کریں امید ہے بہتر نتائج حاصل ہوں گے۔

حصول انعام کے لئے نتائج کو مزید بہتر کرنے کے لئے 'لوح انعامی بانڈ' بنوا کر پاس رکھیں۔ کشادگی رزق کیلئے حملی خواتین، حضرات

"ان اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب"

ترجمہ: بے شک اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے

کی ایک تسبیح 100 بار کسی بھی نماز کے بعد پڑھنا معمول بنائیں۔ (اول و آخر 3-3 بار درود شریف) پڑھیں۔

عقربی لڑکیوں کیلئے شادی رشتے کے حوالے سے 15 اپریل سے 15 جون اور ستمبر سے نومبر کا دورانیہ بہت اہم ہے۔ اس دوران حسب پسند یا حسب معیار رشتہ شادی ہونے کا قوی امکان ہے۔

عقربی افراد کا سیارہ مریخ ہے۔ اگر سیارہ مریخ پر نحوست و گردش کے اثرات پیدائشی زائچہ میں ہوں تو لڑکے لڑکیوں کے زائچے میں منگل یوگ کی نشست بن جاتی ہے۔ منگل یوگ ہو تو شادی میں 32 کی عمر تک تاخیر ہوسکتی ہے۔ یا منگنی ہو کر ٹوٹ جاتی ہے۔ بلا وجہ انکار ہونے لگتا ہے۔ عقربی لڑکے لڑکیوں کا حاکم سیارہ مریخ ہے۔ ان پر مریخ کے اثرات نسبتاً زیادہ ہوتے ہیں۔

وہ عقربی لڑکے لڑکیاں جن کی شادی 30 برس تک نہیں ہوئی۔ انہیں چاہئے کہ اپنا زائچہ شادی بنوا کر تسلی کر لیں کہ وہ کہیں منگلیش تو نہیں ہیں اگر آپ منگلی یوگ سے متاثر ہیں تو اس کا روحانی توڑ کر لیں۔ عقربی لڑکیاں لڑکے مریخ کے نحس اثرات سے بچاؤ کے لئے "لوح شادی" بنوا کر پاس رکھیں۔

عقربی افراد کیلئے نیا سال 2019 شادی بیاہ کے حوالے سے بہتر نتائج دے رہا ہے۔ خاص طور پر 15 مئی سے 15 مئی اور 15 جولائی سے 15 نومبر کے دوران شادی رشتے کے معاملات میں کامیابی نصیب ہوسکتی ہے اگر آپ پسند کی شادی کے متمنی ہیں تو آپ کے لئے 15 ستمبر سے 15 دسمبر کا دورانیہ خوش قسمتی کا باعث ہے۔

شادی شدہ عقربی خواتین وحضرات کے لئے 2019 خوشگوار اثرات پیدا کر رہا ہے۔ کئی گھریلو بندشوں الجھنوں سے نجات اس سال مئی تا اگست کے دورانیے میں مل جائے گے۔ سیارہ زہرہ، مشتری، قمر کے مثبت اثرات آپ کے گھریلو زائچے کو روشن کر رہے ہیں

شریک حیات سے تعلقات میں سرد مہری جو پچھلے $2\frac{1}{2}$ سال سے چل رہی تھی وہ اس سال 2019 کے آغاز جنوری سے اپریل کے دورانیے میں ختم ہو جائے گی۔ عقربی افراد کے لئے ماہ جون سے اگست کا دورانیہ ازدواجی معاملات میں پریشانی پیدا کرسکتا ہے۔ کسی غلط فہمی یا بدگمانی کی وجہ سے گھریلو لائف متاثر ہوسکتی ہے۔

ازدواجی گھریلو سکھ کیلئے شادی شدہ عقربی خواتین وحضرات کسی نماز کے بعد 313 بار "یاجامع یاودود" (اول و آخر 3-3 بار درود شریف) پڑھ کر کسی کھانے والی شے

(میٹھی) پر دم کر کے کھائیں / کھلائیں اور گھریلو ازدواجی سکھ کیلئے اور گھریلو لڑائی جھگڑوں سے نجات کیلئے 'لوح بندھن اور لوح حب وتسخیر' بنوا کر پاس رکھیں۔

عقربی سٹوڈنٹس کے لئے 2019 سال ملے جلے اثرات دے رہا ہے۔ جنوری سے مارچ کے دوران تعلیمی سیارگان کے منفی اثرات کی وجہ سے تعلیمی کارکردگی میں کمی آسکتی ہے۔ امتحانات میں مطلوبہ گریڈ لینے میں دقت آسکتی ہے

15 اگست سے 15 ستمبر کا دورانیہ تعلیمی معاملات کیلئے سازگار ہے۔ جو سٹوڈنٹس سپلیمنٹری یا کم نمبروں، گریڈ کی وجہ سے تعلیمی مشکلات کا شکار ہیں ان کے لئے خوشخبری ہے۔ اس دورانیئے میں تعلیمی سیارگاں کے مثبت اثرات کے باعث آپکی ناکامی کامیابی میں بدل سکتی ہے

عقربی سٹوڈنٹس تعلیمی کامیابی کیلئے "یاعلیم یاناصر" کا ورد 313 بار کسی نماز کے بعد کریں (اول وآخر 3-3 بار درود شریف) سیارہ عطارد نحس حالت میں ہو تو ذہنی دماغی بندش تعلیمی مشکلات پیدا ہوتی ہیں۔ "لوح عطارد" تعلیمی مسائل کا ایک کامیاب روحانی حل ہے۔

نئے سال میں عقربی لیڈیز اینڈ جینٹس کا سفری زائچہ کئی اتار چڑھاؤ ظاہر کر رہا ہے۔ قمری پوزیشن کی بہتری کی وجہ سے سال 2019 میں 15 اپریل سے 15 جولائی کے دوران سفر کے لئے سازگار حالات ہیں اس دوران سیر وسیاحت، بزنس ٹریول کے مواقع مل سکتے ہیں۔ جو خواتین وحضرات حج وعمرہ زیارات روحانی سفروں کے خواہش مند ہیں۔ ان کی یہ خواہش بفضل تعالی اس سال پوری ہوگی۔

اگست سے نومبر کا دورانیہ سفری معاملات کے حوالے سے قدرے مشکل ہوسکتا ہے۔ اس دوران ویزا میں ناکامی، امیگریشن کے امور میں مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے۔

سفری ناکامی سے بچاؤ کیلئے اور سفر کو کامیاب بنانے کیلئے "لوح سفر وسیلہ ظفر" بہت مجرب عمل ہے۔ یہ عمل سورہ کی آیت 10

"وارض اللہ واسعہ"

ترجمہ: اور اللہ کی زمین وسیع ہے۔

سے تیار کیا جاتا ہے۔ سفر میں کامیابی کیلئے کسی نماز کے بعد 100 بار (اول وآخر 3-3 بار درود شریف) پڑھنا معمول بنائیں۔ انشاء اللہ سفر کی ناکامی کامیابی میں بدل جائے گی۔ آمین۔

زمین جائیداد سے وابستہ افراد عقربی خواتین وحضرات کیلئے سال 2019 کا وسط بہت مفید ہے 15 جون سے 15 اگست کے دوران زمین جائیداد پلاٹ بلڈنگ مکان ودکان کی خرید وفروخت میں آسانی کامیابی ملنے کا امکان ہے۔

اگر آپ کی کوئی جائیداد عرصہ دراز سے بندش کا شکار ہے۔ نہ فروخت ہوتی ہے اور نہ آپ کو اس سے کوئی خاطر خواہ نفع مل رہا ہے تو آپ کیلئے یہ وقت بہت سازگار ہے۔ عقربی افراد اس وقت سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو خواتین اور حضرات جو عرصہ دراز سے اپنا ذاتی گھر بنانے کے خواہش مند ہیں ان کو چاہیئے کہ اس سال کے وسط 15 جولائی یا 15 اگست تک خصوصی کاوش کریں۔ انشاءاللہ دلی مراد پوری ہوگی۔

ذاتی گھر جائیداد دوکان وغیرہ کے حصول کیلئے نماز کے بعد 1100 بار یا 313 بار "یامالک یاوالی" کا ورد اول وآخر 3, 3 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں۔ ذاتی گھر بنانے کیلئے "لوح سائبان" بنوا کر پاس رکھیں

جو خواتین وحضرات عرصہ دراز سے مختلف امراض میں مبتلا ہیں انہیں بہتر معالجین اور ادویات ملنے کا امکان ہے۔ جس سے انہیں حصول شفا میں مدد ملے گی۔ حصول شفا کیلئے سورۃ لقمان کی تلاوت بمعہ ترجمہ کرنا معمول بنائیں۔ پڑھائی پانی یا دوائی پر دم کر کے دیں اور دعا کریں۔

'لوح شفا' حصول شفا کیلئے بہترین روحانی عمل ہے۔ جو خواتین کسی نہ کسی مرض یا کمزوری کی وجہ سے پریشان رہتی ہیں انہیں چاہیے کہ بکثرت "یاشافی یاسلام" کا ورد کرنا معمول بنائیں۔

وہ عقربی افراد جنکے بچے بلاوجہ ضدا کھڑپن یا بدعادات کے باعث والدین کے لئے مسائل پیدا کر رہے ہیں۔ ان کے لئے خوشخبری ہے۔ اس سال 2018 آپ کا زائچہ بہتر اثرات دے رہا ہے۔ خاص طور پر اپریل سے مئی، جون کا دورانیہ بہت اہم ہے

اس دوران اولاد کو حق میں کرنے اور راہ راست پر لانے کے لئے سازگار حالات ملیں گے۔ اولاد کی جانب تعاون، محبت کا مظاہرہ ہوگا۔ اولاد اور حملی والدین کے مابین جو کشیدگی پچھلے ایک ($2^1/_2$ سال) سے چل رہی ہے۔ انشاءاللہ اس سال ختم ہو

۔ گی ۔ بے اولاد عقربی افراد و خواتین کے لئے خوشخبری ہے اس سال 2019 میں آپ کو اولاد کی خوشی مل سکتی ہے۔ حصول اولاد کے لیے عقربی خواتین و حضرات کسی نماز کے بعد ''یا خالق یا وارث'' 110 بار پڑھنا معمول بنائیں (اول و آخر 3-3 بار درود شریف)

برج عقرب والے عمومی خیر و برکت کیلئے قرآن پاک کے صفحے (یا ایک رکوع) کی تلاوت بمعہ ترجمہ معمول بنائیں۔ اسماء الحسنی 'یا مالک یا قدوس' کا ورد بکثرت کریں۔ (اول و آخر 3-3 بار درود شریف پڑھیں)

برج عقرب والے خواتین و حضرات سورہ یٰسین کی تلاوت بمعہ ترجمہ معمول بنائیں۔ انشاء اللہ بہت سی بندشوں نحوستوں گردشوں کا تدارک ہو جائے گا۔ اور زندگی میں فتح و نصرت کامیابی آئے گی۔ آمین۔

لوح نرینہ

لوح نرینہ/لوح اولاد نرینہ (بیٹا) کے حصول کے لیے خصوصی روحانی عمل ہے۔ بفضل تعالیٰ لوح کی برکت سے مراد پوری ہوگی۔

لوح محبت شادی

(پسند کی شادی کیلئے)

اگر آپ اپنی پسند کے مطابق شادی کرنے کے خواہاں ہیں، لڑکی یا لڑکے کے گھر والے ذات برادری یا کسی معاشرتی و معاشی فرق کی وجہ سے رشتہ شادی سے انکاری ہیں تو ان کو شادی کے لیے راضی کرنے، اپنے حق میں کرنے کے لیے ''لوح محبت شادی'' ایک انتہائی مؤثر روحانی عمل ہے۔

بفضل تعالیٰ اس عمل کی برکت سے پسند کی شادی میں حائل ہر قسم کی رکاوٹ دور ہو جاتی ہے اور سب لوگ خوشی سے رشتے شادی کے لیے راضی ہو جاتے ہیں۔ مخالفت کرنے والے بھی حمایت کرنے لگتے ہیں۔

یہ لوح صرف جائز مقصد شادی کے لیے تیار کی جاتی ہے۔ فلرٹ بازی یا غلط مقاصد کے لیے یہ لوح کام نہیں کرتی۔ اگر آپ جائز اور پاکیزہ طریقے سے پسند کی شادی کے خواہاں ہیں تو اللہ تعالیٰ سے مدد مانگیے۔ انشاء اللہ آپ کی پسند کی شادی کی مراد ضرور پوری ہوگی

ہدیہ لوح (دھاتی) :-/5000 روپے

ہدیہ لوح (کارڈ) : 3000/- روپے

0300-8083509 , 0333-4502187
Facebook:Kashfrohanejantry
Web:syedkashifkhalil.blogspot.com

برج قوس Sagittarius

21 سیارہ مشتری (Jupiter)

Jupiter

23 نومبر تا 21 دسمبر

سمت	مشرق
عنصر	آگ
عنصری کیفیت	آتشی برج
جنس	مذکر
جسم کے حصے سے تعلق	کولہے اور رانیں

اسم اعظم یا کبیر، یا مقال روزانہ 1100 بار اوّل و آخر 11-11 بار درود شریف کے ہمراہ پڑھنا معمول بنائیں

سورۃ محمد ﷺ کی تلاوت بمعہ ترجمہ (کم از کم ایک رکوع، روزانہ معمول بنائیں)

حاکم سیارہ	مشتری Jupiter
متعلقہ حروف	ف
لکی نمبر	3
ہر ماہ کی لکی تاریخیں	30,25,21,18,9,6,5,3
لکی رنگ	سبز۔ سبزی مائل
لکی دن	جمعرات
دیگر موزوں دن	پیر، منگل
لکی سٹون	جیسپر Jasper
دوست بروج	حمل، سرطان، اسد، میزان، حوت
غیر موزوں بروج	جوزا، سنبلہ، عقرب
غیر جانبدار بروج	ثور، قوس
موافق دھات	ٹن
بہتر مہینے	اپریل، جولائی، اکتوبر، دسمبر

صدقات:

بروز جمعرات یا کسی روز حشرات کو سبز دالیں، شکر ڈالیں۔ جانداروں کو چارہ ڈالیں۔ پرندوں کو پرا ٹھا توڑ کر ڈالیں۔ زردہ، حلیم، دال، روٹی مستحقین میں تقسیم کریں۔

موافق خوراک:

سلاد، پیاز، تربوز، خربوزے، مچھلی، گوبھی، ساگ، سبز دالیں۔

موافق شعبے:

ٹیچرز، وکیل، جج، پروفیسر، روحانی سکالرز، ماہرین معاشیات، بینکرز، ٹرانسپورٹرز، گارمنٹس، فوج، سپورٹس، پبلشنگ، مذہبی کام، سیر و سیاحت سے متعلقہ کام، رفاہی فلاحی و روحانی کام۔

برج قوس SAGITARIUS

⟨سیارۃ مشتری JUPITER⟩

23 نومبر تا 21 دسمبر

مشتری کا سال

بفضل تعالی نیا سال 2019 قوسی خواتین و حضرات کے لیے خوشحالیوں برکتوں رحمتوں کے سعد اثرات لیے ہوئے طلوع ہو رہا ہے۔

برج قوس سے متعلقہ سٹار مشتری کا نمبر 3 ہے جبکہ سال 2019 کا مفرد عدد

9+1+2=12=2+1=3 ہے

اس لحاظ سے 2019 کو مشتری کا سال کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ سیارہ مشتری مال و دولت خوشحالی زمین جائیداد اقتدار روحانیت سے تعلق رکھتا ہے۔ برج قوس پر نیا سال 2019 مشتری کے بہت موثر اور مثبت اثرات مرتب کر رہا ہے۔

قوسی افراد کے زائچے میں سیارہ زحل ۔ سیارہ مریخ کی نحوستوں کی وجہ سے پچھلے سال سے جو بندش کے اثرات چلے آ رہے ہیں۔ وہ اس سال بفضل تعالی ختم ہو رہے ہیں۔ قوسی افراد کو اس سال 15 فروری سے 15 مئی کے دوران معاشی معاملات میں آسانی پیدا ہو رہی ہے۔ روزگار کاروبار سے متعلقہ سیارگان کی پوزیشن بہتر ہو رہی ہے۔

خاص طور پر سیارہ مشتری کے مفید اثرات کی وجہ سے 15 مارچ سے 15 جون کے دورانئے میں آسانی پیدا ہو رہی ہے۔ قوسی افراد اس دوران کسی نئے کاروبار یا وسعت کاروبار کے امکانات کو تعبیر دے سکتے ہیں۔ اس دوران کسی اچھے شراکت دار کی شراکت داری اور سرمایہ کار کی طرف سے سرمایہ کاری ہو سکتی ہے۔

قوسی افراد سے متعلقہ سیارہ مشتری ہے۔ قوسی افراد کاروبار روزگار کی کشادگی کے لئے 'یانافع یارزاق' کا ورد کریں (اول و آخر 3 - 3 بار درود شریف) اور بطور روحانی امداد 'لوح مشتری' بنوا کر پاس رکھیں

وہ کاروباری افراد جنھیں پچھلے کئی برسوں سے نقصانات کا سامنا ہے۔ ان کیلئے یہ لوح مشتری بہت موثر روحانی تحفہ ہے۔

شادی شدہ قوسی افراد کو اس سال قدرے احتیاط کی ضرورت ہے۔ بلا وجہ شریک حیات سے الجھاؤ پیدا نہ کریں۔ شادی کے سیارگان کی نحوست کے باعث بلاوجہ گھریلو کشیدگی ناچاقی پیدا ہوسکتی ہے۔ خاص طور پر 15 جنوری سے 15 مئی کا دورانیہ بہت احتیاط طلب ہے۔

15 ستمبر سے 15 نومبر کے دوران گھریلو امور میں بہتر کا امکان ہے۔ شریک حیات سے تعلقات اچھے ہونے کا امکان ہے۔ گھریلو ناچاقی سے بچاؤ کے لئے 'یا جامع یارحیم' کا ورد کریں 100 بار اول و آخر 7-7 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں کسی بھی نماز کے بعد۔

ازدواجی گھریلو سکھ کے حصول کے لئے اور شریک حیات کے دل میں محبت و چاہت پیدا کرنے کیلئے 'لوح بندھن (حب و تسخیر)' بنوا کر پاس رکھیں۔

قوسی لڑکے لڑکیاں جن کی شادی ابھی نہیں ہوئی اور ان کی عمر شادی کے لئے موزوں ہوگئی ہے ان کے لئے خوش خبری ہے کہ اس سال 15 مارچ سے 15 اپریل کے دوران رشتے شادی کے اچھے امکانات نظر آ رہے ہیں بندش مریخ کی وجہ سے جن لڑکے لڑکیوں کی شادی تاخیر کا شکار ہو چکی ہے ان کا چاہیے کہ اپنا 'زائچہ شادی' بنوا کر چیک کریں کہ کہیں وہ بندش مریخ یا منگل یوگ سے متاثر تو نہیں ہیں۔ زائچے میں منگل یوگ ہو تو شادی میں بلاوجہ رکاوٹ تاخیر ہوتی ہے۔ شادی 32 سال کی عمر کے بعد ہوتی ہے

پسند کی شادی یا جلد اچھی جگہ شادی کے لئے بطور روحانی امداد 'لوح شادی' بنوا کر پاس رکھیں۔

وہ قوسی افراد جو روزگار رہائش تعلیم یا دیگر معاملات کیلئے بیرون ملک سفر امیگریشن کے خواہاں ہیں۔ ان کیلئے خوش خبری ہے کہ اس سال 15 جولائی سے 15 نومبر کا دورانیہ سازگار ہے۔ اس دوران حصول ویزا امیگریشن میں کامیابی مل سکتی ہے۔ سفر میں کامیابی کے لئے آیت سفر

"وارض اللہ واسعہ"

اور اللہ کی زمین وسیع ہے۔

کا ورد کریں۔ 100 بار اول و آخر 7-7

بار درود شریف ۔ قوسی برج کا نشان مچھلی ہے۔ قوسی افراد خاص طور پر سیر وسیاحت سفر سے دلچسپی رکھتے ہیں۔

اگر آپ کو بار بار سفر میں ناکامی کا سامنا ہے۔ تو 'لوح سفر وسیلہ ظفر' بنوا کر پاس رکھیں۔ یا پاسپورٹ کی فوٹو کاپی یا سفری کاغذات کے ہمراہ رکھیں۔

قوسی افراد سے متعلقہ سیارہ مشتری ہے۔ مشتری مال و دولت خوش قسمتی کے تعلق رکھنے والا سیارہ ہے۔ زائچے میں مشتری مضبوط ہو تو مالی و معاشی معاملات میں بہتر آتی ہے۔

وہ قوسی افراد جو حصول انعام کے لئے پرائز بانڈ خریدتے رہتے ہیں لیکن ان کا کبھی کوئی بھی انعام نہیں نکلا انہیں چاہیے کہ اس سال 2019 میں 15 مارچ سے 15 جولائی کے دوران قسمت آزمائی کریں۔ امید ہے اس دوران حصول انعام کا خواب پورا ہوسکتا ہے۔ (انشاءاللہ)۔

حصول انعام کے لئے بطور روحانی امداد 'لوح انعامی بانڈ' بنوا کر پاس رکھیں اور اللہ تعالی کا نام 'یا منعم' کا ورد 313 بار اول و آخر 7-7 بار درود شریف کرنا معمول بنائیں

قوسی طالب علموں کیلئے اس سال کامیابی کے امکانات 15 اگست سے 15 دسمبر کے دوران خاص طور پر نمایاں ہے۔

تعلیمی سیارہ عطارد زائچے میں نحس ہو تو تعلیمی ناکامی، ضد بازی، بدی و ذلت، ڈپریشن کے اثرات پیدا کرتا ہے۔ وہ قوسی طالب علم جو لمبا / عطارد کے نحس اثرات کی وجہ سے ذہنی اعصابی دماغی مسائل کا شکار ہو چکے ہیں۔ ان کو اس سال اس دورانیے میں شفا مل سکتی ہے۔

تعلیمی ناکامی کو کامیابی میں بدلنے کے لئے 'لوح تعلیمی عطارد' بنوا کر پاس رکھیں۔ قوسی طالب علم تعلیمی میدان میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے کے لئے 'یا علیم یا حکیم' 313 بار کسی نماز کے بعد اول و آخر 7-7 بار درود شریف ورد کرنا معمول بنائیں

قوسی خواتین و حضرات کو اس سال اپنی صحت میں خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ اس سال 15 جون سے 15 اگست کے دوران بد پرہیزی کے باعث فوڈ پوائزنگ یا معدے کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ زیادہ مرچ مصالحہ والی غذائیں بازاری کھانے آپ کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

بیماریوں میں شفاء کے لئے قوسی

افراد سورہ الحمد شریف 21 بار روزانہ اول وآخر 7-7 بار درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے پینا معمول بنائیں۔

وہ قوسی افراد و خواتین جو اپنا ذاتی گھر بنانے کے متمنی ہیں ان کے لئے خوش خبری ہے اس سال 15 جون سے 15 نومبر کے دوران ان کی یہ خواہش پوری ہوسکتی ہے۔

ذاتی جائیداد گھر کے لئے 'یا مالک' کا ورد کسی نماز کے بعد 313 بار اول وآخر 7-7 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں۔ اور بطور روحانی امداد 'لوح سائبان' بنوا کر پاس رکھیں

برج قوس سے متعلقہ سیارہ مشتری ہے۔

قوسی خواتین وحضرات کو وہ نگینہ راس آتا ہے جس کا ذاتی سیارہ مشتری ہو۔ قوسی خواتین وحضرات کے لئے جیسپر موافق نگینہ ہے۔ یہ نگینہ ادارے سے مناسب ہدیے پر حاصل کیا جاسکتا ہے۔

قوسی افراد خیر و برکت کیلئے روزانہ قرآن پاک بمعہ ترجمہ پڑھنا معمول بنائیں۔ روزانہ سورہ یونس کی تلاوت بمعہ ترجمہ کریں (ایک رکوع)۔

برج قوس سے متعلقہ اسماء الحسنیٰ 'یا کبیر یا متعال' روزانہ 313 بار یا 1100 بار اول وآخر 7-7 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں بالعموم نیا سال حوتی افراد کے لئے بہتر کامیابی کا باعث ہے۔

لوح سائبان

(اپنے ذاتی گھر بنانے کیلئے)

واللہ جعل لکم من بیوتکم سکنا

ترجمہ: اللہ نے تمہارے لیے تمہارے گھروں کو جائے سکون بنایا (سورۃ نحل: آیت 08)

اپنا گھر اللہ تعالیٰ کی خاص نعمت ھے

ذاتی گھر ایک سائبان کی طرح ہوتا ہے۔ اس لیے اس لوح مبارکہ کا نام ''لوح سائبان'' رکھا گیا۔ بہت سے لوگ کم وسائل کے باوجود اپنا ذاتی گھر بنانے میں کامیاب ہوجاتے ہیں۔ اور بہت سے لوگ اچھی آمدن کے باوجود بھی ذاتی گھر بنانے میں ناکام رہتے ہیں۔

بعض لوگ نسل در نسل حالات کی وجہ سے کرایہ کے گھروں میں رہنے پر مجبور ہیں۔ اس مہنگائی کے دور میں روزمرہ کے اخراجات پورے کرنا مشکل ہیں۔ ذاتی پلاٹ یا گھر بنانے کا خیال خواب بن کر رہ گیا ہے۔

بفضل تعالیٰ ذاتی گھر کا مسئلہ ہو یا ذاتی دوکان کا معاملہ ہو یہ لوح مبارکہ بیک وقت بھرپور اثرات دیتی ہے۔

بفضل تعالیٰ چند دنوں میں ہی ایسے اسباب اور حالات بنتے ہیں کہ ذاتی گھر کی خواہش کا خواب حقیقت کا روپ دھارنے لگتا ہے۔

ہدیہ لوح دھات پر 5000 روپے

ہدیہ لوح کارڈ پر 3000 روپے

ادارہ کشف روحانی

0300-8083509 , 0333-4502187

برج جدی

سیارہ زحل (Saturn)

22 دسمبر تا 20 جنوری

سمت	جنوب
عنصر	مٹی
عنصری کیفیت	خاکی برج
جنس	مونث
جسم کے حصے سے تعلق	گھٹنوں کی ہڈی اور جوڑ

اسم الٰہی یا فتاح یا رزاق روزانہ 1100 بار اول و آخر 11-11 بار درود شریف ورد معمول بنائیں

سورۃ بقرہ کی تلاوت روزانہ ایک رکوع بمعہ ترجمہ پڑھنا۔ معمول بنائیں

حاکم سیارہ	زحل (Saturn)
متعلقہ حروف	خ ج ک
لکی نمبر	8
ہر ماہ کی لکی تاریخیں	30,28,26,22,18,16,12,10,8,6,4
موافق رنگ	سیاہ
موافق دن	جمعرات، جمعہ
موافق سٹون	گارنٹ
دوست بروج	ثور، جوزا، سنبلہ، میزان
غیر موافق بروج	حمل، عقرب، سرطان، اسد
نیوٹرل بروج	قوس، حوت
موافق دھات	سکہ
بہتر مہینے	جنوری، فروری، اکتوبر
شرف	

صدقات:

بروز ہفتہ یا کسی روز کالے ماش جنے کا سالن اور روٹی دالیں جانوروں کو چارہ۔ کیڑوں کو شکر ڈالیں۔ بطور صدقہ کسی مستحق کو آٹا، گھی، چینی، چاول، دالیں راشن لے کر دیں۔

موافق شعبے:

زمین دار، جائیداد، پراپرٹی، ٹھیکے داری، مذہبی انصاف، قانون دان، کتابیں، مارکیٹنگ، تیل، گیس، پریس، سیاست، زراعت، سرکاری جاب۔

موافق خوراک:

پیاز، لہسن، انڈے، کھچڑی، حلوہ، بریانی، تربوز

برج جدی CAPRICORN

⟨سیارہ زحل SATURN⟩

22 دسمبر تا 20 جنوری

گردشوں کے خاتمے کا سال

بفضل تعالی سال نو 2019 جدی افراد کے لئے سابقہ گردشوں کے خاتمے کا پیغام لیے ہوئے آرہا ہے۔

برج جدی والون کا حاکم سیارہ زحل ہے۔ زحل کو نحس اعظم سیارہ کہا جاتا ہے۔ اگر زائچے میں زحل نحس حالت میں آجائے تو برج جدی والوں پر ڈبل گردش لگ جاتی ہے۔ جدی خواتین و حضرات کے لیے یہ سال 2019 ان سب گردشوں کے خاتمے کے پیغامات لیے ہوئے طلوع ہورہا ہے۔

کاروبار سے منسلک جدی افراد جن کو ان گردشی سیارگان کی وجہ سے گونا گوں نقصانات کا سامنا تھا ان کو بفضل تعالی اس دوران نفع حاصل ہونے کا امکان ہے۔ کاروبار کو بڑھانے کے لئے سرمایہ کے حصول کی خواہش بھی پوری ہوسکتی ہے۔ کئی نئے شراکت دار مل سکتے ہیں۔ کئی پرانے ناراض دوست دوستی کا ہاتھ بڑھائیں گے کاروباری مارکیٹ میں اعتماد بڑھے گا۔ خاص طور پر اپریل سے جون کے دوران کاروباری حالات سازگار رہیں گے

کشادگی رزق کیلئے جدی افراد "یانافع یارزاق " کا ورد کرنا معمول بنائیں۔ کسی نماز کے بعد 313 بار اول و آخر 7-7 بار درود شریف پڑھیں۔

برج جدی کا سیارہ زحل ہے اور سیارہ زحل ہے۔ نحوست 'زحل کی وجہ سے کاروباری نقصان کا شکار جدی افراد بطور روحانی امداد 'لوح مشتری' بنوا کر پاس رکھیں

شادی کی عمر کو پہنچنے والے جدی لڑکے لڑکیاں جن کی شادی میں بلا وجہ تاخیر ہوتی جارہی ہے۔ کوئی رشتہ ٹھہرتا نہیں۔ کہیں شادی کی بات نہیں بنتی۔

ان کو اس سال مئی سے ستمبر کے دوران شادی رشتے کی خوش خبری مل سکتی ہے۔ اس دوران شادی کے سیارے اچھی حالت میں ہوں گے۔ سیارہ مریخ شادی کے معاملات میں نحوست پیدا کرتا ہے۔

سیارہ مریخ نحس اثرات دے رہا ہو تو شادی میں تاخیر ہوتی ہے۔ منگل یوگ والوں کی شادی 32 سال تک لیٹ ہوسکتی ہے۔ منگلیشی اثرات کے خاتمے کے لئے بطور روحانی تدارک 'لوح شادی' بنوا کر پاس رکھیں۔

جدی لڑکے لڑکیاں شادی میں آسانی کے لئے "یالطیف یارحیم" کا ورد کسی نماز کے بعد 313 بار اول وآخر 7-7 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں۔

شادی شدہ جدی افراد و خواتین کیلئے نیا سال ملے جلے اثرات دے رہا ہے۔ اس سال ازدواجی گھریلو الجھنیں بھی پیدا ہو سکتی ہیں۔ اور خوشگوار ازدواجی تعلقات بھی نصیب ہوں گے۔

سال کے شروع میں 15 مارچ سے 15 جون کے دوران محبت اور شادی سے متعلقہ سیاروں کی نحوست کے باعث دلوی افراد کو شریک حیات سے لڑائی جھگڑے نا چاقی عدم اعتمادی کا سامنا ہوسکتا ہے۔ گھریلو جھگڑوں کی وجہ سے معاملات شدت اختیار کر سکتے ہیں۔ بہتر ہے اس دوران بلا وجہ کشیدگی پیدا کرنے سے گریز کریں۔ صلح و امن سے حالات کو بہتر کرنے کی کاوش کریں۔ اگست سے دسمبر کے دوران گھریلو حالات میں بہتری کا امکان ہے۔ شریک حیات اور اولاد سے تعلقات اچھے ہوسکتے ہیں۔

گھریلو ازدواجی سکون کے لئے جدی افراد وخواتین "یاجامع یاودود یارحیم" کا ورد کسی نماز کے بعد اول وآخر 7-7 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں۔

ازدواجی گھریلو سکھ کیلئے 'لوح بندھن (حب وتسخیر)' بنوا کر پاس رکھیں۔

جدی افراد جو پرائز بانڈ خرید کر پاس رکھتے ہیں۔ تاکہ حصول انعام کا چانس نصیب ہو ان کیلئے خوشخبری ہے کہ اس سال آپ کے سیارگان کے مثبت اثرات آپ کے لئے خوش قسمتی کا باعث بن سکتے ہیں۔

خاص طور پر 15 جون سے 15 ستمبر کے دوران حصول انعام میں کامیابی ہوسکتی ہے۔ حصول انعام میں کامیابی کے لئے جدی افراد

'یاواسع یارزاق' کا ورد 313 بار اول و آخر 7-7 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں

بطور روحانی امداد 'لوح انعامی بانڈ' بنوا کر پاس رکھیں۔

وہ جدی افراد و خواتین جو روزگار رہائش یا تعلیم کے لئے بیرون ملک جانے کے خواہش مند ہیں ان کو اس سال 15 اگست سے 15 دسمبر کے دوران کامیابی مل سکتی ہے۔ وہ جدی افراد جن کو حصول ویزا، امیگریشن میں بار بار ناکامی ریفوژل کا سامنا ہے۔

ان کو چاہئے کے بطور روحانی امداد 'لوح سفر' بنوا کر سفری کاغذات / پاسپورٹ کی فوٹو کاپی کے ہمراہ رکھیں۔

سفر میں کامیابی کے لئے

'وارض اللہ واسعہ'

اور اللہ کی زمین وسیع ہے۔

ایک تسبیح 100 بار پڑھنا معمول بنائیں اول و آخر 7-7 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں۔ کسی نماز کے بعد۔

جدی افراد اپنے برج سے متعلقہ نگینہ نیلم پہن سکتے ہیں۔ نیلم کے کچھ سائیڈ افیکٹس ہوتے ہیں۔ جبکہ گارنٹ کے اس طرح سائیڈ افیکٹس نہیں۔ اسکے علاوہ جدی افراد و خواتین سیارہ عقیق بھی بطور موافق نگینہ پہن سکتے ہیں۔

صحت کے لحاظ سے نیا سال 2019 جدی افراد کے لئے درمیانے درجے کا ہے۔ سال کی ابتداء فروری سے اپریل کے دوران قوت مدافعت میں کمی کے باعث جسمانی کمزوری ہوسکتی ہے۔ بلڈ پریشر میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ ذہنی دماغی اعصابی امراض پیدا ہو سکتے ہیں۔ بہتر ہے کہ اس دوران خود کو تعمیری کاموں میں مصروف رکھیں۔ بلا وجہ کی ٹینشن یا ذہنی دباؤ نقصان دہ ہوسکتا ہے۔

صحت و شفا کے لئے جدی افراد 'یاسلام یاشافی' کا ورد کسی نماز کے بعد 100 بار اول و آخر 7-7 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں۔ اگست سے نومبر کا دورانیہ صحت کے لحاظ سے بہتر ہے۔ اس دوران مختلف امراض میں شفا نصیب ہوسکتی ہے۔

بیماریوں سے بچاؤ اور حصول شفا کے لئے 'سورۃ لقمان' روزانہ ایک بار بمعہ ترجمہ پڑھنا معمول بنائیں (یا کم از کم ایک رکوع)

وہ جدی سٹوڈنٹس جن کو پچھلے سال کمزوری سیارگان کے باعث تعلیمی کمزوری و ناکامی کا سامنا رہا ہے۔ ان کیلئے خوشخبری

ہے کہ اس سال میں تعلیمی ناکامی کامیابی میں بدل رہی ہے۔ خاص طور پر 15 جولائی سے 15 اکتوبر کے دوران تعلیم سے متعلقہ سیارگان کے مثبت اثرات کی وجہ سے امتحانات میں اچھے نمبروں اور تعلیمی کامیابی کا حصول ممکن ہو رہا ہے۔

جدی سٹوڈنٹس امتحانی کامیابی کے لئے 'رب زدنی علما' اور یا علیم یا ناصر ورد 100-100 بار کریں اول و آخر 7-7 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں۔

وہ جدی طالب علم جو باوجود کوشش کے تعلیمی معاملات میں ناکام ہو رہے ہوں۔ بطور روحانی امداد 'لوح تعلیمی عطارد' بنوا کر پاس رکھیں۔

جدی افراد عمومی خیر و برکت کے حصول کے لئے قرآن پاک کی تلاوت بمعہ ترجمہ کرنا معمول بنائیں۔ (کم از کم ایک رکوع) حصول ترقی خیر و برکت فتح و نصرت ک لئے اسماء الحسنیٰ 'یا فتاح یا رزاق' کا ورد 313 بار اول و آخر 7-7 بار درود شریف پڑھنا معمول بنائیں۔

لوح حب و تسخیر
مخالفین کو اپنے حق میں کرنے کیلئے

دوسروں کے دل میں محبت و چاہت کے جذبات پیدا کرنے اور انہیں اپنے حق میں کرنے لیے ایک نہایت طاقتور روحانی عمل جس سے بیشمار لوگ مستفید ہو چکے اس لوح مبارکہ کی برکات اور روحانی قوتِ تسخیر کی بدولت مخالفین کی فطرت و رویہ میں مثبت تبدیلی آتی ہے، بغض و عناد، حسد، کینہ اور بلاوجہ کی مخالفت سے تائب ہو کر دوستانہ رویہ اپنانے اور اچھے تعلقات استوار کرنے کی کوشش کرتے ہیں

لوح مبارکہ کے بیشمار روحانی خواص ہیں:

مخالفین و دشمنوں کو دوستانہ رویہ اپنانے پر آمادہ کرے۔
آپ کو افسران بالا و حکام کا پسندیدہ اور خاص بنائے۔
ترقی ملازمت میں حائل رکاوٹوں کو دور کرے
کاروباری تعلقات مضبوط، وسیع اور نفع بخش بنائے
سسرال، رشتہ داروں میں عزت و اعلیٰ وقار عطا کرے
میاں بیوی میں مثالی محبت اور زندگی خوشگوار بنائے
من پسند شادی کے مخالفین کو حمایت کرنے پر مجبور کر دے

نوٹ: یہ لوح مبارکہ صرف جائز مقاصد کے لیے تیار کی جاتی ہے۔ غلط مقاصد کے لیے یہ لوح کام نہیں کرتی۔

دھاتی لوح حب و تسخیر کا ہدیہ 5000 روپے
کارڈ لوح حب و تسخیر کا ہدیہ (3000 روپے)

برج دلو

سیارہ یورانس
(Uranus)

21 جنوری تا 19 فروری

عنصر	ہوا
